نامعلوم امور کے حیرت انگیز راز اور مفید قیمتی معلومات

ماہ جولائی ۲۰۱۸ء

قیمت:- /۶۵ روپے

روحانی دنیا

اسمائے الٰہی

الرافع

صدمات اور تشدد

تثلیث شمس و زحل

چاند اور سورج

ہبوط زہرہ

برنی

روزانہ کواکبی گائیڈ

2018

۳۶۵ دنوں کے
ہر دن کے اثرات،
عملیات کے اہم
مواقعوں سے
فائدہ اٹھائیں

ہر روز کے نظرات معہ ان کے اثرات، مدت اثرات کواکب
ہر سعد و نحس نظر کا دورانیہ، کاروبار، فنانس، قانونی نکات، قمری دنوں کی خصوصیات
سہ روزیاں، قمری عدم الحساب، ہر روز اپنے پروگرام ترتیب دیں

اس تقویمی گائیڈ کی انفرادی خصوصیت یہ ہے کہ ڈائری کی طرح ہر صفحہ پر ۵ دن دیئے گئے ہیں تاکہ اس میں ہر خاص و عام بات لکھی جا سکے، پہلے سے اپنے پروگرام ترتیب دیں، کس دن کون سی خریداری کرنی ہو، شادی کب کریں، ملازمت کی درخواست کس دن یا نظر میں دینی ہے۔ پراپرٹی یا مکان کب خریدا یا بیچا جائے۔ لین دین، گفت وشنید، تحریری کام، پیشہ وارانہ کاروبار اور دیگر معاملات کب طے کئے جانے چاہئے، سفر کا دن کون سا بہتر ہے۔ ہر تاریخ میں اس دن کے نظرات، قمری دور، برج میں قمر کا داخلہ معہ وقت، برج میں کواکب کا داخلہ معہ وقت، ہجری و عیسوی تاریخیں، رجعت و استقامت، قمری خلل السیار شامل ہیں۔

قیمت کتاب:- /۲۰۰+ڈاک خرچ+منی آڈر فیس=۵۰+۷۵=-/۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

E-mail: ruhanidunya@hotmail.com
Phone: 021-34949944

اوراق پبلشرز پی آئی بی کالونی کراچی نمبر ۷۴۸۰۰

اپنے قریبی بک اسٹور سے حاصل کریں

آپنا آڈر آج ہی ارسال کریں

شمارہ ھذا کے جملہ مضامین کے حقوق اشاعت محفوظ ھیں

علوم روحانی دینی دنیوی اور کائناتی معلومات کا خزانہ

جاری شدہ ۱۹۳۲ء

بیادگار حضرت کاش البرنیؒ

ماہنامہ روحانی دنیا

مینجنگ ایڈیٹر: حارث عثمانی البرنی

نائب مدیرہ: شازلی سعید مغل

بدل اشتراک

فی پرچہ:- / ۶۵ روپے سالانہ چندہ:- / ۸۰۰ بذریعہ رجسٹری:- / ۹۵۰ روپے
میل بذریعہ PDF سالانہ چندہ:- / ۱۴۰۰ روپے
غیر ممالک ایئر میل: ابوظہبی، دوبئی، بحرین، مسقط، ایران، کویت:- / ۳۲۰۰ روپے
افریقہ، برطانیہ، نیویارک (امریکہ) :- / ۴۲۰۰ روپے

جلد نمبر ۸۶

شمارہ نمبر ۳

ماہ ماہ جولائی ۲۰۱۸ء

فون پر رابطہ کریں صبح ۱۱ بجے سے شام ۳ بجے تک

رابطہ دفتر

فون نمبر: 021-34949944
0333-7202964

ای میل: ruhanidunya@hotmail.com
ruhanidunya@yahoo.com
Web site: www.ruhanidunya.com

- منیجر سرکولیشن سہیل احمد
- کمپوزنگ اصغر نظامی

اس شمارے میں

۱	محبت الٰہی	۳
۲	حضرت شیخ حیات بن قیس حرانیؒ	۵
۳	مخزن الادویہ	۷
۴	سورہ اوران کے خواص	۸
۵	ہبوط زہرہ	۹
۶	چاند وسورج گرہن	۱۰
۷	قمر اور احساسات	۱۲
۸	صدمات اور تشدد	۱۴
۹	تثلیث شمس وزحل	۱۶
۱۰	شمس در اسد	۱۷
۱۱	اسمائے الٰہی الرافع	۱۸
۱۲	کلینڈر ماہ جولائی	۱۹
۱۳	کیا آپ کا برج سرطان ہے؟	۲۰
۱۴	ماہ جولائی کیسا گذرے گا؟	۲۳
۱۵	ماہ جولائی کے ستارے	۳۴
۱۶	نظرات کواکب بمعہ عملی ہدایات	۳۵
۱۷	تمنا	۳۹

خط وکتابت وترسیل زر کا پتہ: منیجر رسالہ روحانی دنیا، ابراہیم مارکیٹ، پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

RUHANI DUNYA ESSENTIAL OIL

نام اردو	English	ML	RATE
کالی تلسی	BASIL OIL	30	650.00
ترنج	BERGAMOT OIL	30	600.00
لوبان	BENZION OIL	30	800.00
سیاہ زیرہ	CARAWAY OIL	30	550.00
الائچی	CARDOMOM OIL	30	600.00
دیار دیودار	CEDARWOOD OIL	30	500.00
کافور	CHAMPHOR OIL	30	650.00
ساج	CLARY SAGE OIL	30	1600.00
دارچینی	CINNAMON OIL	30	700.00
لونگ	CLOVE OIL	30	400.00
یوکلپٹس	EUCALYPTUS OIL	30	400.00
بارزدٔ بریجا	GALBANUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM OIL	30	1500.00
گل شمدانی	GERANIUM (Natural) (T/L)	30	3000.00
لیونڈر	LAVENDER OIL	30	450.00
لیمون	LEMON OIL	30	450.00
اذخر	LEMON GRASS OIL	30	400.00
عرق لیموں	LIME OIL	30	460.00
مشک	MUSK OIL	30	800.00
نارنگی شریں	ORANGE SWEET OIL	30	350.00
ارنڈی کی قسم	PALMA ROSA OIL	30	800.00
نعناع ہندی	PATCHOULY OIL	30	980.00
نعناع ہندی قدرتی	PATCHOULY OIL(Natural)	30	1880.00
نارنگی تلخ	PETIT GRAIN OIL	30	850.00
فل فل پودینا	PEPPERMINT MenthalOIL	30	450.00
فل فل پودینا سادہ	PEPPERMINT OIL	30	350.00
صنوبر	PINE OIL	30	400.00
روزمیری	ROSEMARY OIL	30	580.00
چوب صندل	SANDAL WOOD OIL	30	12500.00
ساسافارس	SASA FARAS OIL	30	960.00
خس خس	VETIVERT OIL	30	1800.00
یلینگ یلینگ	YLANG YLANG	30	2280.00
گٹھیا اور جوڑوں کے درد کے لئے	**Arthritis & Joints Pain Oil**	125	600.00
اعضاء اور نسوں کے کھچاؤ کے لئے	**Muscular Pain Relief Oil**	125	800.00

روحانی دنیا
ماہ جولائی ۲۰۱۸ء

محبت الٰہی



اس کے بعد گیارہ منزلیں عشق کی ہیں۔اسم اللہ ملفوظی حروف (ا ا ف ل ا م ل ش م ہ ا) گیارہ ہیں۔اس لیے اس کے بعد کوئی مقام نہیں۔اگر کوئی کسی پر عاشق ہوتا ہے۔تو اس کا کیا حال ہوتا ہے۔یہی کہ سوائے معشوق کے اور سب کو بھول جاتا ہے۔ہر وقت اس کے خیال اور تصور میں رہتا ہے۔بس یہی حال عاشقان الٰہی کا ہوتا ہے۔اور وہ تمام دنیاوی باتوں سے قطع نظر کر کے اپنے دل کو اس کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔مشتاقان الٰہی کے دل نورالٰہی کے ساتھ منور ہوا کرتے ہیں۔جب ان کا شوق حرکت کرتا ہے۔تو آسمان اور زمین کی تمام چیزوں کو روشن بنا دیتا ہے۔اس وقت خدا تعالیٰ اپنے فرشتوں پر پیش کر کے فرماتا ہے کہ یہ لوگ میرے مشتاق ہیں میں تمہیں گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں بھی ان کا مشتاق ہوں۔

ابوبکر کتانی فرماتے ہیں کہ مکہ میں ایک مرتبہ حسن اتفاق سے چند مشائخ کبار جمع تھے جن کے سید الطائف حضرت جنید بغدادیؒ تھے۔اس متبرک محفل میں محبت کا ذکر چھڑ گیا۔تمام مشائخ نے محبت کے مسئلہ پر اپنے اپنے نقطہ نظر کا اظہار کیا۔پھر حضرت جنیدؒ کی طرف مخاطب ہو کر بولے۔اس عراقی! مسئلہ محبت میں تمہاری کیا رائے ہے۔تیرے پاس جو سرمایہ معلومات ہے اس کو پیش کر۔آپ اس وقت نوعمر تھے آپ نے فرمایا محبِ الٰہی وہ ہے جو اپنے نفس سے غافل ہو کر اپنے پروردگار کے ذکر میں ہمیشہ مشغول رہے اور اس کے حقوق کی ادائیگی میں قائم اور محور ہے۔دل کر آنکھوں سے اس کی طرف نظر رکھے۔آتشِ جلال ذاتی سے اس دل کو بھون ڈالے۔اس وقت حالت ایسی ہوتی ہے کہ وہ بات کرتا ہے تو خدا کے نام کے ساتھ۔اگر گویا ہوا تو اس کی گویائی کے ساتھ۔اگر حرکت کرتا ہے تو خدا کے حکم سے۔سکون کرتا ہے تو خدا کے حکم سے۔غرضیکہ وہ ہر وقت خدا ہی کے ساتھ رہتا ہے۔یہ سن کر تمام مشائخ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔

حضرت سری سقطیؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات جناب الٰہی کو خواب میں دیکھا فرمایا۔اس سری سقطی! جب میں نے مخلوق کو پیدا کیا۔تو انھوں نے میری محبت کا دعویٰ کیا۔مگر جب میں نے دنیا کو پیدا کیا اور مخلوق کو ایجاد کا لباس پہنایا۔تو دس ہزار آدمیوں میں سے نو ہزار آدمی عیش و آرام میں پڑ کر مجھ سے پھر گئے۔

صرف ایک ہزار باقی رہے۔پھر جب میں نے ان پر مصیبت ڈالی۔سخت سے سخت بلاوں میں مبتلا کیا۔تو ان میں سے نو سو نوے آدمی بلاؤں میں مبتلا ہو کر مجھے بھول گئے اور صرف دس رہ گئے۔میں نے ان سے کہا لوگو! نہ تو تم نے دنیا کو چاہا۔نہ جنت کی رغبت کی۔نہ بلاؤں سے گھبرائے۔تم ہر طرح سے میری محبت مین قائم رہے۔اس پر محبانِ الٰہی نے کہا۔خداوندا! کیا آپ ان تمام چیزوں کے خالق و فائل نہیں۔کیا آپ نے ہمارے ساتھ ایسا نہیں کیا؟ مین نے کہا' ہاں! جو کام ہوتا ہے وہ میری ہی مشیت سے ہوتا ہے۔اور سب کاموں کا کرنے والا میں ہی ہوں۔اس پر انھوں نے کہا کہ ہم تو تیری رفتار پر راضی ہوئے۔تو اس پر میں نے کہا۔واقعی تم میرے سچے اور خالص بندے ہو۔

دعا ہے کہ تمام مسلمان نفس و شیطان کے پنجہ سے رہائی پا کر اخلاق و روحانیت کی بلندیوں اور محبت الٰہی کا مقام رفیع تک پہنچ جائیں اور اپنے رسول کے دین کا سر بلند کریں۔

لـــوح زحـــل

استحکام وجمعیت کی روحانیت

تسخیر سلطنت وفتوحات، ناموری، حکمت اور قیام واستحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

زحل اس سال جنوری میں اوج پر داخل ہوا تھا۔ پھر ماہ مارچ سے اگست تک رجعت میں رہے گا۔ ماہ اکتوبر میں آخری بار درجہ اوج پر آئے گا۔ اس سے متعلقہ مضامین آئندہ ماہ دیئے جائیں گے۔

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب وآلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اُس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط برخلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ برمخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اُٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اُس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے چاندی کی لوح اور خاص اوقات میں اس لوح کے نقوش اس پر اُتارنے ہوں گے پھر اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

جو لوگ دفتر سے لینا چاہیں تو لوح کا ہدیہ علاوہ محصول ڈاک کے ارسال کر دیں۔ ہدیہ نام مع والدہ لکھیں۔

اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

اپنا نام معہ والدہ کا نام 0333-7202964 پر میسیج کریں۔ اور رقم منی آڈر حارث عثمانی البرنی کے نام کا ارسال کریں

حضرت شیخ حیات بن قیس حرانیؒ

شیخ ابوالعلی غانم بن یعلی تکریتی تاجر کہتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے یمن سے کشتی کا سفر کیا- جب ہم بحرالہند کے وسط میں پہنچے تو طوفانی ہوا چلی اور سمندر میں بڑی موج پیدا ہوگئی اور ہم بھول گئے۔ ہوا ہم پر غالب ہوئی اور موجوں نے ہم کو ہر طرف سے پکڑ لیا- ہماری کشتی ٹوٹ گئی اور میں ایک تختہ پر پڑا رہا- طوفانی موجوں نے مجھ کو ایک جزیرہ میں ڈال دیا- میں اس میں پھرنے لگا تو میں نے وہاں کسی کو نہ دیکھا- بڑا گھنا جنگل تھا- اس میں بہت سی مفید چیزیں تھیں- اتفاقاً وہاں ایک مسجد دیکھی- میں اس میں داخل ہوا- دیکھا تو اس میں چار شخص بیٹھے ہوئے تھے- میں نے انہیں سلام کیا- انہوں نے سلام کا جواب دیا اور میرا حال پوچھا میں نے اپنا حال ان سے بیان کیا اور ان کے پاس باقی دن بیٹھا رہا اور ان کے حسن توجہ اور کمال طور پر اللہ کی جناب میں مقبول ہونے سے بڑا امر مشاہدہ کیا- جب رات ہوئی ایک شخص نورانی چہرہ پروقار تشریف لائے- وہ سب آگے ہوکر ان بزرگ شخص کے استقبال کے لئے باادب کھڑے ہوکر ان بزرگ کو سلام کیا- وہ بزرگ شیخ آگے بڑھے اور عشاء کی نماز پڑھائی- طلوع فجر تک نماز میں کھڑے رہے اور پھر اس کے بعد شیخ مناجات کرنے لگے-

''خداوندا'' میں تیرے سوا کوئی جائے طمع نہیں پاتا اور نہ تیرے غیر کی طرف جائے فائدہ- سو میں تیرے دروازہ پر بیٹھا ہوں تیرے پردہ کو دیکھتا ہوں کہ میری سختی کو دور کرنے کے لئے کب کھلے گا- پھر میں مجالس قرب تک پہنچوں گا- بے شک میں نے اپنے نفس کی سختی کے دور ہونے کے وقت تجھ سے خوشی اور تیرے ذکر سے اس کی خوبصورتی کا پورا وعدہ دیا ہے- میرے لئے اس میں ایک سوراخ خوشیوں کا ہے- جس کی طرف میرے شوقوں کے عشق راحت پاتے ہیں- تیرے ساتھ میرے وہ حالات ہیں کہ جن کو عنقریب ملاقات ظاہر کردے گی- اے توبہ کرنے والوں کے دوست' اے عارفین کے سرور' اے عابدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک' اے منفردین کے انیس' اے پناہ مانگنے والوں کے جائے پناہ' اے الگ رہنے والوں کے مددگار' وہ ذات جس سے صدیقوں کے دل شوق کرتے ہیں- اے وہ ذات جس سے محبوں کے دل انس پاتے ہیں- اس پر ڈرنے والوں کی ہمت جھکی ہوئی ہے اور عاجزین کی ہمت اسی کی طرف جھکتی ہیں-

اس کے بعد سخت روئے' میں نے دیکھا کہ انوار الٰہی ظاہر ہونے لگی کہ ان کو انہوں نے ڈھانک لیا- وہ مکان روشن ہوگیا- جیسے کہ چودھویں رات کے چاند کی روشنی ہوتی ہے- پھر شیخ مسجد سے نکلے اور یہ اشعار پڑھتے تھے

سیر المحب الیٰ المحبوب اعجال
والقلب فیه من الاهوال بلبال

عاشق کی محبوب کی طرف سیر جاری ہوتی ہے اور دل اس کے خوفوں سے غم زدہ ہے-

اطوی المهامه من قفر علی
قدمالیك یدفعنی سهل و اجبال

میں جنگل لپیٹتا ہوں- ایک میدان سے دوسرے میدان تک ہر ایک قدم پر تیری طرف مجھے نرم زمین اور پہاڑ لوٹاتے ہیں-

میں نے اس جماعت والوں سے شیخ کے بارے میں پوچھا- انہوں نے کہا یہ شیخ حیات بن قیس ہیں اور تم شیخ کے پیچھے چلے جاؤ- میں شیخ کے پیچھے چلا- دیکھا تو زمین' جنگل اور سمندر نرم نرم زمین اور پہاڑ ہمارے قدموں کے نیچے لپٹے جاتے تھے اور جوں جوں شیخ رکھتے تھے تو میں سنتا تھا کہ کہتے تھے- یارب حیات کن الحیات یعنی اے حیات کے رب تو حیات کا ہوجا-

ہم تھوڑے ہی عرصہ میں ''حران'' میں پہنچ گئے- ہم نے دیکھا کہ لوگ صبح کی نماز پڑھ رہے ہیں-

حضرت شیخ حیات بن قیسؒ حران (شام) نام کے قصبہ کے رہنے والے تھے- آپ عظیم المرتبت عارفین اور محققین شیوخ میں سے تھے- آپ سے بے شمار خارق عادات کرامتیں ظاہر ہوتی تھیں- آپ کے احوال قابل فخر اور مقامات بہت اعلیٰ و ارفع تھے- ابتدائی ہی سے مراتب عالیاء کے مالک تھے- صاحب کشف تھے اور بلند مرتبہ رکھتے تھے- معرفت حق اور قرب الٰہی حاصل تھا- ہمیشہ استقامت حاصل رہی- آپ ان بزرگ ہستیوں میں سے تھے- جن کو اللہ تعالیٰ نے موجودات میں تصرف کا حق عطا کر کے اس کی جانب سرداروں کے قلوب پھیر کر خارق عادات کرامتوں کا ظہور کرتا ہے- ان کی زبان لسان غیب بن جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ انہیں مخلوق کے لئے حجت بنا دیتا ہے اور اہل طریقت اقتداء اور اجتہاد میں ثابت قدم رہتے ہیں- انہیں تصرفات میں ید طولیٰ اور حکمت میں ید بیضا حاصل ہوجاتا ہے اور وہ صاحب تواضع اور صاحب کرم ہوجاتے ہیں- طبقہ علماء وائمہ میں آپ کی نرالی شان تھی- آپ ان چار برگزیدہ ہستیوں میں سے ایک تھے- جن کو اللہ تعالیٰ دنیا کی طرح- عالم آخرت پر بھی تصرف عطا فرما دیتا ہے- زہد کے اعتبار سے آپ کی باطنی حکومت انتہا کو پہنچی تھی- تربیت مریدین میں بھی آپ بے حد سعی فرماتے تھے- اکابر علماء وصلحاء نے آپ کے سامنے زانوئے علم تہ کیا ہے- مشائخ وعلماء آپ کی بزرگی کا اعتراف کرتے اور آپ کے سامنے زانوئے ادب تہ کرتے تھے- اہل زمانہ آپ کے قول کو ترجیح دیتے تھے- تمام عوام وخواص آپ کی فضیلت کے معترف تھے اور آپ کا احترام کرتے تھے- اہل حران اور قریب وجوار کے لوگ آپ کے چشمہ علم معرفت سے سیراب ہوتے اور اپنی مشکلات میں آپ سے اعانت کرتے-

شیخ عبداللطیف ابی الفرح کا بیان ہے کہ حران میں ایک مسجد تعمیر ہوئی اور جب حضرت شیخ حیاتؒ کی موجودگی میں محراب قائم کرنے کا قصد کیا گیا تو حضرت شیخ حیاتؒ سے مہندس نے عرض کیا کہ قبلہ فلاں سمت ہے لیکن آپ نے فرمایا کہ نہیں- بلکہ فلاں سمت ہے اور تم اپنے قلب کی آنکھوں سے دیکھو- چنانچہ جب مہندس نے نظر ڈالی تو بیت اللہ اس طرح

اس کے سامنے تھا کہ درمیان سے تمام حجابات اٹھ گئے تھے- یہ دیکھ کر وہ بے ہوش ہو کر گر پڑا- شیخ نجیب الدین بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت شیخ حیاتؒ اور آپ کی جماعت نے ایسی منزل پر پڑاؤ ڈالا کہ جہاں ببول کے درخت تھے- اس وقت خادم نے عرض کیا کہ اس وقت میری طبیعت کھجور کھانے کو چاہتی ہے- حضرت شیخ حیاتؒ نے فرمایا کہ درخت کو ہلا دو- جس پر انہوں نے عرض کیا کہ یہ تو ببول کا درخت ہے- آپ نے پھر ہلانے کا حکم دیا اور جب انہوں نے ہلایا تو اس میں سے تازہ کھجوریں گرنے لگیں اور سب نے شکم سیر ہو کر کھائیں-

حضرت ابوالقاسم محمد بن عبادت انصاری جیلی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت شیخ عارف ابوالحسن علی قریشیؒ سے سنا وہ آپ کا ذکر کرتے تھے- کہ اس شان کی ریاست، علم، عمل، زہد، حال جلالت میں ان کی منتہی ہوئی- حران اور اس کے آس پاس میں مریدین محققین کی تربیت میں آپ کے سبب امر سرسبز ہوا- آپ کی صحبت میں بہت اہل مقامات نے تخریج کی- آپ کے فضل آپ کے مرتبہ و حفظ حرمت کا خاص و عام نے اقرار کیا ہے- اہل حران آپ سے پانی کی درخواست کیا کرتے تھے- تو ان پر پانی برسا کرتا تھا- مشکلات میں آپ کی طرف پناہ لیتے تھے- تو ان کی مشکلات حل ہو جاتی تھیں- آپ کے آثار و کرامات شمار سے زائد ہیں- اہل حقائق کی زباں پر آپ کا بلند کلام تھا- آپ فرماتے ہیں-

''اے برادر من'' زہد کی حلاوت امید کے کم کرنے اور لوگوں کی صحبت اسباب طمع کو قطع کرنے سے کھینچ- رقت قلب کے لئے اہل ذکر کے جلسہ کے درپے ہو- نور قلب کو دائمی خوف سے کھینچ- خوف کے دروازہ کو طول فکر سے کھول- تمام احوال میں صدق کو اللہ کے لئے زینت دے- اس کی طرف جلد قدم چلانے سے دوستی پیدا کر- (یعنی عنقریب یہ کروں گا- کہنے سے بچتا رہو کیونکہ وہ مردے کو غرق کر دیتا ہے- غفلت سے ڈرتے رہو- کیونکہ وہ دل کو سیاہ کر دیتی ہے- سستی سے جس میں کوئی عذر نہ ہو بچتا رہو کیونکہ وہ ندامت والوں کی جائے پناہ ہے- پس پچھلے گناہوں سے سخت ندامت و کثرت استغفار کے ساتھ رجوع کر- اور اللہ عزوجل کی معافی کے لئے اچھی مراجعت کے ساتھ تعرض کر- آپ کے صاحبزادے شیخ اصیل ابا حفص عمر الحرانیؒ فرماتے ہیں کہ شیخ زغیب رجبیؒ رجبہ سے حران تک میرے والد کی زیارت کو آئے- پھر ان کو صبح کی نماز کے بعد اپنے گھر کے دروازہ پر بیٹھا ہوا پایا- ان کے سامنے ایک بکری تھی- ان پر سلام کیا- اور ان کے سامنے دوسری جانب میں جس میں دس گز سے زائد فاصلہ تھا بیٹھ گئے- لیکن میرے والد نے ان سے کلام نہ کیا- شیخ زغیب نے اپنے دل میں کہا کہ میں رجبہ سے آپ کے پاس آیا اور آپ اپنی بکری کی طرف مشغول ہیں اس کو دیکھ رہے ہیں اور میری طرف التفات نہیں کرتے- پھر شیخؒ نے ان کی طرف دیکھا اور کہا اے زغیب مجھ کو حکم ہوا ہے کہ میں تجھ کو بوجہ اس کے کہ تم نے ہم پر اعتراض کیا ہے کچھ انتقام لوں- پس اب تم اختیار کرو کہ وہ عذاب تمہارے ظاہر پر ہو یا باطن پر- انہوں نے کہا اے میرے سردار بلکہ میرے ظاہر پر ہو پھر میرے والد نے انگلی کو تھوڑا بڑھایا تو شیخ زغیب کی آنکھ ان کے رخسار پر بہ آئی- پھر وہ کھڑے ہو گئے زمین کو بوسہ دیا اور رجبہ کی طرف لوٹ گئے-

راوی کہتا ہے کہ پھر میں ان سے کئی سال کے بعد مکہ معظمہ میں ملا کہ ان کی دونوں آنکھیں درست نہیں- میں نے ان سے پوچھا تو کہا کہ میں اپنے شہر میں مجلس سماع میں تھا- اس میں ایک شخص تھا جو کہ تمہارے والد کے مریدوں میں تھا- اس نے اپنا ہاتھ میری آنکھوں پر رکھا تو وہ تندرست ہو گئیں- جیسا کہ تم دیکھتے ہو- شیخ زغیب نے کہا کہ جب تمہارے والد صاحبؒ نے اپنی انگلی سے میری طرف اشارہ کیا اور میری آنکھ میرے رخسار پر آئی تو میرے دل میں ایسی آنکھ کھل گئی کہ جس سے میں اسرار اور قدر کو دیکھا جو کہ آیات الٰہی کے عجائبات تھے-

شیخ عالم مقری ابوالفرج عبدالوہاب بن عبدالعزیز موصلیؒ حضرت شیخ حیات بن قلیسؒ کی زیارت کے لئے آئے- پھر شیخ سے کہا کہ اے میرے سردار میں موصل کے جنگل میں تھا کہ بارش نے مجھ کو خراب قبہ کی طرف جانے پر مجبور کیا- میں نے دیکھا کہ اس قبہ کے سامنے ایک بالوں کا گھر بنا ہوا ہے- میں اس میں گیا تو دیکھا کہ ایک شیخ کردی ہیں اور ایک بڑھیا ہے- اس نے مجھ سے کہا کہ مرحبا اے ابوالفرج میں نے کہا کہ آپ نے مجھے کیسے پہچان لیا- انہوں نے کہا کہ ان ارواحوں سے جب کہ ہم کو تقدیر نے مجلس اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ میں جمع کیا تھا- پھر مجھ میں اور بڑھیا میں پردہ کر دیا- مجھ کو بیٹھنے کا حکم دیا- تب میں ان کے پاس اس رات رہا- میں نے دیکھا کہ یہ نہ سوئے نہ کھایا- نہ وضو کیا بلکہ نماز کے لئے کھڑے رہے- جب میرے دل میں کوئی خطرہ آتا تو چلا کر کہتے اے ابوالفرج اس خطرے کو چھوڑ اور ذکر میں مشغول ہو اور میرے دل میں جو خطرہ ہوتا اس کی تصریح کر دیتے- اس بات میں میرے خطرہ سے بڑھ جاتے- میں نے ان کے دل کی صفائی ایسی دیکھی کہ جس نے مجھے حیران کر دیا- ان کے ساتھ میں نے مغرب اور عشاء کی نماز پڑھی اور جب صبح ہوئی- تو میں نے کہا کہ اے میرے سردار آپ نماز پڑھائیں- پھر وہ آگے بڑے تو میں نے کہا اے میرے سردار کاش آپ سورہ فاتحہ کو اچھی طرح سیکھ لیتے- تو مجھ سے کہا اے ابوالفرج میں نہیں جانتا تم کیا کہتے ہو- مگر اتنی بات ہے کہ مجھ کو میرا رب عزوجل ہر رات صبح کے وقت یہ کہتا ہے اے میرے خلیل تو میرا ہو میں تیرا ہوں گا- مجھ سے علیحدہ نہ ہو- میں تجھ کو چھوڑ دوں گا- وہ کہتا ہے کہ پھر میں خوب رویا ان کو وداع کیا اور لوٹ آیا پھر میں کئی دفعہ اس مکان کی طرف گیا تو نہ وہاں کوئی گھر دیکھا- یہ سن کر حضرت شیخ حیاتؒ نے کہا کہ چھلکوں کی قیمت ان کے اصل (مغز) لوگوں کی قدر و قیمت عقل سے اور مکان کی قدر و قیمت مکین سے ہوتی ہے غلاموں کی عزت ان کے مالکوں سے ہے- دوستوں کی عزت دوستوں کے سبب سے ہے اور اس امر کا تمکین یہ ہے کہ اس کا نور معرفت اس کے نور اتقا کو نہ بجھائے- علم باطن میں ایسا کلام نہ کرے کہ جس کو علم ظاہر توڑ دے اور کرامات اس کو اس امر پر برانگیختہ نہ کریں کہ اللہ تعالیٰ کے محارم کے پردوں کی ہتک نہ ہو-

حقیقت وفا یہ ہے کہ غفلت کی نیند سے باطن کو افاقہ ہو- جمیع کائنات سے ہمتوں کو فراغت ہو- جو شخص تواضع کا ارادہ کرتا ہے تو اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی عظمت کی طرف متوجہ کرے کیونکہ وہ گل جائے گا اور صاف ہو جائے گا-

جو شخص اللہ تعالیٰ کے غلبہ کی طرف نگاہ کرتا ہے اس کا غلبہ نفس جاتا رہتا ہے- کیونکہ تمام نفوس اس کی ہیبت کے نزدیک فقیر ہوتے ہیں اور جو شخص اس بات کو درست رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے خوف کو دل میں دیکھے- صدیقین کے نشانات کو دیکھے تو وہ حلال کے سوا اور کچھ نہ کھائے- سوائے سنت یا ضرورت کے کام اور کوئی کام نہ کرے-

جو شخص مشاہدہ ملکوت سے محروم ہوتا ہے- وصول سے حجاب میں ہوتا ہے- وہ دو ہی وجہ سے ہوتا ہے- بڑا کہلانے سے اور مخلوق کے ایذا دینے سے پس جو شخص سنت و فرض پر عمل کرتا ہے اس کا کام پورا ہو جاتا ہے- جو شخص دنیا میں بے تکلف زاہد بنتا ہے- اس نے اس کی قدر کی- اپنے قلب و نفس میں خبر دی ہے- سو چاہئے کہ اللہ تعالیٰ سے اس امر کا حیا کرے کہ اس کے غیر کو ایسی چیز کے ساتھ بدلے کہ جس کی اس کے نزدیک قدر نہیں بلا کے نزول کے وقت صبر کی حقیقت ظاہر ہوتی ہے- اس سے بچنا کہ زہد کو اپنا پیشہ بنائے- لیکن اس کو اپنی عادت بنا-

محبت دل کے تعلق کا نام ہے جو کہ ہیبت اور انس کے درمیان ہوتا ہے وہ (گروہ) صوفیہ کا نشان طریقت کا عنوان نسبت کی جائے نشست' محبوب کی زیارت کا تعلق مطلوب کے ملاقات کی شیفتگی ہے- اس طرح کہ عقل کا جلی کا غلبہ سماع کے لئے ہو- طاقت کی حالت ہو- موت کی لذت ہو- پھر وہ کبھی رحم نہیں کرتا اور مدت کو قبول نہیں کرتا-

پس اس وقت قلب پر الٰہی ظہور ہوگا- اس طرح کہ حال کا غلبہ اس کے علم پر ہو- وجد کا غلبہ اس کی طاقت پر' مشاہدہ کا غلبہ اس کی روح پر اتصال کا غلبہ اس کے لطف و بخشش پر' نور دل کا غلبہ نور عنایت پر' شوق ظاہری کا غلبہ شوق خبر پر ہو-

فرماتے ہیں جب آتش محبت فروزاں ہوتی ہے- تو جماعتوں کو بھی خاکستر کر دیتی ہے- سن وسال کو زندہ کرتی اور اشرار کو فنا کر کے اسرار کو باقی رکھتی ہے- پھر آپ نے شعر پڑھے-

اِذَا الرِّیا خ مِعَ العشَآءَ تنا رخَتَ
مِنهُنَ حاسِدۃ وَهجن غُیُوراً

جب رات میں تیز و تند ہوائیں چلیں تو حاسدوں کو توبہ کرا دی اور غیرت مند کو برانگیختہ کر دیا-

وَامن ذالو جو دوجد دائمٍ
وَاَقمنَ ذاوَ کشفن' عنك ومستورا

اس کو وجود اور وجد دائم عطا کیا- اس کو اٹھایا اور اس کا پردہ کھولا-

آپ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ' حضرت شیخ احمد کبیر رفاعیؒ حضرت شیخ عدی بن مسافرؒ' شیخ علی الھیتیؒ' شیخ عقیل منجیؒ کے ہم عصر تھے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوتے رہتے تھے-

مخزن الادویہ

جائفل اور جوتری

جائفل اور جوتری قریباً سب بازاروں میں ملتی ہیں- وہ خوشبودار' محرک اور دافع ریاح ہوتے ہیں- لونگ اور دارچینی سے بہت کچھ مشابہ ہیں- اسی وجہ سے ان کا بدل ہو سکتے ہیں- جب جائفل کثیر مقدار میں کھلایا جاتا ہے تو اس کا اثر خواب آور زہروں کا سا ہوتا ہے- لہذا اس کے استعمال میں قدرے احتیاط درکار ہے-

دیسی جائفل قرابادینی جائفل سے زیادہ بڑا ہوتا ہے- مگر خوشبودار ذائقہ اس کے برابر نہیں ہوتا- لہذا اندرونی استعمال کے لئے ایسے عمدہ نہیں کہا جاتا- اگر اس کو کوٹ کر جوش دیا جائے تو اس میں بہت سا زرد رنگ کا ثقیل روغن نکلتا ہے- جس کو اگر کسی لطیف روغن کیساتھ پگھلایا جائے تو پھیلے اور خراب زخموں کے لئے نہایت عمدہ مرہم بن جاتا ہے یہ درد دفع کرتا اور زخموں کی سطح صاف کر کے ان کو تندرست حالت پر لاتا ہے- مزمن وجع مفاصل میں اس کو مالش کے طور پر آزمانہ چاہئے-

مدار یا آگھ کا درخت

پاکستان میں آگھ کا درخت عام ہے اور دو قسم کا ہوتا ہے- اس وجہ سے یہ شبہ پیدا ہوتا ہے کہ حقیقی مدار کونسا ہے- جس نے مرض جذام کی شفا دہی میں چند سال سے بڑی شہرت پائی ہے- چونکہ دونوں قسمیں طبی فائدہ کے لحاظ سے یکساں ہیں- لہذا ان کو بلا امتیاز استعمال کرنا چاہئے- اس درخت کی جڑ کا فقط پوست دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے- لہذا جو ہدایات ذیل میں اس کے جمع کرنے اور تیار کرنے کے بارے میں دی گئی ہیں- ان پر ہوشیاری کے ساتھ غور کرنا ضروری ہے- کیونکہ اس بارے میں لاپرواہی کرنے سے بعض موقعوں پر اسکے استعمال کرنے سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوا- جڑوں کو اپریل اور مئی کے مہینوں میں جمع کرنا چاہئے- خصوصاً ریتلے مقامات سے اور ان کو دھو کر ریت وغیرہ سے بالکل صاف کر دینا چاہئے- ان کو کھلی ہوا میں سوکھانا چاہئے- لیکن دھوپ میں رکھنا مناسب نہیں ہے- یہاں تک کہ ان کے اندر کا دودھ اس قدر خشک ہو جائے کہ وہ ان کے تراشنے پر بالکل خارج نہ ہو- پھر اس وقت پوست کو احتیاط سے اتار کر خشک کر کے سفوف کرنا چاہئے اور بوتل میں بھر کر ڈاٹ لگا کر رکھ چھوڑنا چاہئے- اگر کچھ عرصہ تک قلیل مقدار میں آدھا گرام سے ایک گرام تک کھایا جائے تو اس کا اثر مصفی خون اور مقوی ہوتا ہے- لیکن جب بڑے آدمیوں کو زیادہ مقدار میں ۱۸ سے لیکر ۳۰ گرام تک کھلایا جاتا ہے تو وہ سختی مقئی اثر پیدا کرتا ہے اور اس صفت کے باعث اس کو پاکستان میں اپیکا کوانا کو معقول بدل سمجھتے ہیں-

مرض جذام' جسمانی آتشک' پیلے زخم' مرض وجع مفاصل اور ان امراض جلدیہ میں جو پارہ کی بیجا استعمال سے پیدا ہوتے ہیں- مدار کا سفوف بہت مفید ثابت ہوا ہے- اس کو تین گرام کی خوارک سے شروع کر کے آہستہ آہستہ دس بارہ گرام تک پہنچانا چاہئے اور دن بھر میں تین دفعہ استعمال کرنا ضرور ہے-

مرض پیچش میں اس کی تعریف بہت سنی گئی ہے- جب بڑے آدمی سخت پیچش میں مبتلا ہوں اس وقت بڑی خوراک بیس سے ساٹھ گرام تک فی الفور دینی چاہئے- بالکل اسی ترکیب سے جیسے اپیکا کوانا دیتے ہیں- معمولی صورت میں چھوٹی خوراک پر اکتفا کرنا چاہئے- ایک سال کے بچے کیلئے اس کی خوراک آدھا یا ایک گرام ہے اور دن بھر میں تین یا چار دفعہ دینا چاہئے- اس کا اثر اپیکا کوانا سے بالکل مشابہ ہے- اس کو حسب ضرورت اور دواؤں کے ساتھ بھی شامل کر کے دے سکتے ہیں-

سورہ اوران کے خواص

سورہ غافر

ہرآڑی مشکل کے لئے سنگین فوجداری مقدمہ فتح ہونے کے لئے اس مبارک آیت کا ختم اٹھانا اورانتہادرجہ تین ختم کرانے حصول دعا کے لئے اکسیراعظم اورتریاق مجرب ہے آیت عظیمہ یہ ہے-

حم لاتنزیل الکتاب من اللّٰہ العزیز العلیم ہ لا غافر الذنب وقابل التوب شدید العقاب ذی الطول الآ الہ الا ھو ط الیہ المصیر ہ ترکیب ختم اس کی یہ ہے کہ اکیس یا تیئیس آدمی وضوکر کے دو دو رکعتیں نفل پڑھیں-نفلوں کے بعد سات مرتبہ الحمد شریف سات سات مرتبہ استغفار جو کسی کو یاد ہو پڑھ کر آیت کریمہ کا ختم شروع کریں اور ایک لاکھ ستائیس ہزار مرتبہ آیت مذکورہ کو پڑھیں جب آیت کو پڑھ چکیں تب پھر اس طرح سات مرتبہ الحمد، قل ہواللہ، استغفار اور درود شریف پڑھ کر دعا کریں انشاءاللہ پہلے ختم میں مطلب پورا اورمقصود حاصل ہوجائے گا-

افوض امری الی اللّٰہ ان اللّٰہ بصیر ۢبالعباد کا عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھنا اور ہمیشہ پڑھنا غیب سے دروازہ کشائش رزق کا کھولتا ہے اور ہر ایک رنج اورغم میں غیب سے مددگار پیدا کرتا ہے اور اس کا ورد اور ہر وقت کا وظیفہ کرنا ولایت کے درجہ کو پہنچاتا ہے خدا اپنے فضل سے نصیب کرے-

اگر کسی شخص کو منظور ہو کہ اپنے گھر آرام سے رہے، اس موقعہ پر جب کہ سارا شہر طاعون وغیرہ کسی بلا کے سبب بھاگ رہا ہے اور اس شخص کو کسی طرح کی تکلیف یا مصیبت نہ پہنچے وہ شخص اپنے مکان کے دروازہ اور دالان کے اندر کی دیوار پر ان آیات کو لکھ کر لگائے اور خود اکیس مرتبہ شام کو اس مکان میں بلند آواز سے پڑھے انشاءاللہ قطعاً ہر بلا سے محفوظ رہے گا آیتیں یہ ہیں-اللّٰہ الذی جعل لکم الیل لتسکنوافیہ والنہار مبصراً ط ان اللّٰہ الذی و فضل علی الناس و لکن اکثر الناس لایشریکرون ہ ذلکم اللّٰہ ربکم خالق کل شی لاآلہ الا ھو ہ صلے فانی توفکون ہ اللّٰہ الذی جعل لکم الارض قرارا والسماء بناء وصورکم فاحسن صورکم ورزقکم من الطبیات ط ذلکم اللّٰہ ربکم ج فتبارک اللّٰہ رب العالمین ہ ھو الحی الاآلہ الا ھوفادعوہ مخلصین لہ الدین الحمد للّٰہ رب العلمین ہ

سورہ حم سجدہ

اگر مینہ برسانے کے لئے کسی عمل کی ضرورت ہوتب ہرنی کی کھال کے سات جگہ کے ٹکڑوں پر اس آیت کو لکھا جائے اور متفرق طور پر جنگل کے درختوں پر لٹکایا جائے-ومن ایاتہ انک تری الارض خاشعۃً فاذ آنزلنا علیھا الماء اھترت وربت ط ان الذی احیا ھالمحی الموتی ط انہ علی کل شیء قدیر ہ

گیارہ مرتبہ مریض پر پڑھ کردم کرنا مریض کوشفا بخشتا ہے-آیتیں یہ ہیں-ولو جعلناہ قرآنا اعجیما لقالو الولا فصلت آیاتہ ء اعجمی وعربی قل ھوللذین امنوا ھدی وشفاء والذین لایومنون فی آذانھم وقر وھو علیھم عمی

مخالفین کے پست کرنے کے لئے رات کو دو ہزار تین سو تیرہ مرتبہ ان آیتوں کا پڑھنا مخالف کو نہایت پست اور ناچار کرتا ہے-آیت یہ ہے-قل آرئیتم ان کان من عنداللّٰہ ثم کفر تم بہ من اضل ممن ھوفی شقاقٍ بعیدہ سنریھم آیاتنا فی الافاق وفی انفسھم حتی یتبن لھم انہ الحق ط اولم یکف بربک انہ علےٰ کل شیءٍ شھیدہ ختم یہ ہے کہ اتوار کو روزہ رکھے شام کو روزہ کھول کر سوائے ایک گھونٹ پانی کے کچھ نہ کھائے- پھر ننگے سر ہو کر گیارہ مرتبہ لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم پڑھ کر آیتوں کا ختم شروع کرے-جب دو ہزار تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر چکے تب پھر گیارہ مرتبہ لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم پڑھ کر مقصود کے حاصل ہونے کی دعا کرے اور پھر عشاء کی نماز پڑھ کر کھانا کھا کر سوجائے انشاءاللہ بہت جلد اثر معلوم ہوگا!

پتھروں کے سحری خواص

یہ ایک ایسی کتاب ہے جو دور حاضر کی اہم ضرورت سے تعلق رکھتی ہے- ہر شخص اس بات کا خواہشمند ہوتا ہے کہ وہ اپنے مقسومی جوہر کو جانے، اسے پہنے اور فائدہ اٹھائے-۱۲۷ جواہر کے اقسام، رنگ، خواص اور ماہیت عجیبہ خواص سحری اور فوائد

- جواہرات کا کواکب سے تعلق
- حصول برکات کیلئے جواہرات پہننے کا طریقہ
- جواہرات کے متعلق اعتقادات اور حقائق
- برتھ اسٹون یعنی اپنا مقسومی نگ معلوم کرنا
- نحوست دور کرنے والے اور شفایابی کے جواہر

دور حاضر کی مفید ترین کتاب

جس کا ہر گھر میں ہونا سودمند ہے-

قیمت =/۲۸۰ روپے- علاوہ محصول ڈاک

اوراق پبلشرز کراچی

ہبوط زہرہ

زہرہ ستارہ عورتوں سے موسیقی اور ناچ سے تعلق رکھنے والوں سے متعلق ہے- آرٹ والوں کا بھی اس سے تعلق ہے- ہبوط کے وقت ایسے تمام لوگوں کے مراتب کو گرایا جاسکتا ہے- جو مندرجہ بالا کام کرتے ہوں- یا کسی عورت کے ناجائز ملاپ کو کسی سے ختم کرایا جاسکتا ہے-

زہرہ کو ۳ اگست ۷ بجکر ۱۵ منٹ صبح سے ۵ اگست ۵ بجکر ۳۵ منٹ صبح تک ہبوط میں رہے گا- کام کے لئے ویسے تو یہ سارا وقت ہی موزوں ہے لیکن زہرہ کی ساعت کو ہی کام کے لئے لیا جائے-

اب جن دو مرد و عورت کے ناجائز ملاپ کو ختم کرانا مقصود ہو ان کے نام معہ والدہ کے اعداد نکالیں اور ۱۲ پر تقسیم کریں- جو باقی بچے اس کے ہر دو کے الگ الگ طالع معلوم کریں' مثلاً ایک باقی بچے تو طالع حمل ہے- ۲ بچیں تو طالع ثور ہے' جو دو طالع نکالیں ان کے حروف لیں' طالع کے حروف یہ ہیں-

۱ - حمل ا' ع' ھ
۲ - ثور ج' م' ز
۳ - جوزا ف' ی' ض
۴ - سرطان س' ل' ر
۵ - اسد ھ' ط' ع
۶ - سنبلہ ز' ب' خ
۷ - میزان ض' غ' ظ
۸ - عقرب ر' ث' ن
۹ - قوس ح' ق' ش
۱۰ - جدی خ' ت' ذ
۱۱ - دلو ظ' ک' ص
۱۲ - حوت ن' و' د

پہلے نام عورت کا معہ والدہ علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں- اس کے بعد بغض اور حروف طالع لکھیں- پھر نام مرد کا معہ والدہ علیحدہ علیحدہ حروف میں لکھیں- اس کے بعد لفظ العداوت اور حروف طالع لکھیں' یہ ایک سطر ہوگی- اس سطر کو صدر مؤخر کریں- یعنی ایک حرف بائیں سے ایک دائیں سے لے کر گردش یہاں تک دیں کہ زمام نکل آئے- زمام کے طریقوں کو بار بار دینا طوالت ہے قواعد عملیات' رموز الجفر اور عامل کامل صفحہ اول میں اس کی وضاحت ہے اور رسالے میں بھی اکثر تشریح کی جاتی ہے-

اب جب تکسیر ختم ہو تو تمام ظلماتی حروف برآمد کرلیں اس کے اعداد نکال کر مثلث خاکی میں پُر کر کے دو نقش لکھیں- ایک نقش عورت کے تکیہ میں دے دیں- دوسرے نقش کے ساتھ نمک سیاہ' کالا دانہ' ہڑمل' چونہ اور پیاز تھوڑا تھوڑا باندھ کے کسی قبر میں دفن کریں اور وہاں سے تھوڑی سی مٹی اٹھالیں اور کہیں ''اے صاحب قبر! جس دن فلاں فلاں میں عداوت ہوگئی تیرے نام کی نیاز دلائی جائے گی' اس مٹی کے دو حصے کرلیں ایک حصے کو پانی میں گھول لیں اور دونوں کو جب موقع ملے پلا دیں دوسری مٹی کو ان کے بستروں میں ڈال دیں یا ملاقات کی جگہ ڈال دیں' فوراً عداوت ہوگی- جن دو شخصوں کا ملاپ عزت کا نقصان لاتا ہے یا کسی دکھ یا تکلیف کا باعث ہے یا شرعاً ان کی علیحدگی واجب ہے- وہاں یہ عمل کریں' یقیناً کامیابی ہوگی-

بچے کا نام نکلوائیے

بچے کی تاریخ پیدائش' وقت پیدائش (صبح یا شام)' مقام پیدائش معہ ضلع اور والد کا نام ارسال کریں-

ہدیہ =/۱۵۰۰ روپے

رقم منی آڈر کریں اور اس پر رقم ارسال کرنے کا مقصد تحریر کریں-

پتہ: اوراق پبلشرز' پی آئی بی کالونی کراچی

عددوں کی حکومت

حصہ دوم

اعداد کی مخفی طاقتوں کے اثرات

علم کے شائقین اصحاب کے مسلسل اصرار پر یہ حصہ ترتیب دیا گیا ہے اور اس طرح اعداد کے علم میں ایک گرانقدر اضافہ ہوا ہے- اس کتاب میں پانچ باب ہیں-

پہلا باب - میں ایک سے ۹ نمبر کی قوتوں کا بیان' نام کی تبدیلی کے لئے خاص نمبر' عدد قسمت' پیشہ وارانہ نمبر' روحانی نمبر' امراض اور نمبر' خفیہ نمبر دیئے گئے ہیں-

دوسرا باب - دور سالانہ' ماہانہ' روزانہ کے بعد ہر نمبر کے شخص کے لئے تمام نمبروں کے دنوں کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں-

تیسرا باب - زائچہ اعداد' ستاروں کے باہمی تعلقات' سعد و نحس اجتماعات' ستاروں کی گردش' سال پیدائش اور موافق و مخالف ستاروں کے نمبر کا تعلق' نام سے زائچہ بنانا-

چوتھا باب - افراد' محبت' شادی' مالی امور' سفر' صحت اطفال اور دوستوں کے ربط تعلقات ہوتے ہیں-

پانچواں باب - منصوبوں' خیالات' پروگراموں' ترقی' تبدیلی' کامیابی' رنگ جگہ' خواہشات پر اعداد کیسے دلالت کرتے ہیں- پیدائش کے تین دور بھی دیئے گئے ہیں-

صفحات ۱۴۴ قیمت =/۳۶۰ روپے

اوراق پبلشرز' کراچی

دیپالپور میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

طاہر بک اسٹال، نیوز پیپر ایجنٹ دیپالپور

چاند اور سورج گرہن

سورج گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا۔ جو ۱۳ جولائی کی صبح ۸ بجکر ایک منٹ کو ۲۰ درجہ ۴۲ دقیقہ برج سرطان پر لگے گا۔ یہ گرہن ۱۳ جولائی کی صبح ۶ بجکر ۴۵ منٹ سے لگنا شروع ہوگا۔ گرہن صبح ۸ بجکر ایک منٹ پر مکمل لگ جائے گا یہ اس کا وسطی حصہ ہوگا اور ۱۳ جولائی کی صبح ۹ بجکر ۱۵ منٹ پر ختم ہوجائے گا۔

اس گرہن کے بیشتر حصہ سمندر سے گزرے گا۔ یہ گرہن جنوبی اوقیانوس میں واقع ہو گا۔ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ والے کچھ حصہ گرہن کا دیکھ سکیں گے۔

چاند گرہن

یہ مکمل گرہن ہوگا۔ جو ۲۷ / ۲۸ جولائی کی رات ایک بجکر ۲۱ منٹ کو ۴ درجہ ۴۵ دقیقہ برج دلو پر لگے گا۔ اس گرہن کا دورانیہ ایک منٹ ۶ سیکنڈ کا ہو گا۔ یہ گرہن ۲۷ جولائی کی رات ۱۱ بجکر ۲۴ منٹ سے لگنا شروع ہو گا اور ۲۸ جولائی کو قبل سحر ایک بجکر ۲۱ منٹ پر مکمل لگ جائے گا یہ اس کا وسطی حصہ ہوگا۔ اس کے بعد اترنا شروع ہوگا اور ۲۸ جولائی کو ۳ بجکر ۱۹ منٹ قبل سحر پر مکمل صاف ہوجائے گا۔

اس گرہن کو یورپ کے بیشتر علاقے، مشرقی ایشیاء، آسٹریلیا، افریقا، جنوبی وشمالی امریکہ کے بیشتر علاقے، بحر ہند، بحرالکاہل والے دیکھ سکیں گے۔

سورج گرہن

یہ جزوی گرہن ہوگا۔ جو ۱۱ اگست کی دوپہر ۲ بجکر ۴۶ منٹ کو ۱۸ درجہ ۴۱ دقیقہ برج اسد پر لگے گا۔ یہ گرہن ۱۱ اگست کی دوپہر ایک بجکر ۲ منٹ سے لگنا شروع ہوگا۔ گرہن ۲ بجکر ۴۶ منٹ پر مکمل لگ جائے گا یہ اس کا وسطی حصہ ہوگا اور ۱۱ اگست کیسہ پہر ۴ بجکر ۳۰ منٹ پر ختم ہوجائے گا۔

اس گرہن کے بیشتر حصہ شمالی اوقیانوس میں واقع ہوگا۔ گرین لینڈ اور آئس لینڈ سے ہوتا ہوا شمالی روس میں نظر آئے گا اور آخری حصہ منگولیا اور چائنا کے علاقوں میں دیکھا جاسکے گا۔

اس وقت کے اندر اندر جو بھی اعمال کرنا چاہیں کرسکتے ہیں۔ اگر آپ حروف صوامت کی زکات دینا چاہیں تو بھی ۵۴۳ بار **احد رسص طعك لموه** لکھ کر دے سکتے ہیں۔ حروف صوامت کے اعمال انسانی ضروریات کا چوتھائی حصہ مکمل کرتے ہیں۔ میں ان کے متعلقہ اعمال اور طریق کار کو گزشتہ سالوں میں بہت دے چکا ہوں۔

گرہن کا ایک خاص اثر اہل عالم پر ہوتا ہے۔ جس کے بعض اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ جن عورتوں کے اولاد ہونے والی ہو۔ وہ گرہن کے وقت بہت احتیاط کریں۔ بعض بچے جو ماں کے پیٹ سے ناقص مثلاً لنگڑے، اندھے، ہونٹ کٹے یا گونگے بہرے وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔ وہ سب گرہن کے اثر سے متاثر ہوئے ہوتے ہیں۔ عام عورتیں گرہن کے اثرات سے واقف نہیں ہوتیں۔ جن عورتوں کے اولاد پیدا ہونے والی ہو۔ گرہن کے تمام وقت بڑے آرام سے ہاتھ پاؤں سیدھے کرکے لیٹی رہیں اور خیالات نہایت پاکیزہ رکھیں یہ یاد رکھیں کہ گرہن کے وقت جو خیالات ماں کے ہوں گے۔ اولاد کے بھی ویسے ہی خیالات ہوں گے۔ اگر عورت پڑھی لکھی ہو تو گرہن کے وقت لیٹ کر مذہبی یا عالمانہ اور جرات و ہمت والی باتوں کی کتابیں پڑھتی رہیں۔ اگر حاملہ عورت اس وقت قعدہ میں بیٹھی ہو تو بچے کے پاؤں ٹیڑھے ہوں گے۔ اگر آنکھیں بند کرکے لیٹے گی تو بچے کی آنکھوں میں نور کم ہوگا۔

علاوہ حاملہ کے اور لوگوں کو چاہئے کہ وہ عبادت واستغفار میں مشغول رہیں۔ مسلمان اپنے محلہ کی مسجد میں نماز کسوف یا خسوف ادا کریں۔ باجماعت نماز ہو۔ اس میں خطبہ نہیں ہوتا۔ اس وقت ہر شخص حسب توفیق صدقہ وخیرات کرے۔ یہ وقت سعد نہیں ہوتا اور اس وقت کی تاثیر بہت طاقت رکھتی ہے۔ گرہن کے وقت میں جو عمل کیا جاتا ہے وہ نہایت سریع الاثر ہوتا ہے۔

جو شخص عامل بننا چاہے۔ اس کو تو چاہئے کہ پہلے اجازت طلب کرے پھر حروف صوامت کی زکات دے۔ یا عامل کامل حصہ اول کے باب ششم میں سے کسی ایک عمل کو پانچ سو مرتبہ پڑھ لے تو وہ اس عمل کا عامل بن جائے گا۔ یہ عمل بخار، حب، سردرد اور درد دانت وغیرہ کے لئے ہیں۔ اپنی پسند اور ضرورت کو مدنظر رکھ کر زکات ادا کریں۔ تمام عمر عمل کام دے گا۔ اجازت پہلے لے۔

یہ عمل ان تمام خباثتوں سے محفوظ رکھے گا۔ جو انسان وشیطان دونوں سے وابستہ ہیں۔ مثلاً یہ بدگویوں اور خلاف بولنے والوں کے لئے زبان بندی کا کام دے گا۔ حسدوں کے حسد سے محفوظ کرے گا۔ نظر وزداں، ظالماں، قاطعاں اور موذیان سے مخفی رکھے گا۔ یعنی ان سے ہمہ وقت محفوظ رہے گا۔ جن لوگوں کو مخالفتوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ جن کے دشمن ہمہ وقت اسے نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور جو بدنام کرتے ہیں۔ ان سب سے محفوظ رہنے کے لئے یہ حرز اسرار کام دے گا۔ تمام خلقت کی زبان بندی بھی اسی سے ہوگی۔ گویا شرالاشرار سے محفوظ کرنے کے لئے ایک حصار کا کام دے گا۔ انسان کو بہترین نفع دینے والی چیزوں میں سے یہ ایک میرا تحفہ ہے اور اس زمانہ کے ہر آدمی اور عورت

کو اپنے اپنے حلقہ میں محفوظ رہنے کیلئے ضروری ہے۔

حروف صوامت جن سے ہر قسم کے امور کو باندھا جاتا ہے۔ اس کے عدد ۵۴۳ ہیں۔ حروف نورانی میں سے الٓمٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ کے اعداد بھی ۵۴۳ ہیں۔ حروف نورانی کے متعلق میں کئی دفعہ وضاحت کر چکا ہوں کہ اللہ جل شانہ نے ان حروف نورانی سے قرآن کریم کی حفاظت کی ہوئی ہے اور یہ حروف قرآن کی بعض سورتوں کے شروع میں ہیں۔ ان کے مفرد حروف چودہ ہیں۔

اب میں ان اعداد کی قوتوں سے نقش تیار کرتا ہوں۔ جو شرالاشرار سے محفوظ رکھ کر حفاظت کرے گا۔ وہ یہ ہے ۱۷۷ سے لے کر ۱۸۵ تک باترتیب لکھنا ہو گا۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۸۰	۱۸۵	۱۷۸
۱۷۹	۱۸۱	۱۸۳
۱۸۴	۱۷۷	۱۸۲

اب اس کی تکمیل کو سمجھیں۔ اگر یہ نقش زبان بندی اعداد کے لئے لکھے تو نقش کے نیچے یوں لکھے۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ - صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ - عَقَدْتُ لِسَانِهِمْ وَسَدَدْتُ اَفْوَاهِهِمْ

اگر یہ نقش شرالاشرار سے محفوظ رہنے کے لئے ہو تو نیچے یوں لکھیں۔

كَذَالِكَ اللّٰهُ رَبِّىْ عَنْ فَوْقِهِمْ وَعَنْ فَوْقِنَا - كَذَالِكَ اللّٰهُ اَبَاعَنْ يَسَارِهِمْ وَعَنْ يَسَارِنَا - اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ وَلِكُلِّ شَىْءٍ حَفِيْظٌ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَسَلَّمْ

اگر یہ نقش نظر و جن و پری اور سحر و جادو سے حفاظت کے لئے ہو تو نقش کے نیچے یوں لکھیں۔

سَدَدْتُ اَفْوَاهَ وَنَظْرَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالسِّحْرَةِ وَالْاَبَالِسَةِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَنْ يَلُوْذُبِهِمْ بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْاَعِزِّوَبِاللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ-

اگر ایک گھر میں رہتے ہوئے کسی ایک کی دوسرے کے دل میں عزت و وقعت نہ ہو۔ مثلاً میاں بیوی کے درمیان نفرت ہو اور ایک دوسرے کو برا بھلا کہہ کر عزت نہ کرتا ہو اور اسی طرح کسی کی اپنے دفتر میں عزت و وقعت نہ ہو تو نقش کے نیچے یوں لکھیں۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّاوَ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنَا هُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ اَلْيَوْمِ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ لَوْ اَنْفَقْتَ مَافِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَاَالَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ الَّفَ بَيْنَ هُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ يَااَرْحَمَ الرَّحِمِيْنَ-

ان عزیموں کو جو نقش کے بعد لکھی ہیں۔ بسم اللہ سے شروع کریں اور عزیمت کے بعد لکھیں۔

بحق الٓمٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ عٓسٓقٓ نٓ اَللّٰهُمَّ اَحْفِظْ عَلٰى حَامِلِ هٰذِالدُّعَآءَ (نام معہ والدہ) بِاَمْرِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اب چاروں طرف ایک ایک دفعہ حروف صوامت لکھیں۔ **احد رسص طعك لموه** نقش کے کونے **قوله الحق ولله الملك** سے تیار کریں۔ یہ سارا کام کالی سیاہی یا نیلی سیاہی یا پنسل سے کاغذ پر لکھ سکتے ہیں۔ لکھتے وقت رجال الغیب کا خیال رکھیں اور اکیلے کمرہ میں کریں۔ ایسا انتظام کریں کہ کوئی بلائے نہیں۔ نہ ہی کام کرتے وقت بولنا ہے۔ اس کو تہہ کر کے تعویذ بنالیں اور بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں۔ یہ ایسا کام کرلیا۔ جس سے دل مطمئن رہے گا۔ بے خوف و بے خطر ہو جائیں گے۔

رموز الجفر

حروف، عناصر، اسمائے الٰہی، اعداد اور ارواح فلکی کے امزجہ سے عالم سفلی میں تصرفات کی حکمت یہ حضرت کاش البرنیؒ کے معمولات کا لاثانی خزانہ ہے۔ جس کے اعمال متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے ہیں، اس علم جفر کے صدیوں کے سربستہ رازوں کا انکشاف کیا گیا ہے، نقاط جفر کی تشریح کے ساتھ ساتھ اعمال کے فہم و تفہیم کے لئے مثالیں دی گئی ہیں۔ حصول خواہشات اور مراد براری کے وہ موثر قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ جو بمنزلہ تاثیر کے طلسم سے بھی عظیم تر ہیں۔ ان میں کسی چلہ کشی کی ضرورت نہیں، محض وقت اور ترکیب سے ہی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

اس میں ۹ ابواب ہیں جن میں ۱۳۵ تیر بہدف عملیات ہیں۔

باب اول اسمائے اللہ الحسنیٰ اور ان کے اعمال کا طریقہ۔

باب دوم حل المشکلات و طلب حاجات کے خاص قواعد۔

باب سوم حب و تسخیر و حاضری مطلوب کے تکسیری راز۔

باب چہارم بغض عداوت، اخراج و بیماری دشمن کے موثر اعمال۔

باب پنجم حصول رزق، کشائش، علوئے مرتبت در اسباب کار کے ذرائع۔

باب ششم تسخیر حکام، تسخیر خلق، تحفظ غضب حاکم کے خاص اعمال۔

باب ہفتم زباں بندی، راہ بندی، حفاظت، ناجائز مطالبات کی بندش وغیرہ، عقود۔

باب ہشتم جملہ کواکب کے شرف، اوج و موثر نظرات کے اعمال۔

باب نہم متفرقات، امراض، گریختۂ، ہفت خوانیم وغیرہ۔

۲۰۸ صفحات۔ ہدیہ =/۴۲۵ روپے۔ محصول ڈاک علاوہ۔ نوٹ:۔ صرف وہ لوگ منگوائیں جن کی ذہنی قوتیں اچھی ہوں، حساب داں ہوں اور حل کرنے کی سعی سے گریز کرنے والے نہ ہوں۔

اوراق پبلشرز کراچی

قمر اور احساسات

ہم سب لوگوں پر وقتاً فوقتاً چڑچڑے پن یا تنک مزاجی کا حملہ ہوتا رہتا ہے جس کے باعث ہم نقصان اٹھاتے ہیں اور یہ چڑچڑاپن اور تنک مزاجی انسانی فطرت میں اتنی زیادہ رچی اور بسی ہوئی ہے کہ شیکسپیئر نے اپنی کتاب ''وینس کے سوداگر'' میں کہا ہے کہ

''حقیقتاً مجھے بھی نہیں معلوم کہ میں کیوں اتنا اداس ہوں- اداسی ہی مجھ میں تکان اور بیزاری پیدا کرتی ہے- لیکن میں اس اداسی کو کہاں تلاش کروں- یہ کیسے پیدا ہوتی ہے کس چیز سے پیدا ہوتی ہے''

وہ افراد جنہوں نے شیکسپیئر کا بہت اچھی طرح مطالعہ کیا ہے ان کا کہنا ہے کہ شیکسپیئر علم نجوم سے بخوبی واقف تھا اور اس بات سے بخوبی واقف تھا کہ چڑچڑاپن اور تنک مزاجی اور انسانی احساسات پر چاند کی حکمرانی ہوتی ہے-

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہماری اپنی موڈی طبیعت کا زیادہ تر انحصار چاند پر ہوتا ہے- ہم میں سے بعض افراد دوسروں کے مقابلے میں زیادہ زود حس اور زود رنج ہوتے ہیں- ویسے تو صرف پیدائشی زائچے ہی کے ذریعے انسان کی عادت اور فطرت کا پتہ چلایا جاسکتا ہے لیکن اس کے علاوہ بھی چند ایسی فائدہ مند علامات ہمارے پاس ہیں جو قابل غور ہیں-

بروج میں سب سے زیادہ زود حس اور موڈی بروج' برج جوزا' سنبلہ' قوس اور سرطان ہیں- ان میں سے تین ذوجسدین بروج ہیں- ذوجسدین کے معنی ہیں ''متلون مزاج'' تغیر پذیر اور تبدیلیوں سے اثر قبول کرنا'' یا دوسرے الفاظ میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب ان بروج سے تعلق رکھنے والے افراد پر موڈی طبیعت طاری ہوتی ہے تو اس وقت ان پر چاند کی حکمرانی ہوتی ہے-

اگرچہ برج سرطان بذات خود ذوجسدین برج نہیں ہے بلکہ یہ چاند کا فطری برج ہے- جب چاند اس میں نحوست میں ہوتا ہے تو اس وقت یہ برج غیر مستقل اور تغیر پذیر مزاج دیتا ہے- اس غیر مستقل مزاج اور تغیر پذیر طبیعت عجیب قسم کے خوف اور پریشانیوں میں مبتلا ہوتی ہے اور درحقیقت چاند اور سرطان کی اس پوزیشن کے تحت پیدا ہونے والے افراد ہی وہ افراد ہوتے ہیں جو اپنے آپ کو پریشانیوں اور الجھنوں میں مبتلا رکھتے ہیں کیونکہ یہ لوگ یا تو اپنے ماضی میں رہنے پر اصرار کرتے ہیں یا پھر مستقبل طور پر مستقبل کی فکر میں مبتلا رہتے ہیں اور زمانہ حال میں کسی طور پر رہنے کو تیار نہیں ہوتے-

مزید عجیب بات یہ ہے کہ اس وقت زمانہ حال میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کے باعث شاذ و نادر ہی ان کا موڈ خراب ہوتا ہے بلکہ ماضی میں جو کچھ ہو چکا ہے وہ ان کے موڈ کی خرابی کا باعث بنتا ہے اور یہ لوگ ہمہ وقت یا تو ماضی میں کھوئے رہتے ہیں اور یا پھر مستقبل کے خوف میں کھوئے رہتے ہیں کہ آگے کیا ہوگا-

ان بروج سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے اپنی سستی اور اداسی کو دور کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ یہ اپنے آپ سے کہیں کہ چلو ماضی کو خود ہی دفن ہو جانے دو اور مستقبل میں جو کچھ ہوگا ظاہر ہو جائے گا اور یہ سوچیں کہ اس خراب موڈ کے اثرات زمانہ حال پر ہی خراب اثرات ڈال سکتے ہیں-

دوسرے الفاظ میں اب جو کچھ ماضی میں ہو چکا ہے وہ گزر چکا ہے اب اس کی فکر نہ کریں یا مستقبل کے متعلق قطعی طور پر مضطرب نہ ہوں کہ مستقبل کیا حالات لائے گا لیکن زمانہ حال کے تقاضوں کو پورا کرنے کی جانب توجہ کریں اور صرف یہی ایک چیز ہے جو انسان کے بس میں ہے چنانچہ اس کی جانب توجہ کریں-

دلو' اسد' عقرب اور ثور اپنی یادوں یا مستقبل کی فکر سے کم متاثر ہوتے ہیں کیونکہ ان کا مزاج اس قسم ہوتا ہے کہ جو انہیں دیوانگی کا مقابلہ کرنے کے قابل بنا دیتا ہے- اس لئے کہ تمام قسم کا موڈ و چڑچڑاپن' تنک مزاجی وغیرہ وغیرہ ایک قسم کا پاگل پن ہی تو ہوتے ہیں-

دلو والے افراد حالات کے خود بخود پیدا ہونے کا انتظار کرتے ہیں چنانچہ اپنے موڈ کو بھی اس وقت کے لئے ملتوی کر دیتے ہیں- اسدی افراد ہمیشہ یہ محسوس کرتے اور سوچتے ہیں کہ وہ ہر قسم کی صورت حالات سے نپٹ سکتے ہیں-

ثوری افراد مضبوط جذبات کے مالک اور سمجھدار ہوتے ہیں- چنانچہ یہ کسی معاملے کو اپنے ہاتھ میں لے کر عملی انداز میں موڈ کو درست کرتے ہیں جب کہ عقربی افراد کی چھٹی حس ان کی رہنمائی کرتی ہے-

عقرب والوں پر صرف اسی وقت تنک مزاجی یا چڑچڑاپن طاری ہوتا ہے جب کوئی شخص ان کو اس کام سے روکتا ہے- جسے وہ کرنا چاہتے ہیں اور یہ کوئی حقیقی تنک مزاجی یا چڑچڑاپن نہیں ہوا- اس لئے کہ حقیقت یہ ہے کہ جب تک ان کو اس مایوسی سے نکلنے کی کوئی راہ نظر نہ آئے وہ روٹھے رہتے ہیں- منہ پھلائے اور اداس اداس پھرتے ہیں-

وہ افراد جو برج حمل' میزان اور جدی کے تحت پیدا ہوتے ہیں' ان لوگوں میں ایسی اندرونی طاقت ہمیشہ پائی جاتی ہے جس سے وہ اپنے چڑچڑے پن

تنک مزاجی اور خوف و ہراس سے لڑ سکتے ہیں- حملی افراد کو پکا یقین ہوتا ہے کہ خوف و ہراس والی صورتحال اگر پیدا ہوئی تو وہ اس پر بہت آرام سے قطعی طور قابو پا سکتے ہیں-

میزانی افراد ہر صورت کا مقابلہ کرنے کے لئے صورت حال پر غور کرتے ہیں- جدی والے افراد پہلے تو ایک دو منٹ تک تیوری چڑھائے اداس اداس سے رہیں گے لیکن پھر سمجھ جائیں گے کہ اپنا وقت ضائع کر رہے ہیں (وقت کے متعلق یہ لوگ بہت محتاط ہوتے ہیں) چنانچہ اپنے موڈ اور خوف و ہراس کو قطعی طور پر ختم کر دیں گے-

جیسا کہ چاند ہر ماہ زائچے کے ہر برج سے گزرتا ہے چنانچہ جب چاند برج میں گزرتا ہے تو اس کے تحت مختلف مزاجوں کے ذریعے اپنے آپ اور دوسروں کو پہنچان سکتے ہیں-

قمر برج حمل میں

برج حمل میں چاند ہمیں مستقل جلد باز اور تیز بنا دیتا ہے- بعض افراد کو پورے سر کے درد یا آدھے سر کے درد کی تکلیف ہو جاتی ہے- ہمارے اس موڈ کی بنیاد یہ ہے کہ ہم میں اپنا ایک الگ راستہ متعین کرنے کی صلاحیت نہیں پائی جاتی ہے اور خود اپنی بہتری اور ترقی حاصل کرنے کی صلاحیت نہیں پائی جاتی-

قمر برج ثور میں

بعض چیزیں جن کی وجہ سے ہمارے ناک میں دم آیا ہوتا ہے ہم بالکل مردہ دل اور بے جان ہو جاتے ہیں مثلاً مادی چیزیں (اس میں روپیہ پیسہ بھی شامل ہے) جن کا ہمارے پاس فقدان ہوا چنانچہ اس موڈ کی وجہ یہ ہوگی کہ ہم ایسی چیز حاصل کرنا چاہتے ہیں جو ہمارے پاس نہیں ہے-

قمر برج جوزا میں

جوزا میں چاند کی موجودگی کے دوران ہم کوئی فیصلہ نہ کر سکیں گے- خود کو بے چین بے آرام اور نروس محسوس کریں گے- خبریں ہمیں اشتعال دلا سکتی ہیں- وہ خطوط جو حوالہ ڈاک نہیں کئے جا سکے ہیں ان کے باعث فکر پیدا ہو سکتا ہے- اس موڈ کی خاص وجہ یہ ہوگی کہ ہم کو کسی خاص صورتحال کے متعلق کافی معلومات نہیں ہوں گی اور ہم صرف اندازے لگانے کی کوشش کریں گے اور اس سے چڑچڑا پن اپنے اندر پیدا کر لیں گے-

قمر برج سرطان میں

برج سرطان میں چاند کے تحت خاندانی معاملات اور ہم سے بہت زیادہ قریب افراد آتے ہیں- برج سرطان میں چاند کی موجودگی کے تحت ہم دوسرے کے معاملات میں اپنے آپ کو بہت زیادہ قریبی انداز میں شامل کر لیتے ہیں اور عموماً بے جا طور پر دخل اندازی کرنے لگتے ہیں- ہم میں اس بات کی صلاحیت یا صبر نہیں پایا جاتا ہے کہ ہم دوسروں کو خود ہی اپنے مسائل طے کرنے دیں اور یہی اس موڈ کی بنیاد ہوگی-

قمر برج اسد میں

ہماری ذاتی مقبولیت اور وہ چیزیں جو اسے متاثر کر سکتی ہیں- ان کے باعث ہم میں چڑچڑا پن اور تنک مزاجی پیدا ہو سکتی ہے نیز جس معیار پر ہم زندگی گزارنا چاہتے ہیں اس معیار پر زندگی گزارنے سے معذوری بھی اس موڈ کا سبب بن سکتی ہے-

قمر برج سنبلہ میں

برج سنبلہ میں چاند کی موجودگی کے تحت تمام قسم کی معمولی سے معمولی تفصیلات بھی بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہو جاتی ہیں- چھوٹے چھوٹے سے فرائض اور کام بھی ہم کو برافروختہ کر دیتے ہیں- یہ کام اگرچہ ہمیں کرنے چاہئیں مگر ہم انہیں کرنا نہیں چاہتے- ایک طویل اور پیچیدہ قسم کا کام اس قسم کے موڈ کا باعث بن سکتا ہے- چھوٹے چھوٹے کاموں اور فرائض کو نظر انداز کرنے کا احساس ہی دراصل اس موڈ کی بنیاد ہوگا-

قمر برج میزان میں

کوئی بھی حقیقی یا قیاسی ناانصافی، تحقیر یا بے اتفاقی (خاص طور پر محبوب کی جانب سے بے اتفاقی یا تحقیر) تنک مزاجی یا چڑچڑا پن پیدا کر دے گی- خاص طور پر اس موڈ کا سبب محبت کے معاملات ہوں گے- اس خراب موڈ کا سبب یہ ہوگا کہ آپ یہ محسوس کریں گے کہ آپ کی معقول حد تک تعریف و ستائش نہیں کی گئی ہے-

قمر برج عقرب میں

چاند کی برج عقرب میں موجودگی سے موڈ کی خرابی کا سبب یہ ہوگا کہ آپ رقابت یا مقابلہ بازی کے منصوبے بنائیں گے یا آپ اپنے جذبات سے متعلق کوئی بہت ہی ذاتی سا کام کرنے کی خواہش کریں گے- مایوسی اور ناامیدی کے احساسات یا تخلیہ اور آزادی کا فقدان ہی دراصل اس موڈ کی بنیاد ہوگا-

قمر برج قوس میں

آپ کے موڈ کی خرابی کا سبب یہ ہوگا کہ آپ ایسی جگہ ہوں گے جہاں آپ رہنا نہ چاہیں گے اور آپ کو ایسا کام کرنا پڑے گا جو آپ نہیں کرنا چاہیں گے یا اپنے حالات کے باعث محدود ہو جائیں گے- اپنے آپ پر ان حالات کے اندر ضم کرنے پر غصہ آئے گا اور یہی غصہ اس موڈ کی بنیاد ہوگا-

قمر برج جدی میں

معاشی مشکلات کا خوف یا کسی چیز کا ضرورت سے زیادہ آپ کے پاس موجود ہونا یا مل جانا یا جس طرح آپ کام کرنے کی خواہش رکھتے ہیں اس طرح کام سے آپ کو روک دیا جانا وغیرہ وغیرہ تنک مزاجی یا چڑچڑا پن پیدا کر دیں گے- محتاجی، حاجت، خواہش یا سختی کا خوف ہی دراصل اس موڈ کی نیاد ہوگا-

قمر برج دلو میں

دوسروں کی طرف سے استعداد یا پابندی احساسات یا ذاتی آزادی میں تخفیف کے احساسات خراب موڈ کا باعث بنیں گے- اپنے آپ کو کسی جگہ یا عہدے کے لئے ناموزوں سمجھنے کے احساسات ہی دراصل اس خراب موڈ کی بنیاد ہوں گے-

قمر برج حوت میں

دوستی یا محبت کے معاملات کے باعث فکر و پریشانی یا آپ کا یہ احساس کہ آپ کی قدر دانی یا قدر افزائی نہیں کی گئی ہے- خراب موڈ کا باعث بن سکتا ہے- ذاتی طور پر ناقص ہونے کا احساس ہی دراصل اس موڈ کی بنیاد ہوگا- حالانکہ حقیقت کچھ بھی نہیں ہوگی-

تیسری قسط

علم نجوم کی رو سے ایک نیا نقطہ نظر

صدمات اور تشدد

برج قوس

آپ کا تعلق آتشی برج سے ہے۔ جس پر وسعتی قوت کا مالک مشتری حکومت کرتا ہے۔ آپ میں آزادی وخودمختاری کی شدید خواہش موجود ہے جو بعض اوقات کسی شخص میں (جو غیر مستقل مزاج کا مالک ہے۔ آپ کو قید کرنے کی خواہش پیدا کر دیتی ہے۔ مثال کے طور پر آپ کو اغوا کیا جاسکتا ہے اور آپ کے بدلے میں روپے کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ کے ساتھ ایسا ہو جائے تو یاد رکھئے کہ اسے بالکل اہمیت نہ دیں۔ فکرمند نہ ہوں بلکہ اپنی فطرتی کھلاڑی فطرت کو برقرار رکھیں تاکہ جو آپ کو آزاد کرانا چاہتے ہیں وہ پولیس کی مدد سے یا روپے کی مدد سے آپ کو چھڑوانے میں کامیاب ہو جائیں آپ کی پہلی خواہش فرار ہونے کی ہوگی۔ مگر یاد رکھئے کہ فرار ہونے کا موقع ملنے کے بعد اگر دوبارہ پکڑ لئے گئے تو آپ کو زیادہ سختی سے رکھا جائے گا۔

خوش قسمتی سے شاذونادر ہی اغواء کا کیس ہوتا ہے مگر قوسی افراد جب سفر کرتے ہیں تو اکثر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ غیر ممالک میں جا کر بھی ان کا رویہ خودمختارانہ ہوتا ہے۔ آخر انہیں ایک ایسے ملک میں جانے کی کیا ضرورت ہوتی ہے۔ جہاں جنگ ہو رہی ہو۔ مگر یہ لوگ وہاں جاتے ضرور ہیں۔ خواہ مرنے ہی کے لئے جائیں۔ نیز اگر قوسی افراد محفوظ مقامات پر بھی جائیں تب بھی اپنی خودمختار اور چیلنج کر دینے والی فطرت کی وجہ سے وہاں کے لوگوں کو اپنے خلاف کر لیتے ہیں۔ قوسی آدمیوں کو غیر ممالک میں اس وقت تک عورتوں سے ملنے جلنے سے بچنا چاہئے جب تک کہ وہ وہاں کے رسم ورواج سے پوری طرح واقف نہ ہو جائیں۔ کیونکہ بہت ممکن ہے کہ لڑکی غلط فہمی میں مبتلا ہو جائے۔ قوسی عورتوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ اپنے ملک اور دوسرے ممالک کی عادات و طور طریقوں میں بہت فرق ہوتا ہے دوسرے ممالک میں جا کر وہیں کے انداز اپنانا اچھا رہتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر آپ روشن خیال اور سمجھدار لوگوں میں نہیں ہیں تو محض بحث کے لئے بحث واستدلال سے پرہیز کریں۔ کیونکہ آپ کے نزدیک وقت گزاری کا بہترین مشغلہ بحث کرنا ہے۔ اگر آپ نے یہ بات یاد نہ رکھی تو یاد رہے کہ آپ کی باتیں لوگوں کو بہت سنجیدہ کر دیں گی اور وہ ان باتوں سے وہ مطلب مراد لیں گے جن کے متعلق آپ نے سوچا بھی نہ ہوگا۔

برج جدی

آپ کا تعلق خاکی برج سے ہے۔ جس پر زحل کی حکمرانی ہے۔ چنانچہ آپ کی زندگی میں تشدد اس چیز کے ذریعے داخل ہوگا۔ جسے عرصہ ہوا لوگ فراموش کر چکے ہوں گے۔ مگر ایک دن اچانک آتش فشاں پہاڑ کی طرح پھٹ پڑے گی۔ دوسرے افراد کی طرح آپ پر بھی سڑک پر چور حملہ کر سکتا ہے۔ حملہ کرنے والا شخص آپ سے ناواقف ہوگا۔ مگر کوئی ایسا شخص جس نے عرصے تک آپ کا مطالعہ کیا ہو آپ کی عادات کے متعلق جانتا ہو اور آپ کے خلاف کوئی دشمنی رکھتا ہو وہ شاذونادر ہی حملہ کرے گا۔ تاہم خیالی دشمنی یا حسد سے بچنا مشکل ہے۔ تاہم یہ یاد رکھئے کہ آپ خود اپنے جذبات کی سرد مہری کے ذریعے دوسروں کو اپنے خلاف کریں گے اور آپ کا اپنی محبت کو چھپا کر رکھنے کا انداز بھی دوسروں کو آپ کے خلاف کر دے گا۔ آپ کو ایک لمحہ کے لئے یہ ضرور سوچنا چاہئے کہ کہیں آپ کسی ایک شخص کے جذبات کو مجروح کر کے دوسرے کے ساتھ امتیازی سلوک تو نہیں کر رہے۔ یا شاید چونکہ آپ میں فطری طور پر دوسروں کے احساسات کو محسوس کرنے کی حس ہی نہیں ہے۔ اسی لئے آپ دوسروں سے سرد مزاجی سے پیش آتے ہیں۔ ان باتوں پر ضرور غور کریں خواہ ایک لمحہ ہی کے لئے۔

اگر آپ نے اپنے آپ کو جدی سے متعلقہ مثالی عادتوں کے خول سے باہر نہ نکالا تو آپ ایک غیر مستقل مزاج مجرم ہوں گے اور اگر آپ عورت ہیں تو آپ کو ان عادات کا خمیازہ آبروریزی کی صورت میں بھگتنا پڑے گا۔ آپ کی زندگی کا انداز طے شدہ ہے۔ زندگی ایک ہی ڈھرے پر گزرتی ہے۔ مخصوص وقت پر کام کرنا اور پھر مخصوص وقت پر گھر آجانا اور مخصوص وقت پر تفریح کرنا۔ کوئی شخص اگر آپ پر حملہ کرنا چاہے تو اس کے لئے بہت آسان ہوگا۔ وہ اپنے لئے موزوں ترین وقت اور جگہ کا انتخاب باآسانی کر سکتا ہے۔ کیونکہ آپ اکیلا رہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ اپنے پروگراموں میں تبدیلی لایا کریں۔ اگر آپ نے ایسا کیا اور ساتھ ہی ساتھ دوسروں کے احساسات و جذبات کا بھی خیال رکھا تو آپ کی دوراندیشی آپ کی حفاظت کر سکے گی۔

برج دلو

آپ کا برج بادی ہے جس پر یورنس حکومت کرتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نہ صرف ایک آزاد انسان ہیں بلکہ اپنی آزاد خیالی کی تشہیر بھی کرتے ہیں۔ اس طرح خود دوسروں کو آپ پر تشدد کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے خیالات اخلاقی اور سیاسی دونوں لحاظ سے بہت بلند ہیں اور ان کی حفاظت کے لئے بھی آپ خم ٹھونک کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور یہ کبھی نہیں سوچتے کہ ناراض ہجوم میں سے کسی کے نشانہ کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ درحقیقت ان سرگرمیوں سے آپ کو الگ رکھنے کا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ کیونکہ آپ کے نزدیک ان کی بہت اہمیت ہے۔ مگر اپنے خیالات کی حمایت میں باہر قدم نکالنے سے قبل اچھی طرح غور وخوض ضرور کر لینا چاہئے کہ آیا خیالات کی حمایت کے لئے باہر نکلنے کا یہ موزوں وقت بھی ہے یا نہیں۔ یا آپ محض جوش و

جذبات اور تعصب میں آ کر بغاوت کر بیٹھے ہیں۔ جیسا کہ دلو سے متعلقہ افراد عام طور پر کرتے ہیں۔ اگر آپ اس فیصلے پر پہنچتے ہیں کہ آپ کے اقدامات درست ہیں تو تب عمل سے قبل اپنے آپ سے صرف ایک اور سوال پوچھ لیں کہ کیا اس مقصد کو حاصل کرنے کا کوئی اور بھی طریقہ کار ہے؟ اگر ہو تو اس پر عمل کریں جو بہتر ہو۔

جب کہ دوسری جانب آپ کے خلاف جو تشدد ہوتا ہے۔ اس سے بچنا ممکن ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ نے کسی کی محبت کو فراموش کر دیا ہے تو اس کی طرف لوٹ جائیے تا کہ تشدد سے بچ سکیں۔ محبت کے معاملے میں بھی آپ خود مختار اور غیر جذباتی فطرت رکھتے ہیں۔ جو بعض اوقات ان لوگوں کا دل توڑ دیتی ہے جو آپ سے محبت کرتے ہیں۔ اگر کوئی شخص غیر مستقل مزاج ہے تو دل ٹوٹنے کا بدلہ وہ انتقام کے ذریعے بھی لے سکتا ہے اس کے علاوہ غیر معمولی چیزوں سے محبت کا جذبہ بھی آپ کو ایسے حالات میں پہنچا سکتا ہے۔ جو تشدد کا باعث بن سکتے ہیں۔ لہذا خیال رکھیں کہ غیر معمولی لیکن غیر مستقل مزاج لوگوں سے ہرگز دوستی نہ کریں۔ آپ ایسے لوگوں کی مدد کرنا پسند کرتے ہیں لیکن یہ خیال رہے کہ اگر واقعی ان کو مدد کی ضرورت ہے تو مدد دیں ورنہ لوگ اپنے معاملات میں آپ کے بے جا دخل اندازی کے نتیجے میں مار پیٹ پر بھی اتر سکتے ہیں۔

برج حوت

آپ کا تعلق آبی برج سے ہے جس پر نپ چون کی بھی حکومت ہے۔ جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ الجھن اور پریشانی ایسی شدید صورت حال کا باعث بن سکتی ہے جس کا نتیجہ تشدد کی صورت میں نکلتا ہے۔ حوتی افراد محبت کرنے والے، شریف اور رحم دل ہوتے ہیں۔ لہذا یہ سوچنا ہی مشکل ہے کہ کوئی ان سے دشمنی یا حسد بھی کر سکتا ہے۔ چنانچہ کوئی بھی تشدد اگر ہو تو وہ کسی ایسی چیز کا نتیجہ ہوگا جو اچانک اور غیر متوقع ہوگی۔ اگر آپ اس معاملے میں ملوث ہوئے تو آپ بہت جلد نشہ آور اشیاء اور شراب کی طرف ہو جائیں گے اور اگر آپ پرانے خیالات کے مالک ہیں تو یہ چیزیں استعمال نہ کریں گے مگر ان لوگوں کی طرف مائل ہو جائیں گے جو یہ چیزیں استعمال کرتے ہیں۔ ایسی صورت حال اگر پیدا ہو جائے تو اس سے باہر نکلنا پھر آسان نہ ہوگا۔ اگر ہو سکے تو کسی بھی ایسی جگہ یا ایسے لوگوں سے ہرگز نہ ملیں جہاں ان اشیاء کا دخل بہت زیادہ ہو۔

بدقسمتی سے آپ کی رحم دلی اور دوسروں پر جلد بھروسہ کر لینے والی فطرت آپ کو ان مجرموں کا نشانہ بنا دے گی۔ جو آپ میں دلچسپی نہیں لیتے بلکہ آپ کے روپے پیسے، آپ کے گھر، کار یا آپ کے جسم میں دلچسپی لیتے ہیں۔ مسلح چور یا عصمت دری کرنے والے افراد کوئی غم زدہ یا دردناک واقعہ سنا کر بڑی آسانی سے آپ کے گھر میں داخل ہو سکتے ہیں۔ لہذا یاد رکھئے کہ کبھی کسی اجنبی کے لئے گھر کا دروازہ نہ کھولیں۔ حالانکہ ایسا کرنا آپ کے لئے بے حد مشکل ہے مگر بہرحال یہ بہت ضروری بھی ہے۔ اگر کوئی دکھ بھری کہانی سنائے تو اسے کہئے کہ پولیس کو بلوا دیتے ہیں یا دوسری طرح مدد کر دیں مگر اندر ہرگز نہ آنے دیں۔ یہاں تک کہ کسی اجنبی عورت کو بھی اندر نہ بلائیں۔ کیونکہ عورتیں بھی چوروں کے گروہ سے تعلق رکھتی ہیں اور دردناک واقعات سنا کر اپنا کام کر جاتی ہیں۔ حوتی افراد اگر خود کوئی دردناک کہانی نہیں بننا چاہتے تو انہیں دوسروں کی براہ راست مدد کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔

لوح تحفظ

اللہ پاک نے تحفظ کے لئے حروف نورانی کے موکلات کو مقرر فرما دیا اب زمانہ ایسا ہے کہ ہر وقت جان و مال کا خطرہ لگا رہتا ہے خواہ امیر ہو یا غریب ہر دو کے ساتھ یہ خطرہ ہر دم سایہ کی طرف موجود رہتا ہے اس خطرہ سے بچنے کا صرف ایک واحد طریقہ یہ ہے کہ حروف نورانی کی لوح اپنے پاس رکھی جائے لہذا تحفظ کی مندرجہ ذیل صورتیں میرے تجربہ کی ہیں۔

۱ - وہ لوگ جو کاروبار یا مال کا نقصان اٹھا رہے ہیں ان کا تحفظ مال ہوگا۔
۲ - وہ لوگ جو ہمیشہ سفر میں رہتے ہیں ان کا تحفظ ہوگا حادثہ ہوا بھی تو جان کو نقصان نہ پہنچے گا۔
۳ - وہ لوگ جو حادثات یا دشمنوں کے ہاتھوں موت کا شکار ہونے سے بچنا چاہتے ہیں ان کا تحفظ جان کا ہوگا۔
۴ - مقروض لوگ جن کا قرض بڑھتا جا رہا ہو اور چھٹکارے کی صورت نظر نہ آ رہی ہو۔
۵ - وہ بچے جن کے اغوا کا اندیشہ ہو ان کے گلے میں ڈال دی جائے کوئی ہاتھ نہ لگا سکے۔
۶ - وہ سامان یا مکان جس میں یہ لوح ہو چوری و آگ کے اندیشہ سے محفوظ رہتا ہے۔
۷ - جہاز یا کشتی میں ہو تو غرقاب نہیں ہوتی۔ ۸ - سحر کا اندیشہ ہو تو پاس رکھنے سے سحر و جادو کا وار نہ ہو۔
۹ - جسم کے کسی حصہ سے خون جاری رہتا ہو یا بلڈ پریشر ہو تو تحفظ ملے گا۔
۱۰ - دریا میں طغیانی کا خطرہ ہو تو دریا میں لوح کو ڈال دیں فوراً طوفان بند ہو جائے گا۔
۱۱ - ایسی جگہ رہائش ہو جہاں حشرات الارض بہت ہوں تو تحفظ ملے گا۔
۱۲ - ایسی جگہ رہائش ہو جہاں جنات کا بسیرا ہو تو اس لوح سے تحفظ حاصل ہوگا۔
۱۳ - سواری موٹر یا سائیکل کو حادثہ سے بچانے کے لئے اس لوح کو اس میں رکھتے ہیں۔
غرضیکہ تحفظ کی تمام قوتیں ہر جگہ آپ کی حفاظت کریں گی اس کی وہ لوح جو اکثر میں تیار کرتا ہوں وہ یہ ہے۔

تثلیث شمس و زحل

شمس و زحل کی تثلیث ۲۶ اگست کو قبل سحر ۳ بجکر ۵۶ منٹ پر قائم ہوگی۔ شمس حکام سے متعلق ہے۔ زحل زمین و جائیداد سے متعلق ہے۔ کسی شخص کو اگر زمین و جائیداد کے متعلق افسران سے کام لینا ہے یا زمین و جائیداد کے متعلق مقدمہ چل رہا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ کامیابی ہو یا جائیداد کسی نہ کسی وجہ سے ہاتھ سے نکلتی جارہی ہے تو اس کیلئے یہ سعد وقت کام دے گا۔ اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہم نے ذیل کی آیت کا انتخاب کیا ہے۔

ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللّٰہ

عدد اس کے ۵۷۴۴ ہیں۔ نام معہ والدہ کے اعداد لے کر آیت کے اعداد میں جمع کریں۔ ۱۲۰ عدد تفریق کر کے ۴ پر تقسیم کریں اور چار چار کے اضافے سے نقش پر کریں۔ اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو ۱۳ ویں خانہ میں۔ ۲ باقی بچیں تو ۹ ویں خانے میں۔ ۳ باقی بچیں تو ۵ ویں خانے میں ایک کا اضافہ کر کے نقش پر کریں۔ نقش کی چال طالب کے نام کے حرف اول کے عنصر کے مطابق ہوگی۔ مثلاً نام کا پہلا حرف الف ہے تو آتشی چال سے نقش پر کیا جائے گا اگر نام کا پہلا حرف و ہے تو بادی چال سے نقش پر کیا جائے گا۔

اس عمل کو مثال کے ذریعے بھی سمجھا دیتا ہوں۔

مثلاً ایک شخص احمد بن حمیدہ کا مقدمہ جائیداد کے سلسلے میں چل رہا ہے وہ چاہتا ہے کہ افسران اس کے حق میں فیصلہ دیں تو آیت کے عدد لے جو ۵۷۴۴ ہیں۔ پھر احمد بن حمیدہ کے عدد لے جو ۱۲۰ ہیں۔ کل اعداد ۵۸۶۴ ہوئے۔ ۱۲۰ عدد تفریق کئے۔ ۵۷۴۴ ہوئے۔ ۴ پر تقسیم کیا تو ۱۴۳۶ خارج قسمت ہوئے چوں کہ احمد کا سر حرف آتشی ہے اس لئے آتشی نقش پر کیا جو یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴۶۴	۱۴۷۶	۱۴۸۸	۱۴۳۶
۱۴۸۴	۱۴۴۰	۱۴۶۰	۱۴۸۰
۱۴۴۴	۱۴۹۶	۱۴۶۸	۱۴۵۶
۱۴۷۲	۱۴۵۲	۱۴۴۸	۱۴۹۲

میزان ۵۸۴۴

نقش کے چال یہ ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اس چال کے مطابق نقش پر کریں۔ خارج قسمت کے اعداد ۱۴۳۶ کو خانہ اول میں رکھیں۔ پھر چار کا اضافہ کر کے خانہ ۲ میں رکھیں۔ اسی طرح چار چار کے اضافے سے بالترتیب نقش کو پر کرتے چلے جائیں۔

یہ تین نقش لکھے جائیں گے۔ ایک طالب اپنے پاس رکھے گا۔ ایک کو جائیداد میں دفن کر دیا جائے گا۔ ایک کو عنصر کے مطابق استعمال کیا جائے گا چونکہ نقش آتشی ہے اس لئے اسے حرارت میں رکھیں گے۔

اگر نقش بادی ہو تو ہوا میں لٹکایا جائے گا آبی ہو تو بانس کی نلکی میں رکھ کر دونوں طرف موم لگا کر کسی نمی والی جگہ میں رکھا جائے گا۔ اگر نقش خاکی ہو تو اسے زمین میں دبایا جائے گا۔

قواعد عملیات

یہ کتاب ان لوگوں کے لئے بیش قیمت تحفہ ہے، جو عملیات کے شائق ہیں۔ اس کتاب میں تمام ضروری قواعد معہ تفصیل دیئے گئے ہیں۔ تاکہ کسی جگہ پیر استاد کی ضرورت محسوس ہو تو اس کی کمی کو پورا کیا جاسکے۔ اس میں بارہ باب ہیں۔

(۱) لوازمات نقوش
(۲) چلہ کشی
(۳) حروف تہجی
(۴) عناصر
(۵) موکلات
(۶) تعویذات
(۷) جفری قوانین
(۸) زکات
(۹) قوانین نجوم
(۱۰) تعین اوقات
(۱۱) موثر اوقات عملیات وطلاسم
(۱۲) متفرقات

متفرقات ہی ایسا باب ہے کہ برسوں کی خدمت کے بعد بھی ایسے طریقے نہ ملیں اور نہ ان کا معاوضہ کوئی ادا کر سکتا ہے۔ ۱۲ ابواب

ہدیہ =/۳۴۰ روپے۔ محصول ڈاک =/۶۰ روپے

اوراق پبلشرز کراچی

المعتبر

یہ ایک مختصر اسلامی تاریخ ہے۔ جس سے ہر مسلمان کا آگاہ ہونا ضروری ہے۔ پیدائش رسول مقبول ﷺ سے لے کر دور امیہ تک کے ہر سال کی ہر تاریخ کے واقعات بیان کئے گئے ہیں اور خلفائے راشدین کے دور کے متعلق پوری تفصیل دی گئی ہے۔ آخر میں اہم شجرے ہیں۔ جن سے ہمیں مذہب کے فرقوں کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔ (قیمت =/۱۸۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

شمس در اسد

شمس برج اسد میں ۲۳ جولائی کو قبل سحر ۲ بجے پر داخل ہوگا اور ایک ماہ تک رہے گا۔

ذیل میں برج اسد کا موکل اور اس کا مربع دیا جاتا ہے جس شخص کو ضرورت ہو وہ اس عرصہ میں کسی بھی سوموار کے دن بارہ بجے سے پیشتر ساعت شمس میں زعفران سے لکھ کر اپنے دونوں بازوؤں پر باندھ لے لیکن نقش لکھنے سے قبل دو رکعت نماز پڑھے اندازہ رہے کہ اس ماہ ساعت شمس ایک گھنٹہ تک ہوا کرے گی۔ یہ یاد رکھیں کہ نقش کی پشت پر نام موکل نیچے اس کے ایک ایک لفظ اور اس کا عدد ہونا چاہئے جس دن کسی خاص امر کی ضرورت ہو تو موکل کا نام پڑھتے رہنا چاہئے افسران و حکام سے کام لینے اور خلقت میں یا ماتحت لوگوں کے دلوں میں خوف رکھنے کے لئے یہ نقش بہت کام دے گا۔ دوسرے لوگ بڑے ہوں یا چھوٹے روگردانی کرنے اور خلاف چلنے کی جرات نہ کرینگے لوح کے کل اعداد ۱۷۷ ہیں۔

یاشطفشیشا

ی ا ش ط ف ش ی ش ا

۱۰ ۱ ۳۰۰ ۹ ۸۰ ۶۰ ۱۰ ۳۰۰ ۱

۸	۱۱	۷۵۱	۱
۷۵۰	۲	۷	۱۲
۳	۷۵۳	۹	۶
۱۰	۵	۴	۷۵۲

طلسم اسد

وہ لوگ جن کا برج اسد ہے ۲۳ جولائی سے ۲۲ اگست کے درمیان پیدا ہوئے ہیں وہ اس طرح کا طلسم تیار کریں جو خاص سونے کا ہو۔ جب سورج برج اسد میں داخل ہو اس کے بعد جو اتوار آئے اس میں ساعت شمس میں کندہ کریں یا کاغذ پر زعفران سے لکھیں یا زرد کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں۔

زمانہ قدیم کے علماء کا کہنا ہے کہ جن کا برج اسد ہے یا جن کا نام کے پہلا حرف م آتا ہے عورت ہو یا مرد سرفرازی لاتا ہے جاہ طلبی، مرتبہ، لیڈر شپ اور دولتمندی لاتا ہے نیز دشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے اور جن لوگوں کو دلی امراض ہوں دل بہت دھڑکتا ہو، کمزور ہو یا جوڑوں کے درد ہوں۔ گٹھیا کا مرض ہو تو اس طلسم کو پہنیں خواہ وہ کوئی ہوں اسد کے ہوں یا نہ ہوں ان کو امراض سے شفا ہوگی۔

یہ طلسم غیر متوقع نقصانات یا ترقیوں تک نہ پہنچنے والے اسباب کی روک تھام کرتا ہے صرف اتوار کا دن تیاری کا ہونا چاہئے طریقہ یہ ہے کہ لوح کے ایک طرف مندرجہ بالا نقش بنائیں چاروں طرف موکل کا نام لکھیں علیحدہ حروف اور علیحدہ اعداد کی ضرورت نہیں۔ لوح کی دوسری طرف یہ طلسم بنائیں۔



شرطائیل

دو خاص عمل

جس وقت آفتاب برج اسد میں داخل ہو جو شخص اس وقت اذورزہ چھ حرفوں کو سرخ سیاہی سے لکھ کر اس انگوٹھی کے نیچے رکھے جس پر سرخ یا سبز یا سفید نگینہ ہوگا تو اس شخص کو تمام رنجوں، بلاؤں اور ناگہانی مصیبتوں سے خدا محفوظ کر دے گا۔

اگر کوئی شخص حروف آتشی اھطمفشذ کو عورت کے دودھ میں (جس کا لڑکا ہو) زعفران ملا کر لکھے اور اس کو تعویذ بنا کر ٹوپی یا پگڑی میں رکھ کر گھر سے باہر نکلے تو مخالفت کرنے والے دشمن اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے اگر ایسا ہی نقش بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے تو نظر بد، سایہ، نظر گفتار اور عام امراض سے بچہ محفوظ رہے گا۔

علم نجوم کے مبتدیوں کیلئے
آسان ابتدائی کتاب

اسباق النجوم

اس وقت جس قدر کتب نجوم آپ کو ملیں گی۔ ان میں ابتدائی قواعد اس صورت میں مجموعی طور پر نہیں ملتے کہ کوئی شخص اس سے سیکھ سکے۔ پرانے اور فرسودہ طریقہ پر ہندوانہ اصطلاحوں سے بھرپور کتابیں ملیں گی۔ اس اہم کمی کو مدنظر رکھ کر ''اسباق النجوم'' کو مرتب کیا گیا ہے۔ یہ مبتدیوں کے لئے بہترین کتاب ہے۔ اس کائناتی سائنس کی تعلیم کے لئے میں نے مشرق و مغرب کے قدیم و جدید طریقوں سے کام لے کر ان اسباق کو ترتیب دیا ہے۔ ہمارے ملک میں ایک عرصہ سے ایسی کتاب کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی جو علم نجوم کے ابتدائی اصول و قوائد جاننے میں مدد دے۔ نہایت غور و خوض سے آسان طریقہ اختیار کیا گیا ہے واقفان نجوم کو بھی اس سے اہم اور جدید معلومات ملیں گی۔ اس میں ۲۳ مندرجہ ذیل اسباق ہیں۔

(۱) کواکب (۲) بروج (۳) دائرۃ البروج (۴) بارہ گھروں کی تفصیل (۵) تشریحات بروج (۶) بروج کے منسوبات (۷) تقسیم کواکب کا نظریہ (۸) کواکب کی خاصیتیں (۹) شمسی طالع پڑھنا (۱۰) تقویم سے کام لینا (۱۱) ارضی وقت کیا ہے (۱۲) کواکبی وقت کیا ہے (۱۳) تسویۃ البیوت (۱۴) زائچہ کا پڑھنا (۱۵) کواکب کے درجات معلوم کرنا (۱۶) جدول یومیہ اعداد متناسب (۱۷) زائچہ میں کواکب کو پر کرنا (۱۸) نظرات (۱۹) کواکب زائچہ کے گھروں میں (۲۰) احکام لگانے کا طریقہ (۲۱) پیشینگوئیاں کرنا (۲۲) آثار البیوت (۲۳) بارہ بروج کی فلاسفی اور ان کے معانی۔

قیمت =\۴۸۰ روپے* محصول ڈاک

طالع وقت کے جدید نقشے۔ جدید منسوبات

اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

اسمائے الٰہی

الرافع

رافع کے معنی ہیں۔ رفعت دینے والا۔ مومنین کے سروں کو بہ سبب ان کی سعادت کے بلند کرنے والا یہ اسم جمالی ہے اور عنصر اس کا خاکی ہے۔

یہ اسم اس زمین میں خدا کی حکمت ہے اس کے موکل کا نام مرقائیل ہے جس کے ماتحت چار افسر ہیں۔ جن میں سے ہر ایک ۳۵۱ صفوں کا مالک ہے اور ہر صفت میں ۳۵۱ فرشتے ہیں۔ جب ذاکر اس اسم کا ذکر کرتا ہے تو اس کا موکل حاضر ہو کر اس کے سامنے امور دنیا پیش کرتا ہے۔ پس اگر اس نے دنیا کو اختیار کیا تو دنیا اس کو حاصل ہو جائے گی۔ مگر آخرت سے محروم رہ جائے گا۔ اور اگر آخرت کو اختیار کرتا ہے تو دونوں کام درست ہو جاتے ہیں۔

اس اسم کے ذکر سے فتوحات حاصل ہوتی ہیں ذکر سے مراتب بلند ملتے ہیں۔ اگر اس کا ذاکر اہل سلوک میں سے ہے تو اس کے حرکات وسکنات میں عدل کی توفیق ہوگی۔

اسم الرافع کو جو شخص اس کے اعداد کے مطابق پڑھے تو خلائق میں اس کی قدر بلند ہوگی۔ اور رفع اور حفض کے تنزلات اس پر منکشف ہوں گے۔ اس اسم میں اسم اعظم کے دو حرف ہیں۔

جب انسان پر تنگی ہو تو اسم رافع کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور تلاوت کرتا رہے رزق اس پر آسان ہوگا اور کل عالم میں اس کی قدر و منزلت ہوگی۔ بلکہ دنیا کے کسی امر میں بھی ترقی کی ضرورت ہو تو ایسا ہی کرے۔

جو شخص اس کا ورد کیا کرے اس کو پروردگار خلق میں عزیز و مکرم گردانے اور توانگری عطا فرمائے گا۔ اور اگر کوئی اس اسم کی دعوت کو بجالائے تو دولت دن بہ دن زیادہ ہو۔

شیخ صاحب فرماتے ہیں کہ اس اسم کی تلاوت اہل جاہ کے لئے مناسب ہے۔ اگر کسی کے پاس اسباب معیشت نہ ہو۔ یا حقیر و بے اعتبار ہو یا اہل دنیا اس کو ذلیل سمجھتے ہوں یا حاکم کی نگاہوں میں غیر معتبر ہو۔ یا کسی ترقی کا خواہاں ہو۔ لیکن موانعات حائل ہوں۔ اس کو چاہئے کہ اس اسم مبارک کو نو عدد تکسیر کے ساتھ تلاوت کرے لوازم وعزائم ریاضت کے ساتھ کرے تو انشاء اللہ مقصود حاصل ہو۔ اور اعداد تکسیر معہ صدر موخر کے اٹھارہ سو چھیاسٹھ ہے اور ۹ عدد تکسیر سترہ ہزار سات سو چوارنوے ہوئے۔

اور اگر ایک سو بیس روز کی دعوت بجالائے تو ایسی رفعت بلندی حاصل ہو جس میں زوال نہ ہو۔ اور شیخ مغربی علیہ الرحمتہ تحریر فرماتے ہیں کہ اعداد تکسیر کے مطابق دعوت بجالائے اعداد تکسیر بلا صدر موخر نو ہزار چار سو ستہتر ہیں۔ اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو ایک ہزار ترپن مرتبہ یا ایک ہزار آٹھ سو چھیاسٹھ مرتبہ روزانہ تلاوت کرے لیکن شرائط خلوت کو باہتمام خالص بجالائے اور اس نقش مربع کو لوح طلا یا نقرہ پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور بوقت دعوت لوح کو پیش سجادہ رکھ کر تا ختم ذکر لوح پر نگاہ رکھے۔ تا کہ عمل میں قبولیت کے آثار پیدا ہو جائیں۔

ر	ع	ف	ا
ف	ا	ر	ع
ا	ف	ع	ر
ع	ر	ا	ف

اگر کسی پر روزی کے دروازے بند ہو جائیں تو اسم رافع کا ذکر شروع کرے۔ انشاء اللہ روزی کشادہ ہوگی اور اس اسم کی تختی نقری شرف قمر میں تیار کر کے پاس رکھے تو روزی لگی رہے گی۔

اور اگر نحیف زار ہے یا تحصیل علم میں کوشاں ہے تو اس اسم اور اس لوح کی برکت سے پروردگار عالم قوت اور لاعلم عطا فرمائے۔ تختی اس کی یہ ہے چال بادی سے لکھے۔

۷۸۶

ر	ا	ف	ع
۷۹	۷۱	۱۹۹	۲
۶۸	۷۸	۳	۲۰۲
۴	۲۰۱	۶۹	۷۷

اپنی مخفی قوتوں کو قابو میں لانا

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ اس کا ہمزاد پیدا ہوتا ہے۔ یہ اس کا مخفی جسم ہے۔ اس کو بذریعہ عمل یا ریاضت بطن ظاہری میں لایا جاتا ہے اور پھر اس سے عامل اپنے دنیاوی کاموں میں مدد لے سکتا ہے۔ اس جسم کے لئے وقت اور فاصلہ کوئی معنی نہیں رکھ سکتا۔ لہذا آن کی آن میں دور دراز سے خبریں لاسکتا ہے۔ وہاں سے چیزیں لانا۔ کوئی کام کر کے آجانا اس کیلئے منٹوں سیکنڈوں کا کام ہوتا ہے۔ دو شخصوں میں محبت یا دشمنی ڈالنا کسی جگہ کا نقشہ لانا۔ گم شدہ جانور یا آدمی یا دفینہ کا پتہ دینا۔ امراض کا علاج بتانا۔ پرانے واقعات کی کیفیت بہم پہنچانا اس کے لئے معمولی کام ہے۔ اس کتاب میں بیس طریقے اور عملیات ہیں۔ اپنی ہمت کے مطابق انتخاب کر کے ہمزاد قابو میں کیا جاسکتا ہے۔

(قیمت =/۲۰۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

ماہ جولائی

نام ایام	جولائی ۲۰۱۸ء	شوال ۱۴۳۹ھ	ہاڑ ۲۰۷۵ب	توقیعات	منسوبی نمبر	درجہ برج	عین وقت	شمس در سرطان	مواضع قمر: برج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اشکال	حالتا
اتوار	۱	۱۶	۱۸		۱			۱۱			اضبیہ	۳:۰۲		
پیر	۲	۱۷	۱۹		۲			۱۲	حوت	۲۲:۳۰	مقدم	۵:۱۱		حضیض
منگل	۳	۱۸	۲۰		۳			۱۳			موخر	۷:۰۶		
بدھ	۴	۱۹	۲۱		۴			۱۴			رشا	۸:۴۲		
جمعرات	۵	۲۰	۲۲		۵			۱۵	حمل	۹:۴۹	شرطین	۹:۴۹		
جمعہ	۶	۲۱	۲۳		۶			۱۶			بطین	۱۰:۱۶	◒	تربیع دوم
ہفتہ	۷	۲۲	۲۴	شرف قمر	۷			۱۷	ثور	۱۷:۵۰	ثریا	۱۰:۰۴		شرف
اتوار	۸	۲۳	۲۵		۸			۱۸			دبران	۹:۰۶		
پیر	۹	۲۴	۲۶		۹			۱۹	جوزا	۲۱:۵۷	ہقعہ	۷:۲۶		فرح
منگل	۱۰	۲۵	۲۷	زہرہ در سنبلۂ مشتری مستقیم	۱			۲۰			ہنقہ	۵:۰۶		
بدھ	۱۱	۲۶	۲۸	اوج شمس	۲			۲۱	سرطان	۲۲:۵۸	ذراعہ نثرہ	۲:۱۴ ۲۲:۵۸		ترفع
جمعرات	۱۲	۲۷	۲۹		۳			۲۲			طرفہ	۱۹:۲۴		
جمعہ	۱۳	۲۸	۳۰	سورج گرہن ✹	۴			۲۳	اسد	۲۲:۳۰	جبہۃ	۱۵:۴۴	●	اجتماع
ہفتہ	۱۴	۲۹	۳۱	نیا چاند ☾	۵			۲۴			زہرہ	۱۲:۰۴		
اتوار	۱۵	ذیقعد	۳۲	یکم ذی قعد ۱۴۳۹ھ	۶			۲۵	سنبلہ	۲۲:۳۰	صرفہ	۸:۳۸		اوج
پیر	۱۶	۲	ساون		۷			۲۶			عوا	۵:۳۰		
منگل	۱۷	۳	۲		۸			۲۷			سماک	۲:۴۸		
بدھ	۱۸	۴	۳		۹			۲۸	میزان	۰۰:۴۱	غفرہ زبانہ	۰۰:۴۱ ۲۳:۱۰		
جمعرات	۱۹	۵	۴		۱			۲۹			اکلیل	۲۲:۲۱		
جمعہ	۲۰	۶	۵	قمر در عقرب	۲			۳۰	عقرب	۶:۱۲	قلب	۲۲:۰۹	◒	ہبوط تربیع اول
ہفتہ	۲۱	۷	۶		۳			۳۱			شولہ	۲۲:۳۵		
اتوار	۲۲	۸	۷		۴			۳۲	قوس	۱۵:۱۱	لغائم	۲۳:۳۵		طرح
پیر	۲۳	۹	۸	شمس در اسد ♌	۵			اسد						
منگل	۲۴	۱۰	۹		۶			۲			بلدہ	۱:۰۰		
بدھ	۲۵	۱۱	۱۰		۷			۳	جدی	۲:۴۸	ذابح	۲:۴۸		وبال
جمعرات	۲۶	۱۲	۱۱	رجعت عطارد	۸			۴			بلعہ	۴:۴۸		
جمعہ	۲۷	۱۳	۱۲		۹			۵	دلو	۱۵:۴۰	سعود	۶:۵۸		
ہفتہ	۲۸	۱۴	۱۳	چاند گرہن ☽	۱			۶			اخبیہ	۹:۰۵	○	استقبال
اتوار	۲۹	۱۵	۱۴		۲			۷			مقدم	۱۱:۱۰		
پیر	۳۰	۱۶	۱۵		۳			۸	حوت	۴:۲۷	موخر	۱۳:۰۲		حضیض
منگل	۳۱	۱۷	۱۶		۴			۹			رشا	۱۴:۳۹		

کیا آپ کا برج سرطان ہے؟

۲۱ جون سے ۲۰ جولائی کے درمیان پیدا ہونے والے لوگ جائیداد یا زمین کی فروخت کے کام میں بڑے کامیاب رہتے ہیں- اس کام کی طرف ان کا رجحان اور اس کی سمجھ بوجھ ان میں فطری ہوتی ہے- یہ حساس اور صابر قسم کے افراد (مرد وعورت دونوں) شاندار بیرسٹر یا ذہین ٹی وی پروڈیوسر بھی بنتے ہیں-

ان میں سے اکثر افراد کسی اسکول یا تعلیمی ادارے کا سربراہ بن کر یا بہ حیثیت سوشل ورکر روحانی مقاصد کی تکمیل کرتے ہیں- اس لئے کہ یہ دوسروں کو سمجھنے کی صلاحیت اور سرگرم ضمیر رکھتے ہیں- کچھ سرطانی افراد کے لئے سمندر اپنے اندر بے حد کشش رکھتا ہے اس لئے وہ نیوی میں یا کسی بحری جہاز پر ملازمت اختیار کر لیتے ہیں یا پھر ماہی گیری کا کام شروع کر دیتے ہیں-

بہت سے فیشن ڈیزائنرز اس برج کی پیدائش ہیں اس کے علاوہ یہ بہت ہمدرد دان ساز بھی ہوتے ہیں- موجودہ دور کی سرطانی عورت ٹیکسی ڈرائیوری کرتی ہے یا پھر کسی فیکٹری میں پرسنل منیجر کا کام کرتی ہے-

سرطانی آدمی ملازمت تبدیل کرنے سے نفرت کرتا ہے اور اکثر کسی ایک خاص کمپنی ہی میں رہ کر زندگی گزار دیتا ہے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ اگر وہ کسی اور جگہ یا کسی اور کمپنی میں کام کر لے تو وہ زیادہ روپیہ کما سکتا ہے- سرطانی آدمی روپیہ کی قدر و قیمت جانتا ہے اور بہت سوچ سمجھ کر خرچ کرتا ہے- مالی تنگی اس کے نزدیک ایک بھیانک خواب ہوتی ہے- یہ کنجوس نہیں ہوتا لیکن حقیقی صورتحال سے آگاہ رہنا پسند کرتا ہے تاکہ بھوک اور مالی تنگی کو گھر کے دروازے سے دور رکھا جا سکے-

اگر ایسا ہے تو اپنی فطرت اور مقسومی حالات کو ذیل سے پڑھئے اور اپنے آپ کو سمجھئے-

سرطانی آدمی کے پاس فکر و پریشانیوں کا نہایت عمدہ ذخیرہ ہوتا ہے- یہ آدمی اپنی فرم یا ادارے میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہو سکتا ہے- یا اس کا اپنا نہایت کامیاب کاروبار ہو سکتا ہے اور اس نے بُرے دنوں کے لئے اچھی خاصی رقم بچا کر الگ رکھی ہوتی ہے- پھر بھی ملازمت سے نکالے جانے' دیوالیہ ہونے پر کاروبار میں لگائے ہوئے روپے کے ڈوب جانے کا خوف چوبیس گھنٹے اس کے سر پر سوار رہتا ہے اپنے اوپر سوار اس دباؤ کو کام کی زیادتی یا اپنی صلاحیتوں کی تعریف نہ کرنے کی شکایت کر کر کے کم کرتا رہتا ہے اس کی ناراضگی اور افسردگی کی بھی کوئی انتہا نہیں ہوتی لیکن یہ سب کچھ فرضی پریشانیوں کے متعلق ہوتا ہے لیکن وہ زبردست اور بڑا مسئلہ جو واقعی اسے پریشان کئے ہوئے ہوتا ہے اس کی وجہ سے شاذ و نادر ہی اپنی پریشانی کا اظہار کرتا ہے-

سرطانی آدمی ہمیشہ اداس اور آزردہ نہیں رہتا بلکہ وہ خوش و خرم اور مطمئن بھی نظر آتا ہے- خاص طور پر اس صورت میں کہ جب وہ آپ کو کسی سمندری سفر کے دوران یا تاریخی کھنڈرات میں گھومتا ہوا ملے گا- یہ پیدائشی سیاح ہوتا ہے اور سفر کے دوران جو خوبصورت اشیاء اکٹھی کرتا ہے ان کی اگر کوئی تعریف کر دے تو اس کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں رہتی- ان میں سے کچھ چیزیں اس کے گاہکوں کے لئے ہوتی ہیں جن کے ذوق اور پسند ناپسند سے یہ واقف ہوتا ہے لیکن باقی تمام چیزیں خود اس کی اپنی ذات کے لئے ہوتی ہیں-

اکثر سرطانی مرد و عورتیں اپنی دلچسپی کی چیزیں جمع کر کے بے حد خوشی محسوس کرتے ہیں یہ چیزیں ٹکٹیں' چینی کے چھوٹے چھوٹے جانور' قدیم زمانے کی بوتلیں رنگین گلاس یا پرانے پنکھے ہو سکتے ہیں- ان میں سے ہر چیز اپنے سرطانی مالک کو بے حد خوشی بخشتی ہے اور وہ بھی ہر چیز کے حصول کی داستان بڑی محبت سے دوسروں کو سناتا ہے-

برج سرطان گھر' خاندان' والدین اور بچوں سے منسوب ہے اور یہ تمام چیزیں ایک سرطانی کی زندگی کو بنا یا بگاڑ دیتی ہیں تاہم یہ گھر سے چاہے کتنی ہی دور چلا جائے- گھر واپس آ کر ہمیشہ خوش ہوتا ہے اور اپنے پیاروں کے لئے تحفوں سے لدا پھندا واپس آتا ہے- ملازمت یا کام کی وجہ سے چاہے کتنا ہی مصروف کیوں نہ ہو اپنے والدین کی دیکھ بھال سے اور خاص طور پر ماں کی طرف سے کبھی غافل نہیں رہتا- ماں سے اس کی محبت اس قدر بڑھی

دائرۃ البروج	یہ چوتھا برج ہے-
عرصہ پیدائش	۲۱ جون تا ۲۰ جولائی (اندازاً)
عنصر	آبی
ماہیت	منقلب
حاکم ستارہ	قمر
برج کی علامت	کیکڑا

ہوئی ہوتی ہے کہ بیوی کے لئے تکلیف دہ بن جاتی ہے۔

• وہ عورت جو اس ضرورت سے زیادہ حساس اور خاندان کو اہمیت دینے والے شخص کے ساتھ زندگی گزارنے کا فیصلہ کرتی ہے آرام دہ زندگی تو گزارتی ہے مگر یہ زندگی آسان ہرگز نہیں ہوتی سرطانی اپنی بیوی کو پوجتا ہے لیکن اکثر و بیشتر اس کا موازنہ اپنی ماں سے کرتا رہتا ہے یہ بیوی کی حفاظت کرتا ہے اور اس کے متعلق بے حد رومانی خیالات رکھتا ہے لیکن بیوی کا اس کے انتہا درجے کے ڈپریشن اور اداسیوں سے بھی واسطہ پڑتا ہے اور ان اداسیوں اور تاریک موڈ کی وجہ کا علم سوائے اس کے شوہر کے اور کسی کو نہیں ہوتا۔

سرطانی آدمی کی بیوی کو اس کی شکل میں ایک وفادار شریک حیات مل جاتا ہے۔ (بیشتر اوقات یہ وفادار رہتا ہے) اس برج پر قمر کی حکومت ہے جو جذبات اور احساسات پر حکومت کرتا ہے لہذا سرطانی شوہر اپنے احساسات اور جذبات پر زبردست یقین رکھتا ہے۔ بعض اوقات (ویسے ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا ہے) یہ مبہم جوئی پر مائل ہوتا ہے لیکن اس کا یہ شوق یا دلچسپی بہت مختصر مدت کے لئے ہوتی ہے۔ بعض اوقات پہلی نظر میں محبت میں بھی مبتلا ہوسکتا ہے لیکن جب یہ عاشقانہ جذبات سرد پڑتے ہیں تو فوری طور پر اپنے گھر لوٹ آتا ہے۔

دراصل اس کے لئے اس کا گھر اور خاندان ہی سب کچھ ہوتا ہے اس کے نزدیک نہ صرف گھر اور خاندان بلکہ اس کی روایات، اس کا ماضی اور اس کا مستقبل سب کچھ بے حد اہم ہوتا ہے بعض اوقات اس کی بیوی یہ ضرور محسوس کرتی ہے کہ وہ حد سے زیادہ قابضانہ فطرت کا مالک ہے اس کے بچے اپنے آپ کو ضرورت سے زیادہ تحفظ کے سائے تلے دبا ہوا محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ وہ بچوں کو اپنی نظروں سے دور کرنا سخت ناپسند کرتا ہے۔ لیکن بیوی اور بچے کم از کم یہ ضرور محسوس کرتے ہیں کہ ان سے مسلسل محبت کی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر وہ اس کی سرطانی بلند و بالا امیدوں اور توقعات پر پورا نہیں اترتے تب بھی وہ ان سے محبت کئے جاتا ہے۔

سرطانی لڑکی باوقار بھی ہوتی ہے اور عقلمند و دور اندیش بھی۔ رومانٹک بھی ہوتی ہے اور شفیق بھی۔ دراصل یہ بہت سی صلاحیتوں اور کئی مختلف جذبات کا امتزاج ہوتی ہے۔

سرطانی لڑکی خواہ سیکرٹری ہو خواہ ڈائریکٹر ہر دلعزیز ہوتی ہے اور ساتھ کام کرنے والوں میں پسند کی جاتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ یہ جارحانہ فطرت کی مالک نہیں ہوتی اور نہ زبردستی کوئی چیز چھیننے پر یقین رکھتی ہے۔ یہ جو کام یا ملازمت اختیار کرتی ہے اسی میں ٹکی رہتی ہے۔ بشرطیکہ اس میں ترقی کے امکانات ہوں سرطانی آدمی کے برخلاف یہ اکثر ملازمت تبدیل کرتی رہتی ہے اس لئے کہ یہ آگے اور آگے جانا چاہتی ہے مگر اپنے نرم اور حلیم انداز میں کچھ عقلمندی سے کام لیتے ہوئے اور کچھ دوسروں کے احکامات مانتے ہوئے کیریئر کی سیڑھیاں چڑھتی جاتی ہے۔

سرطانی لڑکیوں اور عورتوں کو عموماً خوبصورت سمجھا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اگر ان کے نقوش خوبصورت نہ ہوں پھر بھی انہیں خوبصورت تصور کیا جاتا ہے لیکن اسے اپنی خوراک کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے اس لئے کہ یہ نہ صرف کھانے بلکہ دوسروں کو بھی کھلانے کی شوقین ہوتی ہیں کیونکہ ان کے نزدیک کھانا زندگی کی خوبصورت چیزوں میں سے ایک ہے اور خوبصورت چیزوں کو وہ اپنے پیاروں کے ساتھ مل بانٹ کر استعمال کرنا چاہتی ہیں اکثر سرطانی لڑکیاں بہت عمدہ کھانا پکاتی ہیں۔

ان پر چوں کہ قمر کی حکومت ہے اس لئے یہ بہت موڈی ہوتی ہیں۔ باآسانی دل شکستہ ہوجاتی ہیں اور ہمہ وقت تبدیل ہوتے رہنے والی فطرت رکھتی ہیں۔ ایک دن بہت سوشل اور ملنسار نظر آتی ہیں اور دوسرے دن رونی صورت بنائے ہوئے بے حد اداس دکھائی دیتی ہیں۔ صبح خوش و خرم ہوتی ہیں تو رات کو بے تحاشا اداس ہوتی ہیں آخر کیوں؟ اس کی وجہ وہ خود نہیں جانتیں۔

سرطانی لڑکی کو ایک مضبوط آدمی کی خواہش ہوتی ہے جو مصیبت اور پریشانی حالت میں اسے تسکین اور سہارا دے سکے ایسا آدمی جو اس کی خریدی ہوئی چیزوں کی تعریف کرسکے اور عمدگی سے

گھر چلانے اور گھر کی آرائش میں اچھے ذوق کو سراہ سکے۔ اس لئے کہ سرطانی لڑکی سفر کی بے حد شوقین ہونے کے باوجود ایک گھریلو لڑکی ہوتی ہے اور اس کے نزدیک کوئی چیز اس کے گھر سے زیادہ اہم نہیں ہوتی۔

آدمی سرطانی لڑکی کو بے حد پسند کرتے ہیں اس لئے کہ وہ جنسی لحاظ سے اس کی مضبوطی اور اس کے مشفق رویئے کو محسوس کر لیتے ہیں جب کہ وہ لڑکی ان خوبیوں کو اپنے ہمدردانہ اور سمجھدارانہ رویہ کے پردے میں چھپائے رکھتی ہے اور پھر یہ لڑکی جو کسی بھی آدمی کی پریشانیوں کو سمجھ سکتی ہے۔ بہت جلد اس کی شریک زندگی بن جاتی ہے۔

سرطانی لڑکیاں اچھی بیوی ثابت ہوتی ہیں تاہم وہ گھر کی صفائی، خریداری یا کھانا پکانے میں اپنے آپ کو ہلکان نہیں کرتیں۔ بلکہ وہ گھریلو کام کاج کی آسانی کے لئے اپنی حیثیت کے مطابق مشینری ضرور خریدتی ہیں اور اپنی صلاحیتوں اور سلیقے سے کام لے کر گھر کو آرام دہ بناتی ہیں اس لئے کہ یہ گھر ہی ان کی سلطنت ہوتی ہے جہاں وہ اپنے آپ کو باہر کی ظالم دنیا سے محفوظ خیال کرتی ہیں۔

سرطانی لڑکی کے لئے اس کے بچے اس کی سب سے بڑی خوشی ہوتے ہیں ان سے اس کی زندگی کی تکمیل ہوتی ہے وہ ان کی خوراک کے متعلق بہت غور و فکر کرتی ہے۔ بہترین لباس پہناتی ہے جس سے اس کی خوش ذوقی کا اظہار ہوتا ہے وہ اپنے بچوں کے ساتھ مختلف قسم کے کھیل کھیلتی ہے۔ ڈرامائی قسم کی پریوں کی کہانیاں سناتی ہے ان کے ساتھ مل کر ریاضی سیکھتی ہے اور سکھاتی ہے حالانکہ ہوسکتا ہے کہ وہ خود اس مضمون میں ہوشیار نہ ہو یہ بھی ممکن ہے کہ اسے یہ مضمون بالکل ہی نہ آتا ہو۔

جب بچے بڑے ہوجاتے ہیں اور اس وسیع و عریض دنیا میں کہیں اور نکل جاتے ہیں تو یہ چیز اس کے لئے ناراضگی کا باعث نہیں بلکہ دکھ کا باعث ہوتی ہے انہیں جانے کی اجازت دینا اس کے لئے آسان نہیں ہوتا کیونکہ وہ چاہے کتنے ہی بڑے ہوجائے اس کی نظر میں بچے ہی رہتے ہیں لیکن پھر یہ سوچ کر دل کو مطمئن کر لیتی ہیں کہ وہ اپنے بچوں کے بچوں کے سہارے زندگی گزار لے گی۔

جب آپ کسی سرطانی سے ملتے ہیں تو اس کی رفاقت میں آپ بہت سکون محسوس کرتے ہیں اس لئے کہ ان میں ایک ایسی شریف النفسی قوت اور مضبوطی ہوتی ہے جو دوسروں کو تحفظ اور شفقت کا احساس بخشتی ہے اس قوت میں جارحانہ پن کا شائبہ تک نہیں ہوتا آپ پہلی نظر میں ان کے بیرونی سخت خول کو محسوس کر لیں گے جسے بڑی محنت سے چمکایا اور سخت بنایا گیا ہوگا لیکن یہ بیرونی خول دراصل ایک بے حد غیر محفوظ اور قابل مجروح باطن کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے۔

سرطانی مرد و عورت ہر دو ہر اس چیز کی حفاظت بڑے دل و جان سے کرتے ہیں جو ان کے نزدیک اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔ یہ چیز ملازمت بھی ہوسکتی ہے۔ گھر بھی، روپیہ پیسہ یا شریک حیات بھی ہوسکتا ہے۔

قدیم علوم کا سائنٹیفک نظریہ
ان کے ذاتی تجربات اور اصل حقائق و اثرات
سعادت و نحوست کا حساب، حیرت و تجسس پر مبنی ناول

ناشون

تحریر: شازلی سعید مغل

۴۵۰ صفحات

Postage Rs: 50

برصغیر میں علمِ تسخیر کے بانی حضرت کاش البرنیؒ کی عاملیت و کاملیت، روحانیت، محبت، تصوف اور دوسری دنیا کے تجربات و مشاہدات پُراسراریت کے نت نئے راز کھولتا ایک سحر انگیز ناول جس کے مرکزی کردار حضرت کاش البرنیؒ ''بنام'' ''ناشون'' ہیں

اپنا آڈر ان نمبروں پر بک کروائیں
021-34949944
021-32018699
0333-7202964
یا قریبی بکسٹال سے خرید فرمائیں

قیمت: ۵۰۰ روپے

ابھی رابطہ کر کے اپنی کاپی بک کروائیں یا اپنے قریبی بکسٹال پر اپنا آڈر بک کروائیں۔

Auraq Publishers, Ibrahim market, PIB Colony, Karachi 74800



ماہ جولائی کیسا گزرے گا؟

آپ کی تاریخ پیدائش کے ساتھ برج اور ستارہ دیا گیا ہے- اس کے تحت اس ماہ کے حالات پڑھیں- اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو نام کے پہلے حرف اول کے تحت پڑھیں

برج حمل- ستارہ مریخ

حروف:- ا۔ل۔ع۔ی

پیدائش:- مارچ ۲۱ تا اپریل ۲۰

اس ماہ کام اور کاروبار پر اثر پڑے گا- والدین' شریک زندگی اور بچوں کی صحت کا خاص خیال کریں-

مریخ زائچے کے گیارہویں گھر میں رجعت میں رہے گا- اس ماہ دوسروں کے تعاون سے بہت کچھ حاصل کرسکیں گے وہ خاص مقاصد جن کی وجہ سے آپ کلبوں' گروپوں یا سماجی اور معاشرتی سرگرمیوں سے منسلک ہیں تو یہ ماہ ترقی پذیر اور سرگرم ثابت ہوگا- اس ماہ کسی ادارے یا کلب کا ممبر بن کے یا گروہی سرگرمیوں میں شرکت کرکے سماجی اور کاروباری حلقے کو وسعت دے سکیں گے- وہ افراد جو سماجی اصلاحات و سیاست اور انسانی فلاح و بہبود میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اس ماہ کچھ مثبت اقدامات کرنے کا موقع ملے گا- چنانچہ کوئی بھی جرات مندانہ قدم اٹھاتے ہوئے بالکل نہ گھبرائیں- ان تمام معاملات کے لئے ۶'۱۰'۱۸'۲۳'۲۷ تاریخ موافق ثابت ہوگی- تاہم یہ بات ذہن میں رہے کہ کواکب کے اثرات حادثات اور فساد کا سامنا کرنا آسان نہیں ہوتا ہے- ۸'۱۴'۲۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت یہ عموماً اختلاف اور لڑائی جھگڑے کی نشاندہی کرتے ہیں-

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا- قریبی لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی کی وجہ سے ملازمت یا آپ کے کام میں رکاوٹیں حائل ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے- لوگ پریشان کن حد تک تکلیف دہ ثابت ہوں گے اور تمام کاموں میں غیر یقینی کی صورت حال رہے گی- حالات غیر تسلی بخش رہیں گے- جس جگہ اور جو کام آپ کررہے ہیں اسی کو ہی آگے بڑھانے کی کوشش کریں- قریبی رشتہ داری اور سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ احتیاط کے ساتھ تمام امور میں حصہ لیں- تاہم کسی بھی اہم فیصلہ کرنے میں شامل نہ ہوں-

۹ تاریخ کو عطارد مشتری کی تربیع ہوگی- رشتہ داروں اور قریبی افراد کے ساتھ مالی و کاروباری امور کے معاملات میں جھگڑا یا اختلاف پیدا ہوسکتا ہے- خفیہ دشمنی رکھنے والے افراد آپ کی زندگی کو کئی طرح سے نقصان دینے کی کوشش کریں گے- اس دن کے نزدیک کاروباری معاملات میں بھی احتیاط رکھیں- غیر ضروری اخراجات کے علاوہ قانونی امور بھی پریشان کریں گے- بینک' انشورنس اور ٹیکس کے معاملات بھی ابھریں گے-

زہرہ ۱۱ تاریخ کو زائچے کے چھٹے گھر میں داخل ہوگا- لہذا اس ماہ روزگار کی سرگرمیوں کو اہمیت حاصل رہے گی- یہ ماہ ملازمین' سروسز کی سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگا- وہ افراد جو مختلف اداروں میں ٹینڈرز کے ذریعہ سروسیز فراہم کرتے ہیں یہ ماہ ان کو فائدہ دے گا- یا وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا- جبکہ وہ افراد جنہیں حال ہی میں کام اور روزگار کے معاملات میں یا دفتر میں مشکل حالات کا سامنا رہا ہے- دوسری طرف وہ افراد جنہیں زائد کام سے واسطہ پڑا تھا ان کے بوجھ میں کمی آجائے گی- اس گھر میں زہرہ کی موجودگی ساتھ کام کرنے والے افراد کے ساتھ تعلقات بہتر بنادے گی- زہرہ محبت کے معاملات پر حکومت کرتا ہے- چنانچہ اس ماہ کی ۷'۱۲'۱۶'۲۱'۲۶ تاریخ محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی-- دراصل بہت سے غیر شادی شدہ افراد کے کام کا ماحول ان کی زندگی میں محبت کا عنصر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا- نفسیاتی لحاظ سے اس وقت گہرے جذباتی تضادات بھی ابھر کر سامنے آسکتے ہیں ان مسائل کو پس پشت ڈالنے کے بجائے انہیں حل کرنا آپ کے حق میں مفید ثابت ہوگا-

۲۲ تاریخ کی زہرہ مشتری کی تسدیس اس

بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ اگر کاروباری تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں یا کسی شراکتی معاملات کو آخری اور فیصلہ کن شکل دینا چاہتے ہیں یا گھریلو شادی کے معاملات یا قانونی چارہ جوئی کے کام کا بھرپور نتیجہ لینا چاہ رہے ہیں تو اس وقت کئے گئے ایسے تمام اقدامات امید افزاء ثابت ہونگے۔

عطارد زائچے کے پانچویں گھر میں موجود ہو گا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا چنانچہ یہ وقت سوشل ملاقاتوں، روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی لانے اور پرانے دوستوں سے تعلقات کی تجدید کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کی زیادہ تر توجہ فاضل اوقات کی سرگرمیوں کی طرف رہے گی اگر ان سرگرمیوں کو وسعت دینا چاہتے ہیں یا نئے خیالات پر عمل کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت ان مقاصد کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ پانچویں گھر میں موجودگی زائد خوش بختی لائے گی۔ اگر انعامی اسکیموں، کھیلوں اور ایسے مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جتنے کے لئے خوش قسمتی کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ وقت ان معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو تعلیم اور تدریسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اس وقت ترقی کا موقع ملے گا۔ بچوں کی صحت اور بہتری سے متعلقہ تمام معاملات کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

رسالہ روحانی دنیا کی اشاعت میں اضافہ آپ کا علمی و دینی فریضہ ہے

برج ثور ستارہ زہرہ

پیدائش:- اپریل ۲۱ تا مئی ۲۱

اس ماہ قریبی افراد کی باتوں سے مخالفت کی سوچیں ابھریں گی، محبت کے تعلقات بگڑ جائیں گے۔ جائیداد کے معاملات اور گھر کی تبدیلی کے لئے یا اگر گھر کی تلاش میں ہیں تو یہ وقت خوشی کا باعث ہوگا۔

زہرہ زائچے کے پانچویں گھر میں ۱۱ تاریخ کو داخل ہوگا۔ لہذا محبت کے معاملات، سوشل زندگی اور سیر و تفریح سے متعلقہ معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ چنانچہ ان افراد کے لئے محبت کے معاملات بے حد موافق ثابت ہونگے جو غیر شادی شدہ ہیں۔ زندگی میں نئے لوگوں کے ملنے سے ذہنی کوفت اور پریشانی دور ہو جائے گی۔ لہذا اس ماہ اتفاقیہ ملاقاتیں دیرپا نوعیت کے تعلق کا سبب بن سکتی ہیں اور محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تعلقات میں ہم آہنگی آئے گی۔ زہرہ ان افراد کو بھی فائدہ پہنچائے گا جو آرٹ سے محبت، آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے یا نئے دوست زندگی میں داخل ہونگے اور موجودہ وقت کے فیشن اور نئے تقاضوں کے ہم آہنگ ہونے کے خیالات سے آپ کے ہم خیال نکلیں گے۔ ایسے افراد جو تھیٹر، ڈرامے یا فلم کی دنیا سے منسلک ہیں ان کے لئے بھی یہ وقت خوش بختی لائے گا۔ انعامی اسکیموں یا ایسے کھیلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں جن میں جیتنے کے لئے خوش بختی کی ضرورت ہوتی ہے تو مندرجہ بالا موافق تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ کاروباری گفت و شنید کے لئے یہ وقت زیادہ موثر ثابت نہ ہوگا۔ دوسرے لوگوں کی نسبت آپ اپنے اظہار خیال سے دوسروں تک اپنی بات پہنچا نہ سکیں گے جس کے باعث کاروباری معاملات میں نقصان ملے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ کسی شعبے میں امتحان دے رہے ہیں تو اس وقت آپ کو اپنی بھرپور صلاحیتوں سے کام لینا ہوگا۔ آپ میں بے چینی اور اضطرابی کیفیت رہے گی۔ اس کے باعث کاموں میں غلطیاں کریں گے۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی۔ روزگار اور ملازمت کے حصول کے علاوہ جاہ طلبی میں بھی پریشانی آئے گی۔ اپنے اعتماد کو قائم رکھنے کے لئے بہت کوششیں کرنی پڑیں گی۔ پیشہ وارانہ معاملات کو آگے بڑھائیں، نئے طرز اور جدت پسندی کے ساتھ کام کر کے ہی اپنی صلاحیتوں کو منوانے کا موقع ملے گا۔ سماجی سرگرمیوں، رفاہ عامہ کے کاموں سے متعلق پروگراموں کے ذریعے مالی مقاصد کے حصول کی کوششیں بھی بارآور ثابت ہوگی۔

مریخ وتد السماء پر رجعت میں رہے گا۔ کیریئر میں ترقی کرنے اور روزگار اور صحت کی بہتری کے لئے کوششیں موافق ثابت ہوگی۔ یہ وقت ذہنی صلاحیتوں کے ساتھ جسمانی قوت میں پوری مدد کرے گا۔ لوگوں کو اعتماد میں لیں ان سے فائدہ اٹھا کر اپنے لئے جگہ بنائیں۔ وہ افراد جو کسی خاص ٹیکنیکل یا انجینئرنگ کے شعبے سے منسلک ہیں یہ اپنی صلاحیتوں کے ذریعہ ترقی کریں گے۔ یہ ماہ کام کے اعتبار سے زیادہ محنت لائے گا۔ لہذا جسمانی اور ذہنی ورزش کے لئے بھی وقت نکالیں اور ذہنی سکون حاصل کریں۔ مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۲، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا ان دنوں حتمی فیصلہ اور باقوت قدم اٹھانا ہی بہتری کے آثار پیدا کرے گا۔ تاہم ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں غصہ یا اشتعال نقصان دے گا۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی یہ وقت کاروباری معاہدات اور نئے شراکتی معاہدات کے لئے اہم ثابت ہوگی۔ اگر آپ کوئی زمین یا جائیداد خریدنا چاہ رہے ہیں یا اپنا روپیہ کسی کے ساتھ کاروبار میں لگا رہے ہیں تو یہ وقت ایسے تمام معاہدات کے لئے اہم اور منافع بخش ثابت ہو گا۔

عطارد زائچے کے چوتھے گھر میں موجود ہوگا

اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس دوران یہ آپ کو ذہنی لحاظ سے مستعد کر دے گا۔ نئے خیالات اور نظریات عطاء کرے گا اور آپ کی موجودہ سرگرمیوں اور دلچسپیوں میں رنگ پیدا کر دے گا۔ ان دنوں میں آپ خلاف معمول زیادہ نقل و حرکت کریں گے اور زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزرے گا۔ اس وقت رسل و رسائل اور خط و کتابت آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کرے گی ۔ اس سلسلے میں ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ خاص طور پر اہم ثابت ہوگی یہ تاریخیں اہم قانونی اور آفیشل معاملات طے کرنے کے لئے بھی موافق ثابت ہوگی۔ ادبی محفل یا تحریر و تقریر یا مقابلہ وغیرہ کے لحاظ سے تسلی بخش نتائج لائے گا اور اگر آپ نئی قسم کی مشینری اور محنت و وقت بچانے والے آلات کی خریداری کا ارادہ رکھتے ہیں تو گھوم پھر کر ان سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ نیا کاروباری معاملہ ہو یا اس سے متعلق گفت شنید یا اپنے نئے دفتر کی خریداری یا اسے بنانے سے متعلق کسی تعمیراتی افراد سے اہم معاملے پر گفتگو کرنا بے حد مدد آور ثابت ہوگا۔ عطارد ۵، ۲۲، ۲۹ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا ان تاریخوں میں کسی بھی نئے کام یا معاملے کو آگے بڑھانے سے قبل خوب اچھی طرح سوچیں اور التواء یا مشکلات کا سامنا کرنے کے لئے تیار رہیں۔

ساھیوال میں

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

طاہر بک اسٹال، نیوز پیپر ایجنٹ دیپالپور زمیندار نیوز ایجنسی، ساہیوال

برنی روزانہ کوا کبی گائیڈ ۲۰۱۸ میں سال کے سارے عملیات کے اوقات دیئے جاتے ہیں

برج جوزا۔ ستارہ عطارد

حروف:- ک۔ق

پیدائش:- مئی ۲۲ تا جون ۲۱

اس ماہ جوزاوی افراد اپنی دلچسپیوں سے روپیہ کمانے کی خواہش کو عملی جامہ پہنائیں گے۔ ہر کام دوسروں سے مل کر مکمل کرنے کی پوزیشن میں ہونگے۔

عطارد زائچے کے دوسرے گھر میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا ۔ قریبی عزیز رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا زیادہ ہوگا۔ لوگ اپنے کام کے سلسلے میں آپ کا زیادہ وقت لیں گے۔ تحریری کام، تعلیمی امور، خط و کتابت اور سفر کے ذریعے لوگوں سے ملاقات کر کے فائدہ اٹھائیں ۔ کسی خاص شعبے میں تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں کوششیں خاص کامیابی دیں گی۔ قریبی لوگ بھرپور مدد کریں گے۔ گھریلو مسائل اور نامکمل کاموں کو مکمل کرنے کی طرف توجہ دیں تا کہ ہر کام آسانی کے ساتھ ہو جائے۔ اخبارات اور رسائل سے مدد لیتے ہوئے ملازمت کے حصول کی کوشش کریں۔ اگر والدین کی زمین یا مکان ہے تو اس سے متعلقہ حساب چیک کریں، لوگوں سے قرضہ کی وصولیابی کی کوششیں بہتر ثابت ہونگی۔ عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ میراث اور ترکہ سے متعلق کئی معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ ذہنی بے چینی آپ کو غصہ اور انتشار میں مبتلا کرے گی۔ دوستوں کے ساتھ اور قریبی رشتہ داری میں بھی اس وقت کئی معاملات غلط فہمی کا شکار ہوں گے۔ خاندانی تعلقات بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ کسی بھی معاملے کو آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں غیر ضروری اور بے جا اظہار خیال کے ذریعے دوسرے کو تکلیف نہ دیں۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی اس دن کے نزدیک کاروباری معاملات یا قانونی اور آفیشل امور میں کوئی نہ کوئی بات پریشانی کا باعث بنے گی۔ ایسے کام جو بیرون ملک سے متعلق ہونگے ان میں کسی شخص کے ذریعے نقصان ملے گا۔ تاہم کاروباری مقابلے کے لوگوں سے بھی ہوشیار رہیں۔ ان دنوں جو بھی خفیہ معاہدات ہونگے وہ بھی آگے مسائل کا باعث بن سکتے ہیں۔

مریخ زائچے کے نویں گھر میں رجعت میں رہے گا۔ یہ آپ کے کاروباری سفر، قانونی اور آفیشل کاموں میں کمی واقع کر دے گا۔ اس ماہ روحانی علوم سے متعلقہ کتابوں کا مطالعہ کریں ۔ تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لے کر ہی ذہنی صلاحیت اور کھیل کے ذریعہ جسمانی نشوونما کر سکیں گے۔ اس ماہ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بیرون ملک سفر کر رہے ہیں تو کچھ مسائل کا سامنا ہوگا۔ اپنی قائدانہ اور مہم جو فطرت سے فائدہ اٹھائیں گے۔ اس ماہ بین الاقوامی تعلقات کو اہمیت دیں گے۔ مذہب کی طرف لگاؤ ہوگا۔ تعمیری کام، ٹیکنیکل اور مشینری سے متعلقہ کام میں غیر ضروری اخراجات سے پریشانی اور ٹینشن ہوگی۔ مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں اپنے اہم کام کو آگے بڑھائیں اور قانونی و آفیشل معاملات کو حل کرنے کے لئے مشورہ طلب کریں۔ تاہم ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہے۔ یہ وقت ان افراد کے لئے خاص طور پر فائدہ مند ہوگا جو باہر ممالک جا رہے ہیں یا کسی کھیل یا لاٹری میں حصہ لے رہے ہیں۔ تاہم یہ محبت کے معاملات کے لئے بھی اہم ثابت ہوگی۔ اس ماہ جو سفر کریں گے وہ آپ کے لئے خوشگوار ثابت ہوگا اور جس جگہ جا رہے ہیں وہاں تعلقات مزید مستحکم کر سکیں۔

زہرہ ۱۱ تاریخ تک زائچے کے چوتھے گھر میں داخل ہوگا۔ اس گھر پر باقوت کواکب کا دباؤ ہے۔ گھریلو اور خاندانی معاملات پر خوش قسمت اور موافق اثر مرتب کر رہا ہے۔ ان معاملات میں اگر حال ہی میں کوئی زبردست تبدیلی آئی ہے یا والدین اور بچوں کے درمیان کوئی اختلاف یا تنازعہ

پیدا ہوا ہے تو اب حالات بہتر ہو جائیں گے۔ کواکبی رجحانات اس بات کی نشاندہی کر رہے ہیں کہ اکثر افراد موجودہ رہائش کو بہتر بنانے یا گھر تبدیل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کریں گے۔ گھر کی ازسرنو آرائش اور گھر میں چند نئی اشیائے تعیشات کے اضافہ اور اپنے آس پاس کے ماحول کو بہتر بنانے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ جائیداد کے لین دین کے معاملات خوش اسلوبی سے انجام پا جائیں گے اور وہ افراد جو گھر تبدیل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کے لئے بہتر جگہ کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ گھریلو معاملات اور جائیداد کے معاملات کے لئے اس ماہ کی ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔

برج سرطان۔ستارہ قمر

حروف:- ح۔ہ

پیدائش:- جون ۲۲ تا جولائی ۲۳

یہ ماہ زائد مصروفیت لائے گا۔ اپنے ذاتی رویے کی طرف سے کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ روزگار کے کاموں میں سست روی آئے گی۔ جس کی وجہ سے معمول سے زیادہ بے چینی اور بے صبری بھی ہوگی۔

مریخ زائچے کے آٹھویں گھر میں رجعت میں رہے گا۔ کاروباری شراکت داری اور شریک زندگی کے مالی امور میں زائد دلچسپی فائدہ مند ہوگی۔ دوسروں لوگوں کے روپے میں آپ کی دلچسپی بڑھ جائے گی۔ آپ اس کے حصول میں کسی بھی حد تک جانے کی کوشش کریں گے۔ یہ وقت ذہنی خرابی لاتا ہے۔ خواہشات کو غلط طریقے سے پورا کرنے کا رجحان آئے گا۔ اس ماہ خاندانی افراد کے درمیان میراث اور ترکہ سے متعلق اختلافات جنم لیں گے۔ ٹینشن ملے گی۔ غصہ اور جلد بازی بھی نقصان دہ ہو گا۔ شراکت داری میں منافع نیت کو بدل سکتا ہے۔ اہم چیزوں کا خیال رکھیں گم یا چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مریخ ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہیں۔ ان دنوں کے نزدیک حادثہ یا جھگڑا ہونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ کاروباری معاملے میں بہتر فیصلہ نہ کرسکیں گے کیونکہ اس وقت آپ کی سوچ اور آپ کی زبان ساتھ نہ دے گی۔ قریبی ساتھی بھی آپ کو ایسا مشورہ دیں گے جس کی وجہ سے نقصان ہوگا۔ اگرچہ روپیہ آئے گا تاہم غیر ضروری طور پر خرچ ہوگا۔ رشتہ داروں کی آمد کی وجہ سے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ ذہنی سکون نہ ملے گا۔ اپنے کام کو بڑھانے کے لئے بھرپور کوششیں کریں۔ سفری معاملات میں احتیاط رکھیں۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی۔ شراکت داری کے امور، میراث اور ترکہ کے علاوہ شریک زندگی کے روپے سے متعلق جھگڑا ہونے کا امکان ہے۔ یہ وقت ایسا ہے کہ خاندانی رشتہ دار جائیداد کو اپنے قبضہ میں کرنے کی کوشش کریں گے۔ تاہم اپنے قریبی دوستوں کے ذریعے مشورہ کرنے اور ان مسائل کو حل کرنے کی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ وہ افراد جو اپنے دوستوں کے حلقے میں اہمیت رکھتے ہیں۔ تعلقات میں اختلافات پیدا کریں گے۔ اس وقت کے نزدیک اگر صحت سے متعلق کوئی غیر معمولی بات دیکھنے میں آئے تو فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو زائچہ کے تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی رشتہ دار اس ماہ کے دوران کسی وقت سیر و تفریح اور خوشی کا موقع فراہم کرے گا۔ شاید کسی ایسے رشتہ دار سے ملنے کا موقع ملے گا جس سے ملاقات ہوئے عرصہ ہو چکا ہے۔ یا پھر کسی رشتہ دار کی زندگی میں خوشگوار نوعیت کے واقعات وقوع پذیر ہونگے۔ یعنی کوئی ایسی بات ہوگی جو خوشی اور تقریب کا موقع فراہم کرے گی۔ اگر حال ہی میں قریبی رشتہ داروں یا پڑوسیوں یا قریبی افراد سے اختلافات پیدا ہوئے ہیں تو انہیں دور کرنے میں بھی زہرہ آپ کی مدد کرے گا اور ماحول میں امن وسکون اور ہم آہنگی پیدا کرنے میں مدد کرے گا۔ اختلافات اور اسی نوعیت کی دوسری مشکلات اب جلد دور ہونے لگیں گی۔ زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ لہذا ان دنوں سیر و تفریح، کسی شادی میں شریک ہونا یا اپنے شریک کا ساتھ سفر کرنے میں خوشگوار رہے گا۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس تمام گھریلو اور مشترکہ مالی معاملات میں اہم ثابت ہو گی۔ یہ وقت گھر اور خاندانی مسائل کو حل کرنے میں اہم ثابت ہوگی۔ اگر والدین کی جائیداد کے مسائل ایک عرصہ سے پریشانی کا باعث بنے ہوئے تھے۔ تو اس وقت ان مسائل کو حل کرنے کی پیش رفت کریں تو مثبت نتائج حاصل کرسکیں گے۔

عطارد خانہ مال میں میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ جہاں یہ آپ کی خواہشات کے معاملات پر مدوآور اثرات مرتب کرے گا۔ بنیادی طور پر سوشل سرگرمیوں اور دوستی کے معاملات پر دباؤ پڑے گا۔ مشترکہ سرگرمیوں والے کام لوگوں کے تعاون و مدد سے تکمیل کو پہنچیں گے۔ اگر کسی معاملے میں مدد کے خواہاں ہیں یا کسی خاص مشورے یا تعاون کی ضرورت ہے تو اب آپ کو فوری طور پر مثبت جواب ملے گا۔ نئے لوگوں سے تعلقات قائم ہونگے۔ ان کی باتیں اور خیالات سے لطف اندوز ہونگے۔ اظہار خیال میں وسعت پیدا ہو گی جس سے اپنی طرف متوجہ کرسکیں گے۔ عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ لہذا ان تاریخوں میں سوشل سرگرمیوں، سیر و تفریح، پارٹی، فنکشن، نشر و اشاعت سے متعلق کام انجام دینا بہتر رہے گا۔ قریبی کاروباری افراد کے ساتھ میٹنگ، گفت شنید یا ملاقاتیں بھی آپ کو نئی سوچ عطا کریں گی۔ تاہم ۵، ۲۲، ۲۹ تاریخ کو اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں کیونکہ اس وقت عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہو گا۔ ان دنوں قریبی افراد اور دوست ناقابل بھروسہ ثابت ہونگے۔

رحیم یار خاں
رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے
چوہدری امانت علی تاجران کتب
ریلوے روڈ

برج اسد۔ستارہ شمس

حروف:۔ م

پیدائش:۔ جولائی ۲۴ تا اگست ۲۳

اس ماہ اکثر اسدی افراد کو مالی معاملات کی طرف بھرپور توجہ دینے پر مجبور ہونا پڑے گا۔ مالی معاملات میں لوگ غلط بیانی سے کام لیں گے۔

مریخ سارا ماہ طالع کے مقابل رجعت میں رہے گا۔ لہذا نئے تعلقات کا انجام تیزی سے منگنی اور شادی کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ وہ افراد جو پہلے ہی سے شادی شدہ ہیں انہیں جذباتی سکون اور خوشی کے ساتھ ساتھ مادی اقبال مندی بھی حاصل ہوگی۔ اس ماہ سماجی سرگرمی، سوشل زندگی اور سیر وتفریح بھی زائد رہے گی۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے زندگی کے لطیف پہلو پر توجہ دینے کے لئے آپ کے پاس زائد وقت اور روپیہ دونوں چیزیں ہونگی۔ کواکبی رجحانات تخلیقی اور آٹسٹک سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگی۔ چنانچہ اگر آپ نئے خیالات کے اظہار کے لئے وسیع میدان کے خواہاں ہیں تو اب خوش قسمت مواقع حاصل ہونے کا وقت آ پہنچا ہے۔ وہ افراد جو فیشن، آرٹ کے پیشوں یا فلم اور تھیٹر کی دنیا میں ترقی کے خواہش مند ہیں اس ماہ کامیابی حاصل کریں گے۔ مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم مریخ طالع کے مقابل ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ آپ کو مخالفت کا سامنا ہوگا اگر آپ کچھ خاص لوگوں کا ساتھ دینا چاہتے ہیں جو آپ کے خیال میں حق پر ہیں تو آپ کو بہت احتیاط اور حکمت عملی سے کام لینا پڑے گا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ سسرالی رشتہ داری اور خاندانی افراد کے ساتھ ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے کئی معاملات میں تلخ کلامی اور جھگڑا ہونے کی صورت میں ایک دوسرے سے دور رہیں گے اور خاندانی تعلقات میں دراڑ پڑ سکتی ہے۔ شریک زندگی کے ساتھ بھی معاملات میں حکمت عملی سے کام لیں کچھ مسائل تکلیف دہ ثابت ہوں گے جس کی وجہ سے علیحدگی کی طرف مائل ہوں گے۔ ہر معاملے کو صبر وتحمل کے ساتھ حل کرنے کی کوشش کریں۔

۹ تاریخ کو عطارد ومشتری کی تربیع ہوگی۔ ان دنوں شریک زندگی اور خاندان والوں کی طرف سے زائد مطالبات ہونگے۔ گھریلو جھگڑا ہونے کی بھی نشاندہی ہورہی ہے۔ یہ ایسا وقت ہے کہ جب اپنے روپے اور قیمتی اشیاء سے غفلت نہ برتیں۔ کام اور کاروبار میں ظاہری دشمنی سے نقصان بھی ملے گا۔ قانونی کاروائی بھی آپ کے مستقل روزگار پر اثر انداز ہوگا۔ گھریلو زندگی میں والدین کے ساتھ تعلقات میں تحمل مزاجی سے کام لینا ہوگا۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو خانہ مال میں داخل ہوگا۔ اس دوران آپ کی سوشل سرگرمیوں پر اہم اثرات مرتب کرے گا۔ شخصیت میں کشش پیدا ہونے کے نتیجے میں نئے مداح اور دوست زندگی میں داخل ہونگے وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات سب سے زیادہ اہم ہیں ان معاملات میں غیر معمولی بہتری لائے گا۔ اگر آپ غیر شادی شدہ ہیں تو کسی بہت اہم شخصیت سے ملاقات کرائے گا۔ خانہ مال جس کا تعلق آمدنی اور لین دین سے متعلق ہے۔ اگر اس وقت کسی مالی پریشانی کا سامنا ہے تو مالی گھر میں زہرہ کی موجودگی اس پریشانی کو دور کر دے گی۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب آپ فیشن کے مطابق چلنے والے ہوں یا اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے پر روپیہ صرف کرنا چاہتے ہوں تو اس وقت سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ مالی معاملات کے لئے ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ خاص طور پر یہ تاریخیں ان افراد کے لئے موافق ثابت ہونگی جو بہتر آمدنی والی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ یا جو اپنی خاص صلاحیتوں سے زیادہ نفع بخش انداز میں فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں۔ تو آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اور تسلی بخش ترقی کریں گے۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی یہ اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے قریبی عزیز رشتہ داروں میں شادی کریں گے یا شریک زندگی یا سسرالی رشتہ داروں کے ذریعے فائدہ حاصل ہوسکتا ہے۔ اگر کوئی محبت کے معاملات تھے تو اب مستحکم تعلقات قائم کریں یہ وقت تھیٹر، سوشل تعلقات، آرٹ، سفر، سیر وتفریح کے لئے انتہائی موثر ثابت ہوگا۔

عطارد طالع میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ حالات کو بہتر بنانے کے لیے سرگرمیاں بڑھ جائیں گی۔ تحریری کام، نشر واشاعت، پبلشنگ کے امور میں بہتری ملے گی۔ قریبی لوگوں کے ساتھ رابطے بہتر رہیں گے۔ مالی لین دین اور کاروباری معاملات کو اپنی مرضی کے مطابق آگے بڑھا سکیں گے۔ اس ماہ آپ اپنے اندر خود تبدیلی محسوس کریں گے۔ کام، کاروبار اور گھر کو بہتر کرنے کا فیصلہ کن اقدام کریں۔ سفر زائد ہونگے۔ تاہم جو بھی سفر ہونگے وہ لوگوں کے ذریعے فائدہ حاصل کرنے میں موافق ثابت ہونگے۔ رشتہ داروں کے ساتھ بہتر تعلقات قائم ہونگے۔ رابطے زائد ہونگے اور آنا جانا اور سوشل تقریبات میں زائد حصہ لیں۔ بہن بھائیوں کے زائد مطالبات کو آسانی سے حل کرسکیں گے۔ لکھنے لکھانے، تحریری کاموں میں باقوت سوچ کے ذریعے اعلی تجزیئے کرسکیں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں سے کچھ حاصل کرنے کی کوششیں کامیابی دے گی۔ عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

رجوع همزاد

ہر انسان کے ساتھ ایک مخفی قوت پیدا ہوتی ہے۔ اسے ہمزاد کہتے ہیں۔ اس کو مسخر کرنے اور اس سے دنیاوی کاموں میں مدد لینے کے طریقے اور ریاضتیں لکھی گئی ہیں۔ دور دراز کی چیزیں منگوانا، مخفی اور پوشیدہ چیزوں کا معلوم کرنا، امراض اور گمشدہ کا پتہ لگانا، واقعات حاصل کرنا وغیرہ عامل کے لئے معمولی باتیں ہوتی ہیں۔

(قیمت =/۱۵۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

برج سنبلہ۔ستارہ عطارد

حروف:- ب۔ع

پیدائش:- اگست ۲۴ تا ستمبر ۲۳

اس ماہ کا آغاز کافی مصروفیت لائے گا۔ دوستوں کا آنا جانا اور گھر میں مہمان زائد آئیں گے اور سیر و تفریح کے مواقع میسر آئیں گے۔

عطارد زائچے کے بارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ ایسے معاملے جن کا تعلق خفیہ معاملات سے ہے اس ستارے کے سعد نظرات کے تحت اہم نوعیت کے انکشافات ہونگے۔ یا ایسی معلومات حاصل ہونگی جن سے موجودہ مسائل پر روشنی پڑے گی۔ اس دوران عطارد توجہ مرکوز کرنے کی قوت کو بڑھا دے گا اور نئے و پرانے خیالات کو یکجا کرنے کی صلاحیت عطا کرے گا۔ وہ افراد جو تعلیمی سرگرمیوں میں ملوث ہیں اور کوئی کورس کر رہے ہیں انہیں شاندار کامیابی حاصل ہو گی۔ ان معاملات کے لئے اس ماہ کی ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ مددگار ثابت ہو گی۔ تاہم عطارد ۵، ۲۲، ۲۹ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ اس وقت کچھ حاسدوں کی طرف سے کوئی افواہ گردش کرے گی۔ آپ دیکھیں کہ ناحق تنقید کی جاری ہے تو بھرپور جواب دیں ورنہ خاموش رہیں۔ وہ افراد جو موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں لیکن اب تک اس مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکے ہیں تو اب کامیابی کی امید ہے لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ حاصل ہونے والے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار رہیں۔ یہ ماہ سیرو تفریح اور آرام کے مواقع لائے گا۔ لیکن وہ افراد جو زیادہ ہی مہم جو قسم کے ہیں ان کے لئے زائد خوشگوار ثابت ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں محتاط رہنا ہوگا۔ اس وقت خیالات اور سوچ نیا روخ اختیار کریں گے۔ جس کے باعث آپ کے اندر غیر ضروری خواہشات پروان چڑھیں گی۔ میراث اور ترکہ سے متعلقہ امور کی طرف توجہ دیں ان تمام معاملات کو تحریری طور پر لانے کی کوشش کریں۔ قانونی افراد سے مشورہ کریں۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک کاروباری لین دین، بینک سے متعلقہ کام، قانونی امور میں مشکلات سے واسطہ پڑے گا۔ ذہنی طور پر پریشانی ملے گی۔ اس وقت لوگوں کی مہربانیاں بھی پریشانی کا باعث بن سکتی ہیں۔ اگر ملازمت کر رہے ہیں اور اس کو چھوڑ رہے ہیں تو اس وقت آپ کا فیصلہ صحیح نہ ہوگا۔ مادی طور پر جو پریشانی اس وقت موجود ہے اسے فوری طور پر حل نہ کر سکیں گے۔

مریخ زائچے کے چھٹے گھر میں رجعت میں رہے گا جس کا تعلق کام اور صحت کے معاملات سے ہے چنانچہ اس ماہ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات بہت نمایاں رہیں گے۔ لہذا بہت سے محنتی افراد کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ اب انہیں ماضی کی کوششوں کا اجر بھی ملے گا۔ آپ اپنا کام محنت و لگن سے کرتے ہیں اور بڑے لوگوں کی نظر میں پوزیشن اچھی ہے اور کام سے مطمئن ہیں تو ترقی، مرتبے اور حیثیت میں اضافہ لازمی ہے جب کہ وہ افراد جو کاروباری ہیں یا وہ موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ جو اطمینان بخش ترقی لائے گا ان معاملات کے لئے ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ موافق ثابت ہو گی۔ لہذا ان دنوں اہم معاملات اور دلچسپیوں کو تیزی سے آگے بڑھائیں۔ اس رجحان کے تحت صحت بھی اچھی رہے گی۔ ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہیں زیادہ محنت والا کام نہ کریں کیونکہ ان دنوں حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ اس ماہ کو یقیناً حوصلہ افزاء اور موافق پائیں گے۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ و مشتری کی تسدیس ہو گی۔ کاروباری معاملات اور کام سے متعلق انتہائی اہم ثابت ہوگی۔ بیرون ملک کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہیں اور نئے معاہدات کرنا چاہتے ہیں کسی فرم میں ملازمت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس وقت کی پیش رفت موافق رہے گی۔ جن افراد کا کام سفری ذرائع سے متعلق ہے اس ماہ انہیں ایسے کنٹریکٹ ملیں گے جن سے انہیں مالی فائدہ حاصل ہو گا۔ یہ ماہ جاہ طلبی اور پیشہ وارانہ زندگی میں زبردست کامیابی اور نیا موڑ لائے گا۔ نئے دوست زندگی میں داخل ہونگے۔

۱۱ تاریخ کو زہرہ طالع میں داخل ہوگا۔ اس کی موجودگی کی وجہ سے شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی مزید خوشگوار ہو جائے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کو اس ماہ کسی اہم شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات قائم کرے گا۔ چنانچہ یہ تاریخیں ذاتی مصروفیت والے کام، سیر و تفریح، سوشل زندگی اور محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ اس ماہ آپ کو اپنے جذباتی جنون کو قابو کرنے کا موقع ملے گا آپ ایک سلیقہ شعار، آرٹسٹک سوچ رکھنے والے فرد ہیں۔ یہ وقت کپڑے خریدنے، گھریلو آرائش سے متعلق چیزیں خریدنے اور شخصیت کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دینے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ نیز یہ وقت زائد مقبولیت اور ہر دلعزیزی بھی لائے گا۔ وہ افراد جو کاروباری شراکت داری میں ملوث ہیں یہ اپنے شریک کی خوش بختی کے ذریعے فائدہ اٹھائیں گے۔

برج میزان۔ستارہ زہرہ

حروف:- ت۔ٹ۔ر۔ط

پیدائش:- ستمبر ۲۴ تا اکتوبر ۲۳

اس ماہ زندگی کے عملی پہلو کی طرف توجہ دینی مفید ثابت ہوگی۔ زائد سوشل زندگی اور سیر و تفریح کے ساتھ لوگوں سے ملنا جلنا اور آنا جانا زائد رہے گا۔

یہ وقت دوستوں کے ساتھ سفر بھی ہوسکتا ہے۔ یہ ماہ محبت کے معاملات اور ان تعلقات کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔

مریخ زائچے کے پانچویں گھر میں رجعت میں رہے گا۔ اس کی موجودگی پیشہ وارانہ سرگرمیوں اور طویل المعیاد منصوبوں کی موافقت میں ہوگی۔ مریخ ان افراد کی بھی موافقت میں ہوگا جو انعامی اسکیموں، کھیلوں اور مقابلوں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں۔ تاہم ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہنا چاہئے کیونکہ ان دنوں حادثات پیش آنے کے امکانات ہیں اس کے علاوہ غلطیاں بھی کرسکتے ہیں۔ مریخ محبت کے معاملات میں بہتری کی نشاندہی کررہا ہے۔ غیر شادی شدہ افراد اور خاص طور پر لڑکیوں اور عورتوں کے لئے شادی ونسبت کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ یہ وقت گوں ناگوں واقعات لائے گا۔ کوئی دعوت، مختصر سفر یا اتفاقیہ ملاقات بہت اہمیت کی حامل ثابت ہوسکتی ہے۔ اس سلسلے میں ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ اہم ثابت ہوگی اور یہ تاریخیں خوشگوار اور تعجب انگیز باتیں لاسکتی ہیں۔ اس ماہ کے وسط میں پڑوسیوں، قریبی ملنے جلنے والوں اور رشتہ داروں کے معاملات کی جانب زیادہ تر توجہ رہے گی اور زیادہ وقت انہی پر صرف ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ کاروباری گفت وشنید کے لئے یہ وقت زیادہ موثر ثابت نہ ہوگا۔ دوسرے لوگوں کی نسبت آپ اپنے اظہار خیال سے دوسروں تک اپنی بات پہنچا نہ سکیں گے جس کے باعث کاروباری معاملات میں نقصان ملے گا۔ تعلیمی سرگرمیوں کی طرف بھرپور توجہ دیں۔ کسی شعبے میں امتحان دے رہے ہیں تو اس وقت آپ کو اپنی بھرپور صلاحیتوں سے کام لینا ہوگا۔ آپ میں بے چینی اور اضطرابی کیفیت رہے گی۔ اس کے باعث کاموں میں غلطیاں کریں گے۔

۹ تاریخ کو عطارد مشتری کی تربیع ہوگی۔ جائیداد اور شریک کار کے روپیہ کو کسی کے کہنے میں آکر جلد منافع والی اسکیموں میں نہ لگائیں۔ وہ لوگ جو آپ کے قریب ہونگے ان کے مشورہ پر بغیر معلومات حاصل کئے آگے نہ بڑھیں۔ اس وقت قرضہ حاصل کرنے کے لئے ملاقات یا اہم معاملات طے نہ کریں کیونکہ کچھ نہ کچھ باتیں آگے چل کر اختلافی مسائل پیدا کریں گی۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو زائچے کے بارہویں گھر میں داخل ہوگا۔ لہذا یہ وقت سماجی امور میں لوگوں کے ساتھ تعلقات بنانے میں مدد دے گا۔ ان لوگوں سے تعلقات کو بہتر بنا سکیں گے، جو کام میں رکاوٹیں ڈالتے ہیں۔ تحفہ تحائف دے کر قریبی افراد کو اپنا گرویدا کرلیں گے۔ غیر ضروری اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مالی اور کاروباری امور میں معاہدات فائدہ دیں گے۔ اس ماہ سیر وتفریح کے لئے پروگرام بنائیں۔ یہ وقت ایسا ہے کہ اچانک کچھ نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا یا پرانے دوست ملیں گے۔ ان کے ذریعے جو معلومات حاصل ہوگی وہ خوشی کا باعث ہونگی۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، تھیٹر اور آرٹسٹک سرگرمیوں میں ملوث ہیں انہیں لوگوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملے گا۔ زہرہ ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں سوشل تقریبات منعقد کرنی بہتر ثابت ہونگی۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہے۔ لہذا اپنے ذاتی کاموں کے سلسلے میں یہ وقت انتہائی اہم ثابت ہوگا۔ وہ افراد جو شادی کرنا چاہ رہے ہیں یا اس وقت جو گفت شنید ہوگی وہ تعلقات کو مزید مستحکم بنائے گی۔ یہ وقت کسی کے ساتھ شراکتی معاملات طے کرنے یا کسی امتحان میں شرکت کے لئے موزوں ثابت ہوگی۔ وہ افراد جو فلم اور تھیٹر میں کام کرنے کا شوق رکھتے ہیں انہیں اس وقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ ایڈورٹائیزنگ یا نشر واشاعت سے متعلق افراد سے مل کر اپنے شوق کی تکمیل کرسکتے ہیں

عطارد زائچے کے گیارہویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کرجائے گا۔ سماجی سرگرمیوں، کلب یا دیگر سوشل سرگرمیوں میں نئے دوستوں کا اضافہ ہوگا۔ خفیہ کام یا امداد سے خوشی حاصل ہوگی۔ دوستوں کے ساتھ کاروباری شراکت فائدہ مند رہے گی۔ سیر وتفریح یا سفر خوشی کا احساس اجاگر کرے گا۔ دوستوں کے ساتھ ذہن کو وسعت دینے والے پروگرام میں شمولیت اختیار کریں۔ ہر وہ کام جس سے اپنی صلاحیتوں کو ابھار سکیں ان میں حصہ لیں۔ تحریری کام، خط وکتابت اور رابطے سے حالات کو بہتر کریں۔ وہ افراد جن کی اپنی فلاحی تنظیمیں ہیں یا اپنے کلب ہیں اور لوگوں کا تعاون درکار ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں شوز، پارٹی یا دیگر تفریحی پروگرام میں لوگوں کو مدعو کرنا اور ان سے اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے مدد حاصل کرنا آسان ہو گا۔ عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج عقرب۔ ستارہ مریخ، پلوٹو

حروف:- ذ۔ ز۔ ض۔ ظ۔ ن

پیدائش:- اکتوبر ۲۴ تا نومبر ۲۲

اس ماہ کیریئر، جاہ طلبی کے معاملات میں احتیاط رکھیں تبدیلی کے آثار ہیں۔ کاروباری اور ملازمت میں بے سکونی محسوس ہوگی حالات کسی سے دشمنی کی وجہ سے خراب ہونگے۔ بے چینی، الجھاؤ، ذہنی طور پر پریشانی کی سی کیفیت سے دوچار ہونگے۔

مریخ زائچے کے چوتھے گھر میں رجعت میں رہے گا۔ کچھ مشکلات اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا مگر یہ باقوت انداز میں مسائل کو سلجھانے میں مدد آور ثابت ہوگا۔ مریخ کی اس گھر میں موجودگی سے گھر میں حادثات پیش آنے کا بھی خطرہ ہے۔ لہذا اگر گیس یا بجلی کے آلات میں کچھ خرابی ہے تو کسی بھی قسم کا خطرہ ہرگز مول نہ لیں۔ گھریلو اور خاندانی تعلقات کو مضبوط بنانے مدد نہیں دے گی۔ اگر گھر میں کوئی دعوت یا کسی فنکشن کا انعقاد کرنا ہے تو اس مقصد کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ اس ماہ کسی سنجیدہ شخص کو تنگ یا اس سے مذاق رشتوں میں خرابی لاسکتا ہے۔ یہ وقت ان افراد کی موافقت میں ہوگا جو گھریلو حالات میں اہم تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ جائے رہائش کی تبدیلی کے متعلق سوچ رہے ہیں مگر شک وشبے اور تذبذب کا شکار ہیں تو مثبت رویہ اختیار کریں اور جو بھی فیصلہ کرنا ہے واضح سوچ کے ساتھ کریں۔

مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ قریبی لوگوں کے ساتھ آپ کے تعلقات میں خرابی کی وجہ سے ملازمت یا آپ کے کام میں رکاوٹیں حائل ہونے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ لوگ پریشان کن حد تک تکلیف دہ ثابت ہوں گے اور تمام کاموں میں غیر یقینی کی صورت حال رہے گی۔ حالات غیر تسلی بخش رہیں گے۔ جس جگہ اور جو کام آپ کررہے ہیں اسی کو ہی آگے بڑھانے کی کوشش کریں۔ قریبی رشتہ داری اور سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ احتیاط کے ساتھ تمام امور میں حصہ لیں۔ تاہم کسی بھی اہم فیصلہ کرنے میں شامل نہ ہوں۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک گھریلو مسائل اور خاندانی جائیداد سے متعلق امور میں اختلافات جنم لیں گے۔ اس کے علاوہ ذریعہ آمدنی میں کمی ہوگی جس کے باعث چڑچڑاپن آئے گا اور ذہنی سکون ختم ہوسکتا ہے۔ اس وقت بچت کرنے والی اسکیموں کی طرف متوجہ ہو۔ شریک یا والدین سے مدد کی توقع نہ رکھیں یہ وقت ایسا ہے کہ بھرپور محنت کرکے ہی اپنے ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستوں کو تلاش کریں۔ اپنے جدت پسند خیالات سے جلد بازی میں رقم ضائع مت کریں۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو زائچے کے گیارہویں گھر میں داخل ہوگا - دوست اور قریبی افراد آپ کے معاملات میں بہت سرگرم اور اہم کردار ادا کریں گے۔ اس وقت زہرہ ان سرگرمیوں کی موافقت میں ہوگا جن میں تعاون اور متفقہ سرگرمیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس مدد آور رجحان کے تحت آپ کی امیدوں، خواہشات اور اہم مقاصد کو فائدہ پہنچے گا۔ دوست بھرپور مددگار ہوں گے زندگی میں جو واقعات رونما ہونگے وہ آپ میں خوش امیدی پیدا کردیں گے۔ چنانچہ نوٹ کرلیں کہ زہرہ اس ماہ کی ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہونے کا امکان ہے اور محبت کے معاملات سے متعلق ان کے خواب پورے ہوجائیں گے۔ کوئی شخص جس سے کافی عرصے سے میل جول یا تعلقات ہیں وہ اچانک رشتہ بھیج دے گا۔ شادی شدہ افراد کی گھریلو زندگی مزید خوشگوار ہوجائے گی اور ماحول میں ہم آہنگی پیدا ہوگی کیونکہ اس ماہ زہرہ محبت کے بندھنوں کو مزید مضبوط کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے یا شادی کی دعوت یا کوئی فنکشن کرنا چاہ رہے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ لہٰذا اس دن اگر خفیہ طریقے سے کوئی جائیداد، زمین یا گھر خرید رہے ہیں تو اس وقت کی گفت شنید اور لین دین یا خریداری آپ کو مالی طور پر فائدہ دے گی۔ سماجی سرگرمیاں آپ کے کاروبار اور تعلقات میں اہم ثابت ہونگی۔ اگر آپ کسی جگہ سرمایہ کاری کر رہے ہیں تو آپ کو چاہئے کہ اس وقت کی معاملہ فہمی آنے والے وقت میں اہم ثابت ہوگی۔ والدین یا رشتہ داروں کے ساتھ اگرچہ کچھ مسائل رہے تھے تو ان مسائل کو حل کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔

عطارد وتد السماء پر موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کرجائے گا۔ ہر قسم کے رابطے، گفت شنید، دوستوں کے درمیان ملاقاتیں اور ذہنی سکون حاصل کرنے کے پروگرام بنائیں۔ یہ وقت تحریری کام، لکھنے لکھانے اور پبلشنگ کے کام میں تعاون ہوگا اور دوسرے کی تعاون سے کام کو بہتر طور پر انجام دے سکیں گے۔ ان دنوں جو سفر ہوگا وہ خوش گوار ہوگا اور ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی۔ جو معلومات کا نیا ذریعہ ثابت ہونگے۔ تاہم صحت کے معاملات اور غیر ضروری ذہنی ٹینشن سے اعصابی و ذہنی بیماری ہوسکتی ہے۔ ایسے خیالات سے دور رہنا ہوگا جو ایسے غیر ضروری کاموں سے دور رہیں جس سے ذہنی و جسمانی قوتوں میں کمی آئے گی۔ عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔

اپنا زائچہ بنوایئے

برج قوس۔ ستارہ مشتری

حروف:- ف

پیدائش:- نومبر ۲۳ تا دسمبر ۲۲

اس ماہ زندگی خاصی تیز رفتار ہوجائے گی۔ جہاں تک شریک اور گھریلو معاملات کا تعلق ہے یہ معاملات بے حد سرگرم اور پر از واقعات ثابت ہونگے - سفر، جاہ طلبی کے معاملات زندگی پر خوشگوار اثر ڈالیں گی۔

مریخ زائچے کے تیسرے گھر میں رجعت میں رہے گا۔ رشتہ داروں، تعلیمی معاملات اور تحریری کاموں میں غیر ضروری پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ اس ماہ قریبی رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا مرتبہ کے لحاظ نہ رکھنے کی وجہ سے شدید تنقید ہوگی۔ قریبی دوستوں کے ساتھ دوران سفر جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اس ماہ سب سے زیادہ نزدیکی رشتہ اہمیت اختیار کر جائے گا۔ نوجوان افراد کھیل، قوت و شجاعت والے امور میں دلچسپی لیں گے۔ دماغی قوت والے کام میں زیادہ مصروف رہیں گے۔ تحریری کاموں میں دلچسپی لے کر اخبار یا کسی رسالہ میں شامل ہونگے۔ کھیل اور ورزش کے ذریعے جسمانی و ذہنی نشوونما ہوگی۔ مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ تاہم ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہنا ہوگا۔ جب یہ ناموافق ہو گا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ غیر ضروری اخراجات آئیں گے۔ گھر کے افراد کے درمیان غیر اہم باتوں پر تلخ کلامی اور جھگڑا ہوگا۔ لین دین کے معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ ذہنی بے چینی آپ کو غصہ اور انتشار میں مبتلا کرے گی۔ دوستوں کے ساتھ اور قریبی رشتہ داری میں اس وقت کے معاملات غلط فہمی کا شکار ہوں گے۔ خاندانی تعلقات بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ کسی بھی معاملے کو

آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں غیر ضروری اور بے جا اظہار خیال کے ذریعے دوسرے کو تکلیف نہ دیں۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت رشتہ داروں اور قریبی افراد کے ساتھ کاروباری امور میں روپے کے معاملات میں جھگڑا یا اختلاف ہوسکتا ہے۔ خفیہ دشمنی رکھنے والے افراد آپ کی زندگی کو کئی طرح سے نقصان دینے کی کوشش کریں گے۔ اس دن کے نزدیک کاروباری معاملات میں بھی احتیاط رکھیں۔ غیر ضروری اخراجات کے علاوہ قانونی امور بھی پریشان کریں گے۔ بینک' انشورنس اور ٹیکس کے معاملات بھی ابھریں گے۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو وتد السماء پر داخل ہوگا - یہ جاہ طلب اور مہم جو افراد کی موافقت میں ہوگا۔ دراصل یہ ماہ ان عورتوں اور لڑکیوں کے لئے بھی بے حد خوش قسمت ثابت ہوگا جو کسی خاص کیریئر میں ترقی کے لئے کوشاں ہیں۔ زہرہ محبت کے معاملات پر بھی حکومت کرتا ہے۔ اس ماہ ٹھوس نوعیت کے فوائد لائے گا تاہم وہ افراد جن کے نزدیک محبت کے معاملات اہمیت کے حامل ہیں ان کے لئے ۷'۱۲'۱۶'۲۱'۲۶ تاریخ موافق ثابت ہوگی۔ کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ تاہم زہرہ ۲'۹'۲۳ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ اگرچہ گھریلو زندگی خوشگوار ہوگی مگر دوسروں کے جذباتی مسائل کی وجہ سے فکر و پریشانی رہے گی۔ اس برج سے متعلقہ افراد عموماً" ایسی سرگرمیوں اور دلچسپیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں جن کے نتیجے میں انہیں کسی کلب' گروپ' لائبریری یا ادارے میں شریک ہونا پڑے۔ اس قسم کی دلچسپیاں آپ کے معاملات میں بتدریج اہمیت اختیار کر جائیں گی۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ اگر کاروباری تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں یا کسی شراکتی معاملے کو آخری اور فیصلہ کن شکل دینا چاہتے ہیں یا گھریلو شادی کے معاملات یا قانونی چارہ جوئی کے کام کا بھرپور نتیجہ لینا چاہ رہے ہیں تو اس وقت کئے گئے ایسے تمام معاملات امید افزاء ثابت ہونگے۔

عطارد نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ چنانچہ وہ افراد جو تدریسی سرگرمیوں یا قانونی معاملات میں ملوث ہیں یہ ماہ ان کے لئے تسلی بخش ترقی لائے گا۔ لمبے سفر اور دور دراز خط و کتابت کے لئے بھی موافق ثابت ہوگا۔ عطارد ۶'۱۰'۱۹'۲۴ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ چنانچہ یہ تاریخیں کاروباری قانونی اور آفیشل معاملات کے ساتھ ساتھ تفریحی نوعیت کے سفر کے لئے موافق ثابت ہونگی۔ سعد نظرات آپ کی ذہنی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گی اور آپ کی حاضر جوابی کو کئی گنا بڑھا دیں گی۔ تاہم اگر آپ ۵'۲۲'۲۹ تاریخ کو سفر کر رہے ہیں تو ان دنوں بے حد محتاط رہیں اگر پبلک ٹرانسپورٹ سے سفر کر رہے ہیں تو سفر کے آغاز کے وقت کو دوبارہ چیک کر لیں۔ قانونی یا آفیشل نوعیت کی بحث میں حصہ لینا ہے تو شارٹ کٹ اختیار کرنے سے گریز کریں۔

برج جدی۔ ستارہ زحل

حروف:۔ ج۔خ۔گ

پیدائش:۔ دسمبر ۲۳ تا جنوری ۲۰

یہ وقت آپ کی زندگی کے اہم پہلو میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ رشتہ دار' شریک زندگی' ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ ماحول کے مطابق تبدیلی پیدا کرنے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ کیونکہ اس وقت روزمرہ کے معمولات میں تبدیلیاں آئیں گی۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو زائچے کے نویں گھر میں داخل ہوگا - چنانچہ یہ وقت لمبا سفر اختیار کرنے کے لئے خواہ وہ کاروباری ہو یا تفریحی نوعیت کا موافق ثابت ہوگا۔ درحقیقت یہ وقت تعلقات کو تجدید کرنے' ناراضگی دور کرنے اور ملک سے باہر چھٹیاں گزارنے کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ اگر آپ کوئی لمبا سفر اختیار نہیں کر رہے ہیں تب بھی مقامی لحاظ سے آپ خاصا فاصلہ طے کریں گے۔ تعلیمی سرگرمیوں' کاروباری سفر یا عمرہ وغیرہ کے لے جا رہے ہیں تو آپ کا سفر خوشگوار ثابت ہوگا۔ اس وقت شمس بھی آپ کی موافقت میں ہے۔ زہرہ اس ماہ کی ۷'۱۲'۱۶'۲۱'۲۶ تاریخ کو سعد نظرات قائم کرے گا - لہذا قیمتی اشیاء کی خریداری سیرو تفریح' محبت کے معاملات اور کسی اسکیم میں روپیہ لگانا اور قانونی امور کے لیے یہ تاریخیں بہتر ثابت ہونگی۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کی تربیع ہوگی۔ کاروباری معاملے میں بہتر فیصلہ نہ کرسکیں گے کیونکہ اس وقت آپ کی سوچ اور آپ کی زبان ساتھ نہ دے گی۔ قریبی ساتھی بھی آپ کو ایسا مشورہ دیں گے جس کی وجہ سے نقصان ہوگا۔ اگرچہ روپیہ آئے گا تاہم غیر ضروری طور پر خرچ ہوگا۔ رشتہ داروں کی آمد کی وجہ سے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ ذہنی سکون نہ ملے گا۔ اپنے کام کو بڑھانے کے لئے بھرپور کوششیں کریں۔ سفری معاملات میں احتیاط رکھیں۔ حادثہ یا جھگڑا ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

۹ تاریخ کو عطارد و مشتری کی تربیع ہوگی۔ شراکت داری کے امور' میراث اور ترکہ کے علاوہ شریک زندگی کے روپے سے متعلق جھگڑا ہونے کا امکان ہے۔ یہ وقت ایسا ہے کہ خاندانی رشتہ دار جائیداد کو اپنے قبضہ میں کرنے کی کوشش کریں گے۔ تاہم اپنے قریبی دوستوں کے ذریعے مشورہ کرنے اور ان مسائل کو حل کرنے کی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ دوستوں کے حلقے میں نقصان ملے گا اور تعلقات میں اختلافات پیدا ہونگے۔

عطارد زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اس دوران وہ دوستی اور شراکتی اور تمام قریبی تعلقات پر دباؤ ڈالے گا۔ دوسروں کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔ ذہنی تروتازگی عطا ہوگی۔ کاروباری ذہنیت رکھنے والے افراد کے لئے یہ ماہ مفید تعلقات قائم کرنے اور اہم معاہدات پر دستخط کرنے اور نئے خیالات پر عمل کرنے کیلئے موافق ثابت ہوگا۔ ان تمام معاملات کے لئے ۶'۱۰'۱۹'۲۴ تاریخ خاص طور پر موافق ثابت ہوگی۔ ان تاریخوں میں اہم خطوط لکھنے'

نشرواشاعت، سیروتفریح کی سرگرمیاں اور تجارتی معاہدات کے لئے بھی یہ تاریخیں مفید ثابت ہونگی۔ تاہم ۵، ۲۲، ۲۹ تاریخ دوسروں کے ساتھ تعلقات اور معاملات طے کرنے کے لحاظ سے بے حد احتیاط کی متقاضی ہے۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ وہ دلوی افراد جو اپنا کیریئر مزید بہتر بنانا چاہے رہے ہیں تو اس وقت کے فیصلے اہم ثابت ہونگے۔ وہ افراد جو کسی قسم کے امتحان میں شریک ہو رہے ہیں انہیں بہتر نتائج ملیں گے۔ جس سے وہ اپنے عہدے یا پوزیشن میں بہتری پیدا کرسکیں گے۔

مریخ خانہ مال میں رجعت میں رہے گا۔ یعنی کاروباری روپیہ کے لین دین میں احتیاط رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ اس ماہ آپ فراست اور حکمت کا مظاہرہ کریں گے۔ حالات جہاں روپیہ کمانے میں پوری مدد کرتے ہیں وہاں آپ کا اچھا انتخاب ذہنی قوت اور قابلیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس ماہ لین دین اور حساب میں جلد بازی سے غلطیاں ہوسکتی ہیں۔ غیر ضروری اخراجات سے غصہ آیا کرے گا۔ تاہم تحمل مزاجی سے کام لیں۔ یہ وقت مشکلات کا باعث بنے گا۔ اگر کسی کھیل میں حصہ لے رہے ہیں تو جسمانی چوٹ لگ سکتی ہے۔ مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ ان دنوں مکینکل اور ٹیکنیکل کام کروانا بہتر رہے گا۔ تاہم ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو محتاط رہیں جب کسی کے ساتھ جھگڑا یا حادثہ ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

برج دلو۔ ستارہ زحل، یورنس

حروف:۔ س۔ش ث۔ص

پیدائش:۔ جنوری ۲۱ تا فروری ۱۹

اس ماہ کاروباری معاملات آپ کو بہت زیادہ مصروف رکھیں گے۔ اس ماہ کوئی شخص بہت قریب آجائے گا۔ اگر آپ نے اپنے ذہن میں کسی کے ملنے کی خواہش رکھی ہے یا کسی سے کام کی امید لگائی ہے تو شاید وہ پوری ہوجائے۔

مریخ سارا ماہ طالع میں رجعت میں رہے گا۔ چنانچہ یہ وقت جاہ طلب اور مہم جو قسم کے افراد کے لئے ترقی پذیر اور تیز رفتار ثابت ہوگا۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے آپ اپنے اندر زیادہ ہمت و قوت، جرات اور خود اعتمادی محسوس کریں گے اور پوری قوت سے عمل کرکے اپنے آپ کو آگے رکھ کر بہت کچھ حاصل کرسکیں گے۔ فی الحال جو چیز آپ کے نزدیک سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اس میں بے حد تسلی بخش ترقی کرسکیں گے۔ اس ماہ اہم اقدامات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں جب مریخ سعد نظرات کے تحت ہو۔ مریخ ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخ کو موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ لیکن جن دنوں مریخ غیر موافق نظرات کے تحت ہو ان دنوں کسی کو اس بات کا موقع نہ دیں کہ آپ کو جھگڑے یا بحث پر آمادہ کرسکے۔ مریخ ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ سسرالی رشتہ داری اور خاندانی افراد کے ساتھ ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے کئی معاملات میں تلخ کلامی اور جھگڑا ہونے کی صورت میں ایک دوسرے سے دور رہیں گے اور خاندانی تعلقات میں دراڑ پڑ سکتی ہے۔ شریک زندگی کے ساتھ بھی معاملات میں حکمت عملی سے کام لیں کچھ مسائل تکلیف دہ ثابت ہوں گے جس کی وجہ سے علیحدگی کی طرف مائل ہوں گے۔ ہر معاملے کو صبر و تحمل کے ساتھ حل کرنے کی کوشش کریں۔

۹ تاریخ کو عطارد مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس دن کے نزدیک کاروباری معاملات، پیشہ وارانہ امور اور سرمایہ کاری کے لئے زیادہ بہتر مواقع حاصل نہ ہونگے۔ یہ ایسا وقت ہے کہ جب بغیر سوچے سمجھے اگر اپنی جائیداد یا روپے کو کسی جلد منافع دینے والی اسکیم میں لگایا تو فائدے کی امید نہ رکھیں۔ گھر والوں کے مطالبات بھی پریشانی کا سبب بنیں گے۔ شریک زندگی کے ساتھ تعلقات میں کوئی نہ کوئی بات ذہنی پریشانی کا سبب بنے گی۔

زہرہ ۱۱ تاریخ کو آٹھویں گھر میں داخل ہوگا۔ یہ زائچے کے اس گھر میں ہوگا جس کا تعلق شراکتی معاملات اور مالی معاملات سے ہے۔ اس ماہ مالی معاہدات پر زبردست دباؤ پڑے گا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ زیادہ تر افراد اپنے ذرائع آمدنی کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دیں گے۔ اس ماہ دوسروں کے روپے پر نظر ہوگی۔ شراکت داری کے منافع میں بھی خرد برد کریں گے۔ مال کے حصول کے لیے حس بڑھ جائے گی۔ جوا، لاٹری یا دیگر معمات میں خرچہ کریں گے۔ جائیداد میں حصہ کے لیے ہو ممکنہ کوشش کریں گے۔ چنانچہ اگر آپ گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں یا بہتر گھر کی تلاش میں ہیں تو اس سعد وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے قدم اٹھائیں۔ امکان ہے کہ آپ کو کسی قریبی شخص کی خوش بختی کے نتیجے میں مالی فائدہ ملے گا۔ بہرحال ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کو زہرہ سعد نظرات کے تحت ہوگا آپ کو کسی ایسی بات کا علم ہوگا جس سے آپ کو فائدہ پہنچے گا۔ وہ افراد جن کی کسی نہ کسی وجہ سے شریک زندگی سے کچھ عرصے سے علیحدگی ہے تو ان کے دوبارہ ملاپ کا زبردست امکان ہے کچھ غیر شادی شدہ افراد کی زندگی میں محبت کا عنصر داخل ہوجائے گا۔ اس قسم کی بات اس دن ہوسکتی ہے جس دن زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ و مشتری کی تسدیس ہوگی۔ اگر آپ کسی سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں، تعلیمی سرگرمیوں یا سیروتفریح کے لئے جا رہے ہیں تو اپنے ذاتی کاموں کا از سر نو جائزہ لیں۔ سفر میں کسی ایسے شخص سے ملاقات ہوگی۔ جس کی باتوں کا ذہن پر اثر لیں گے۔ نئے دوست اور تعلقات بنیں گے۔ آپ کو چاہیے کہ کسی بھی معاملے میں پڑنے سے قبل اچھی طرح سوچیں۔

عطارد طالع کے مقابل میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ اگر کاروبار یا روزگار سے متعلق کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ الجھن واضح ہو جائے گی اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ اس ماہ روزگار اور مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں

گے۔ عطارد کی موجودگی کی وجہ سے آپ کی زیادہ تر توجہ روزگار اور کام کے معاملات پر مرتب ہوگی۔ اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے۔ معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ تمام افراد کے لئے بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کرنے کی طرف توجہ دیں - عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخوں میں سعد نظرات کے تحت ہوگا۔

برج حوت۔ ستارہ مشتری، نپچون

حروف:- د۔ چ

پیدائش:- فروری ۲۰ تا مارچ ۲۰

اس ماہ آپ کا زیادہ تر وقت رشتہ داروں، شریک کار، سسرالی رشتہ داروں سے متعلق نئی ملاقاتیں اور تعلقات اور نئی حکمت عملی کی طرف رہے گی۔

عطارد چھٹے گھر میں موجود ہوگا اور ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ کاروبار یا روزگار سے متعلق آپ کو کسی معاملے نے الجھن میں ڈال رکھا ہے تو اب وہ واضح ہو جائے گا اور افواہوں یا لوگوں کی باتوں کی وجہ سے جو پریشانی تھی وہ بھی اب دور ہو جائے گی۔ اس ماہ روزگار اور مستقبل کے تحفظ سے متعلقہ معاملات کی طرف توجہ دیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو استعمال کریں گے۔ عطارد کی موجودگی کی وجہ سے آپ کی زیادہ تر توجہ روزگار اور کام کے معاملات پر مرتب ہوگی۔ اگر آپ کا اپنا کاروبار ہے یا نیا کاروبار شروع کرنے کا ارادہ ہے تو نئے مواقع میسر آئیں گے معمولی نوعیت کی رکاوٹوں پر باآسانی قابو پاسکیں گے اور آنے والا وقت زیادہ حوصلہ افزاء ثابت ہوگا۔ تمام افراد کے لئے بہتر یہ ہے کہ اس ماہ وہ اپنی کامیابیوں کو مزید مستحکم بنائیں اور پھر ایک مضبوط اور مستحکم بنیاد قائم کرنے کی طرف توجہ دیں تاکہ اسی بنیاد پر مستقبل میں منصوبوں کی تعمیر کرسکیں۔ تاہم عطارد ۶، ۱۰، ۱۹، ۲۴ تاریخوں میں سعد نظرات کے تحت ہوگا۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں ان کے لئے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔

۵ تاریخ کو عطارد مریخ کا مقابلہ ہوگا۔ دوستوں کے ساتھ تعلقات میں محتاط رہنا ہوگا۔ اس وقت خیالات اور سوچ نیا روخ اختیار کریں گے۔ جس کے باعث آپ کے اندر غیر ضروری خواہشات پروان چڑھیں گی۔ میراث اور ترکہ سے متعلقہ امور کی طرف توجہ دیں ان تمام معاملات کو تحریری طور پر لانے کی کوشش کریں۔ قانونی افراد سے مشورہ کریں۔

۹ تاریخ کو عطارد مشتری کی تربیع ہوگی۔ ایسے تمام کام جن میں روپیہ کا لین دین، سرمایہ کاری، کاروباری معاہدات اور ابتدائی کاموں کو شروع کرنے کے لئے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ کئی معاملات میں قانونی چارہ جوئی کرنی پڑے گی۔ گھریلو معاملات میں پریشانی اور اخراجات زیادہ ہونگے۔ سوشل تعلقات میں کسی شخص کی بات پر جھگڑا یا انا کا مسئلہ پیش آسکتا ہے۔ بینک سے قرضہ کا حصول میں رکاوٹیں ملیں گی۔

مریخ زائچے کے بارہویں گھر میں رجعت میں رہے گا۔ آپ کے اردگرد حاسدی افراد زبردست سرگرمی کا سبب بنیں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات غیر معمولی نوعیت کی تبدیلیوں اور پریشانیوں سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۸، ۱۴، ۲۰ تاریخ کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں لوگوں سے تکرار اور جھگڑے کا بھی خطرہ ہے۔ کیونکہ یہ آپ کی رائے سے اتفاق نہ کریں گے۔ تاہم ۱، ۶، ۱۰، ۱۸، ۲۳، ۲۷ تاریخیں پریشان کن قسم کے قریبی افراد سے نبٹنے کے لئے موافق ثابت ہونگی اور اگر اندر ہی اندر جو اختلاف اور غلط فہمیاں پریشان کر رہی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ تاہم آپ کو حکمت عملی اور بے حد سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوگا۔ کیونکہ کوا کبی رجحانات بے حد دھماکہ خیز صورت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ انہیں بے حد محتاط رہنا چاہئے۔

۲۲ تاریخ کو زہرہ مشتری کی تسدیس آپ کی بنیادی خواہشات کو حل کرنے میں مدد دے گی۔ اگر آپ کسی جگہ روپیہ لگانا چاہ رہے ہیں یا شراکت داری میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو یہ وقت آپ کی قسمت کو بدلنے میں اہم ثابت ہوگا۔ جن افراد سے قرضہ لینا ہے ان سے ملنے والی رقم آسانی سے نہ ملے گی اس کے لئے جدوجہد کرنی پڑے گی۔ اگر کچھ ملا تو قسمت بدلنے میں اہم ثابت ہوگا۔

ستارہ زہرہ ۱۱ تاریخ کو طالع کے مقابل آ جائے گا۔ اس گھر کا تعلق ہر قسم کی شراکتی معاملات اور قریبی تعلقات سے ہے۔ چنانچہ یہ وقت محبت کے معاملات کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے ان کے لئے آنے والا وقت موافق ثابت ہوگا اس وقت محبت کی بنیادوں پر قائم ہونے والے تمام بندھن مزید مضبوط ہو جائیں گے۔ اگر کسی بھی معاملے میں مسائل کا سامنا ہے تو ان کے حل کے لئے ۷، ۱۲، ۱۶، ۲۱، ۲۶ تاریخ کا انتخاب کریں کیونکہ ان دنوں زہرہ موافق نظرات کے تحت ہوگا۔ یہ تاریخیں محبت کے معاملات کے لئے بھی موافق ثابت ہونگی۔ زائچے میں ساتویں گھر میں زہرہ کی موجودگی ہر قسم کی تجدید تعلقات اور بندھن کے لئے موافق ثابت ہوگی۔ کوئی ایسی صورت حال جس میں کچھ لو اور کچھ دو کا معاملہ ہو تو زہرہ موافقت میں ہوگا۔ اگر آپ کسی اہم کاروباری معاملے کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں تو آپ کے حق میں بہتر پالیسی یہ ہے کہ آپ حکمت عملی سے کام لیں اور بڑے ڈپلومیٹک انداز میں کام کریں ویسے لوگوں کو ہم رائے بنانا اور ان کا دل جیتنا اتنا مشکل نہ ہوگا۔ مالی لحاظ سے یہ ماہ آپ اور آپ کے شریک دونوں کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ غیر ضروری خطرات مول نہ لیں اپنا حساب کتاب بالکل درست رکھیں۔

اسلام آباد

رسالہ روحانی دنیا اور کتابیں حاصل کرنے کے لئے

M/S مسٹر بک پرائیوٹ لمیٹڈ سپر مارکیٹ

جولائی کے ستارے



ذیل میں پہلی اور آخری تاریخوں میں ستاروں کے درجات دیئے گئے ہیں روزانہ مفصل رفتاروں کو برنی تقویم وکوا کبی گائیڈ ۲۰۱۸ء میں ملاحظہ کریں۔

۱ — شمس

یکم کو شمس ۹ درجہ برج سرطان پر ہوگا۔ ۲۳ تاریخ کو برج اسد میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۷ درجہ برج اسد پر پہنچ جائے گا۔

۲ — عطارد

یکم کو عطارد ۲ درجہ برج اسد پر ہوگا۔ ۲۷ تاریخ کو رجعت کر جائے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲۲ درجہ برج اسد پر پہنچ جائے گا۔

۳ — زہرہ

یکم کو زہرہ ۱۹ درجہ برج اسد پر ہوگا۔ ۱۱ تاریخ کو برج سنبلہ میں داخل ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲ درجہ برج سنبلہ پر پہنچ جائے گا۔

۴ — مریخ

یکم کو مریخ ۹ درجہ برج دلو پر بحالت رجعت پر ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۳ درجہ برج دلو پر پہنچ جائے گا۔

۵ — مشتری

یکم کو مشتری ۱۳ درجہ برج م ی عقرب پر بحالت رجعت ہوگا۔ ۱۱ تاریخ کو مستقیم ہوگا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۳ درجہ برج عقرب پر پہنچ جائے گا۔

۶ — زحل

یکم کو زحل ۵ درجہ برج جدی پر بحالت رجعت ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۳ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۷ — یورنس

یکم کو یورنس ۲ درجہ برج ثور پر ہوگا۔ پورا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۲ درجہ برج ثور پر پہنچ جائے گا۔

۸ — نپ چون

یکم کو نپ چون ۱۶ درجہ برج حوت پر بحالت رجعت ہوگا۔ سارا مہینہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۶ درجہ برج حوت پر پہنچ جائے گا۔

۹ — پلوٹو

یکم کو پلوٹو ۲۰ درجہ برج جدی پر بحالت رجعت ہوگا۔ سارا ماہ اسی برج میں حرکت کرے گا۔ ۳۱ تاریخ کو ۱۹ درجہ برج جدی پر پہنچ جائے گا۔

۱۰ — عقدتین قمر

یکم کو راس ۷ درجہ پر برج اسد پر رجعت کی حالت میں حرکت کریگا۔ ذنب ۵ درجہ برج دلو پر حرکت کریگا۔

۷ کو شرف قمر، ۱۰ کو زہرہ در سنبلہ، مشتری مستقیم، ۱۱ کو اوج شمس، ۱۳ کو سورج گرہن ●، ۱۴ کو نیا چاند ☾، ۱۵ کو یکم ذی قعدہ ۱۴۳۹ھ، ۲۰ کو قمر در عقرب، ۲۳ کو شمس در اسد ♌، ۲۶ کو رجعت عطارد، ۲۸ کو چاند گرہن ◐ ہوگا۔

ملتان

میں رسالہ، کتب و برنی تقویم حاصل کرنے کے پتے

مکتبہ قاسمیہ، کچہری روڈ

نظرات کواکب بمعہ اوقات و عملی ھدایت

ماہ جولائی ۲۰۱۸ء

سعد/نحس	وقت	اختصار	نظرات	علمی ہدایت ورہنمائی
				(اتوار ۱ جولائی ۲۰۱۸ء)
م	۴:۰۹	D☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں، اہم فیصلے کریں، تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
ن	۱۳:۰۲	D□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین، بینک، قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں، کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
				(پیر ۲ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۳:۵۵	D☍♀	قمر مقابلہ زہرہ	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں، حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ملے گی۔
				(منگل ۳ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۳۷	D✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت، اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۹:۲۶	D✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی، دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
س	۲۱:۵۷	D△☉	قمر تثلیث شمس	خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی منصوبہ بندی کریں، کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑ سکتی ہے۔
				(بدھ ۴ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۱:۲۰	D△♃	قمر تثلیث مشتری	روحانی علوم کی طرف توجہ دیں، کسی بزرگ کے مشورہ پر عمل کریں، قانونی معاملات کو حل کرنے کا بہتر وقت
م	۷:۱۹	D☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
س	۱۴:۴۵	D✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں، مفاد و اشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا، نئی سمت نظر آئے گی۔
				(جمعرات ۵ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۱۶:۰۳	☉△♃	شمس تثلیث مشتری	کسی بڑے معاہدے پر کام ملنے کی توقع ہے۔ کسی بھی موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دیں۔
ن	۱۶:۴۸	☿☍♂	عطارد مقابلہ مریخ	معاہدات اور مشینری کی لین دین میں انتشار و رکاوٹ ہوگی۔ کوئی اہم معاملہ ہاتھ سے نکل جائے گا۔
ن	۱۹:۵۵	D□♄	قمر تربیع زحل	قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔ کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
				(جمعہ ۶ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۴:۲۸	D✶♂	قمر تسدیس مریخ	اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے، ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
س	۳:۳۷	D△☿	قمر تثلیث عطارد	ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔ تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔
ن	۱۲:۵۰	D□☉	قمر تربیع شمس	اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں، مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے، صرف دوسروں کی سنیں۔
ن	۲۳:۵۳	D□♇	قمر تربیع پلوٹو	قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔ وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے، کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
				(ہفتہ ۷ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۱۲:۰۸	D△♀	قمر تثلیث زہرہ	تعلقات بنانے کا بہتر وقت، سماجی سرگرمیوں اور کلب سے متعلقہ کام بہتر رہیں گے۔
م	۲۱:۴۴	D☌♅	قمر قران یورنس	ذہنی پریشانی اور خیالات کا زیادہ اثر ہونے سے نیند نہ آئے گی، ٹینشن و ڈپریشن کا شکار ہونگے۔
				(اتوار ۸ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۵۸	D△♄	قمر تثلیث زحل	بڑی عمر کے افراد سے مشورہ ضرور کریں، رہائش کی تبدیلی یا خریداری بہتر رہے گی۔
ن	۸:۵۱	D□♂	قمر تربیع مریخ	کسی شخص کی ضد غصہ کا باعث بنے گی، تاہم کسی کام کو جلد بازی میں کرنے سے گریز کریں۔
ن	۱۵:۳۹	D□☿	قمر تربیع عطارد	خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں، مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
ن	۱۷:۲۹	D☍♃	قمر مقابلہ مشتری	قریبی افراد روپے کے معاملات میں جھگڑا کریں گے، ہر شخص اپنی اہمیت زیادہ جتائے گا۔
س	۱۹:۵۰	☉△♆	شمس تثلیث نپ چون	کوئی شخص آئے گا اور اہم اطلاع دے گا یا گھر میں سے کسی فرد کی ترقی خوشی کا باعث بنے گی۔
س	۲۲:۴۷	D✶♆	قمر تسدیس نپ چون	ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر و تفریح کریں، یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
س	۲۳:۰۰	D✶☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔

				(پیر ۹ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۵:۱۰	D△♆	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
ن	۱۴:۱۳	☿□♃	عطارد تربیع مشتری	کاروباری اور مالی معاہدات نہ کریں' تعمیری نوعیت کے کاموں میں رکاوٹیں ملیں گی۔
ن	۲۱:۰۹	D□♀	قمر تربیع زہرہ	تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
				(منگل ۱۰ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۱۱:۲۶	D△♂	قمر تثلیث مریخ	مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
س	۲۲:۲۲	D*☿	قمر تسدیس عطارد	عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
				(بدھ ۱۱ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۰۰	D□♆	قمر تربیع نپ چون	کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔
				(جمعرات ۱۲ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۰۸	D*♀	قمر تسدیس زہرہ	ذرائع آمدن کو بڑھانے کے نئے راستے ملیں گے' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں میں فائدہ۔
س	۲:۳۵	D*♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
ن	۶:۳۷	D☍♄	قمر مقابلہ زحل	بڑی عمر کے افراد کی بات پر سخت رویہ اختیار کریں' خاندانی جائیداد کا معاملہ بغیر کسی نتیجہ کے ختم ہوجائیگا۔
س	۸:۲۴	♀△♅	زہرہ تثلیث یورنس	اہم معاہدات اور معاملات کے لئے میٹنگ بہتر۔ خیالات کی وسعت سے بہتر نتائج حاصل کریں گے۔
ن	۱۴:۵۹	☉☍♇	شمس مقابلہ پلوٹو	اس وقت گھبراہٹ اور کچھ ہونے کی توقع۔ گھریلو باتوں کا تباہ کن اثر' جنسی تعلقات متاثر ہونگے۔
س	۲۰:۱۱	D△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
				(جمعہ ۱۳ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۰۰:۵۶	D△♆	قمر تثلیث نپ چون	اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔ اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ن	۶:۴۲	D☍♇	قمر مقابلہ پلوٹو	اہم مسئلے کو حل کریں۔ جدوجہد بہتر صورت حال لائے گی ادراکی قوتوں سے کام لینے کا بہتر وقت۔
م	۷:۴۷	D☌☉	قمر قران شمس	سوشل سرگرمیوں سے متعلق کاموں کے لئے بہتر' خاندانی تعلق بنانے کا بہتر وقت۔
				(ہفتہ ۱۴ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۲:۰۹	D□♅	قمر تربیع یورنس	خیالات کا انبار ہوگا' کچھ سوجھائی نہ دے گا نامکمل کاموں کی طرف توجہ دیں۔
ن	۱۰:۱۱	D☍♂	قمر مقابلہ مریخ	سفر ومشینری کے کاموں میں احتیاط رکھیں' جلد بازی میں کام نقصان دیں۔
س	۱۱:۴۳	♀△♄	زہرہ تثلیث زحل	خاص تعلق سے اہم کام نکلوائیں' زندگی کا اہم فیصلہ دورس نتائج دے گا۔ کاروباری مشورہ کرنے کا بہتر وقت۔
ن	۱۹:۴۳	D□♃	قمر تربیع مشتری	اہم کاغذات اور روپے کا دھیان رکھیں چوری یا گم ہونے کا اندیشہ ہے۔
				(اتوار ۱۵ جولائی ۲۰۱۸ء)
م	۴:۱۱	D☌☿	قمر قران عطارد	ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلہ کریں' تحریر وتقریر کے لئے موافق۔
				(پیر ۱۶ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۲:۲۰	D△♅	قمر تثلیث یورنس	اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
س	۵:۵۴	D△♄	قمر تثلیث زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
م	۹:۳۴	D☌♀	قمر قران زہرہ	اس وقت جذباتی ردعمل کا اظہار ہوگا۔ لوگوں میں زیادہ گھل مل جائیں گے' امیدیں پوری ہوسکتی ہیں۔
س	۲۰:۳۳	D*♃	قمر تسدیس مشتری	لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
				(منگل ۱۷ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۲۴	D☍♆	قمر مقابلہ نپ چون	اس وقت ماضی کے تعلق کے حوالے سے حال کے واقعات کا تجزیہ کرنے سے معاملات الجھ جائیں گے۔
س	۷:۲۸	D△♇	قمر تثلیث پلوٹو	خاندانی رسم ورواج اس وقت زیر بحث آئیں گے' کھوئے ہوئے وقار کو دوبارہ حاصل کریں۔
س	۱۵:۴۹	D*☉	قمر تسدیس شمس	گھر کے اندر زیادہ بحث مباحثہ ہوگا کچھ لوگ اہم کردار ادا کریں گے۔

ن	۸:۱۸	D□♄	قمر تربیع زحل
س	۱۱:۵۵	D△♂	قمر تثلیث مریخ
ن	۱۱:۴۲	D□♇	قمر تربیع پلوٹو
س	۱۴:۵۳	D✶☿	قمر تسدیس عطارد
ن	۰۰:۵۱	D□☉	قمر تربیع شمس
ن	۱۰:۴۱	D☍♅	قمر مقابلہ یورنس
س	۱۴:۰۴	D✶♄	قمر تسدیس زحل
ن	۱۷:۱۲	D□♂	قمر تربیع مریخ
س	۴:۳۹	D✶♀	قمر تسدیس زہرہ
م	۷:۲۸	D☌♃	قمر قران مشتری
س	۱۲:۳۸	D△♆	قمر تثلیث نپ چون
س	۱۹:۲۷	D✶♇	قمر تسدیس پلوٹو
ن	۱:۰۰	D□☿	قمر تربیع عطارد
س	۱۴:۱۷	D△☉	قمر تثلیث شمس
س	۱۴:۲۰	♀✶♃	زہرہ تسدیس مشتری
س	۱:۳۶	D✶♂	قمر تسدیس مریخ
ن	۲۰:۳۴	D□♀	قمر تربیع زہرہ
ن	۲۳:۰۶	D□♆	قمر تربیع نپ چون
س	۱۳:۲۱	D△☿	قمر تثلیث عطارد
ن	۰۰:۳۰	♀☍♇	زہرہ مقابلہ پلوٹو
س	۷:۴۸	D△♅	قمر تثلیث یورنس
م	۱۰:۴۵	D☌♄	قمر قران زحل
ن	۱۶:۳۳	☉□♅	شمس تربیع یورنس
س	۶:۳۱	D✶♃	قمر تسدیس مشتری
س	۱۱:۲۹	D✶♆	قمر تسدیس نپ چون
س	۱۵:۰۲	D△♀	قمر تثلیث زہرہ
م	۱۸:۴۰	D☌♇	قمر قران پلوٹو

(بدھ ۱۸ جولائی ۲۰۱۸ء)

قریبی لوگوں کی سازش کی زد میں آئیں گے۔کسی شخص پر بھروسہ نہ کریں۔
مشکلات کا سامنا کرنے کی پوری قوت ہوگی' تعمیری کاموں کے علاوہ ٹیکنیکل کاموں کی طرف توجہ دیں۔

(جمعرات ۱۹ جولائی ۲۰۱۸ء)

قریبی لوگوں پر بھروسہ نہ کریں۔وہ خود کسی کے فریب میں ہونگے' کوئی اہم کام شروع نہ کریں۔
عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔

(جمعہ ۲۰ جولائی ۲۰۱۸ء)

اہم کاموں کیلئے کوئی فیصلہ نہ کریں' مہربان لوگ بھی اس وقت عزت نہ کریں گے' صرف دوسروں کی سنیں۔
ذہنی پریشانی اور خیالات کے زیادہ اثر انداز ہونے سے نیند نہ آئے گی' ٹینشن وڈپریشن کا شکار ہونگے۔
رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
یہ وقت انتشار' دباؤ لاتا ہے' اچانک کسی بات پر جھگڑا ہوسکتا ہے' دیکھ کر چلیں کوئی حادثہ ممکن ہے۔

(ہفتہ ۲۱ جولائی ۲۰۱۸ء)

عملی کاموں کی طرف توجہ دیں' قریبی لوگ مددگار ثابت ہونگے' سفری امور بھی بہتر۔
جن افراد کے ساتھ تعلقات استوار کریں گے' وہ آپ کو فائدہ دیں گے۔کسی نیک کام میں حصہ لیں۔
اپنے خیالات اور رویئے کو جاننے کا وقت ہے۔اپنی برائیوں کو اندر سے نکالنے کی کوشش کریں۔
ذرائع آمدن کو بڑھانے کے لئے نئے راستے تلاش کریں' تخلیقی اور آرٹسٹک کاموں سے فائدہ۔

(اتوار ۲۲ جولائی ۲۰۱۸ء)

خیالات اور سوچ کو بہتر بنائیں' مراقبہ کریں اور غیر ضروری لوگوں سے نہ ملیں۔
خاندانی رشتوں کو بہتر بنانے کی لئے منصوبہ بندی کریں' کسی اہم تعلق کی بنیاد پڑسکتی ہے۔
اہم معاہدات اور فیصلے کے لئے سعد وقت' شادی بیاہ سے متعلقہ معاملات کو طے کرنے کا موافق وقت۔

(پیر ۲۳ جولائی ۲۰۱۸ء)

اس وقت ذہنی جسمانی طور پر چست ہوں گے' ہر کام کو آگے بڑھ کر کرنے کی صلاحیت ہوگی۔
تخلیقی نوعیت کے کاموں میں رکاوٹ ملے گی' تاہم تنقید زیادہ ہوگی' روپے کے معاملے میں محتاط رہیں۔
کسی معمولی بات پر جھگڑا ہوگا' خرید وفروخت میں ہوشیار رہیں' دھوکہ ہوگا۔

(منگل ۲۴ جولائی ۲۰۱۸ء)

ادراکی قوتوں کے ذریعے اپنے شعور کو طاقتور بنائیں۔تحریری کام اور سماجی سرگرمیاں موافق رہیں گی۔

(بدھ ۲۵ جولائی ۲۰۱۸ء)

محبت کے معاملات میں جھگڑے اور فساد' علیحدگی کی بنیاد بنیں گے' حکمت عملی سے مسئلہ حل کریں۔
اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
اتفاقی تبدیلی آئے گی' جدت پسند خیالات متاثر کریں گے اور نئی سمت کا آغاز ہوگا۔
کسی بھی ایسے فیصلے پر عمل درآمد نہ کریں جس سے عزت ووقار کو ٹھیس پہنچے۔

(جمعرات ۲۶ جولائی ۲۰۱۸ء)

ہر طرح سے لوگوں کی مہربانیاں ملیں گی' اپنے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
ذہنی انتشار کو کم کرنے کے لئے سیر وتفریح کریں' یا کسی روحانی محفل میں شرکت کریں۔
ذرائع آمدنی کو بڑھانے کا موقع ملے گا۔خوشیاں اور سیر وتفریح کے لئے وقت نکالیں۔
کتابوں کے ذریعے یا کسی شخص کے مشوروں کے ذریعے اپنے باطن کو صاف کریں۔

				(جمعہ ۲۷ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۱۰:۱۳	☉☌♂	شمس مقابلہ مریخ	یہ وقت اہم مالی وکاروباری معاملات کے لئے سودمند ثابت نہ ہوگا۔
ن	۲۰:۴۶	☽□♅	قمر تربیع یورنس	غیر متوقع تبدیلی آپ کو ذہنی انتشار میں مبتلا کرے گی' مراقبہ کے لئے بہتر وقت۔
م	۲۳:۴۷	☽☌♂	قمر قران مریخ	اپنے مقاصد اور اپنی بات پر ڈٹے رہیں' اہم فیصلے کریں' تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔
				(ہفتہ ۲۸ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۱:۱۹	☽☌☉	قمر مقابلہ شمس	سوشل سرگرمیوں میں کسی شخص کی بات جھگڑے کا باعث بنے گی' کوئی خوشی غم میں بدل جائے گی۔
س	۶:۲۱	♀△♆	زہرہ تثلیث پلوٹو	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
ن	۱۹:۴۶	☽□♃	قمر تربیع مشتری	لین دین' بینک' قرضہ کے معاملات کو بہتر کریں' کسی بھی قسم کا نقصان برداشت سے باہر ہوگا۔
				(اتوار ۲۹ جولائی ۲۰۱۸ء)
ن	۱۴:۲۴	☽☌☿	قمر مقابلہ عطارد	دوسروں کی چیزوں پر زیادہ نظر نہ رکھیں' حسد اور نفرت سے دوسروں کو تکلیف ہوگی۔
				(پیر ۳۰ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۹:۳۲	☽✶♅	قمر تسدیس یورنس	اپنے کام اور معاملات سے متعلقہ رکاوٹوں کا جائزہ لینے کا بہتر وقت' اپنی صلاحیتوں کا جائزہ لیں۔
س	۱۱:۴۷	☽✶♄	قمر تسدیس زحل	رحم دلی اور سخاوت اس وقت بڑھ جائے گی' دوسروں کی تیمارداری خوشی دے گی۔
				(منگل ۳۱ جولائی ۲۰۱۸ء)
س	۸:۲۲	☽△♃	قمر تثلیث مشتری	قلبی سکون کے لئے روحانی علوم کی طرف راغب ہوں' جو امید رکھیں وہ ضرور پوری ہوگی۔
م	۱۲:۲۹	☽☌♆	قمر قران نپ چون	دوستی اور اعتماد میں کمی آئے گی، دھوکہ اور فریب مل سکتا ہے، سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔
س	۱۹:۲۶	☽✶♇	قمر تسدیس پلوٹو	اپنے اصولوں کی طرف توجہ دیں' مفاد واشتراک کے کاموں میں فائدہ ہوگا' نئی سمت نظر آئے گی۔

بد قسمت زندگی کو بدلیے

۱۔ حب جاہ' لیڈری' شجاعت کے اسباب پیدا کرتی ہے۔

۲۔ یہ لوح دشمنوں اور مخالفوں کے عملی اقدام کو روکتی ہے۔ مخلفانہ حرکتوں کو ناممکن اور مخالف کا کوئی حربہ کامیاب نہیں ہوتا۔

۳۔ غیر متوقع نقصانات اور ترقی کے راستوں میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے سیریع التاثیر ہے۔

۴۔ ذرائع آمدن' سرمایہ کاری' گورنمنٹ سیکیورٹیز اور سرٹیفکٹ' ڈالر' پاونڈ' یورو' لاٹری' بانڈز وشیئرز میں وسیع نفع دیتا ہے۔

۵۔ وہ لوگ جو ہر دفعہ کام یا روزگار میں ناکام رہتے ہیں ان کی زندگی میں تبدیلی لاتا ہے۔ ناکامی کو کامیابی میں بدل دیتا ہے۔

۶۔ قلبی امراض' وجع المفاصل (گٹھیا)' دل کی دھڑکن کی تکلیف میں شفایابی دیتی ہے۔

ماہ جولائی کی ۱۵ تاریخ تک اس لوح کے لئے اپنا نام لکھوائیں

تمنا

انسان نہ صرف حوائجات اور ضروریات کا مجسمہ ہے۔ بلکہ تمناؤں اور آرزوؤں کا بھی مخزن ہے اس کی کوئی ایک تمنا نہیں ایک آرزو نہیں۔ بلکہ ہر صبح ایک تمنا اور ہر شام ایک آرزو پیدا کرتی ہے۔ دنیا کی طرف سے اس کی شکایت کبھی ختم نہیں ہوتی۔ یا بالفاظ خدا سے گلہ اور شکوہ ختم نہیں ہوتا۔ اس وجہ سے خدا نے انسان کو ناشکرا کہا ہے۔ بابا گورونانک عمر بھر اس تلاش میں رہے کہ کوئی شخص دنیا میں ایسا مل جائے جو یہ کہے کہ مجھے کوئی تمنا نہیں اسی نظارہ سے متاثر ہو کر آپ نے کہا۔

نانک دکھیا سب سنسارا
سرپ سکھیا سو نام او پارا

شکایت تو جب رفع ہو، جب تمناؤں اور آرزوؤں نیز حوائجات اور ضروریات کی کوئی حد ہو، یہاں تو ایک آرزو نکلی، نو دس آرزوئیں موجود ہیں۔ آخر اسی گلہ، شکایت، ترقی کی دُھن، میں ایک دن موت آ جاتی ہے اور سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر خالی ہاتھ جانا پڑتا ہے اور لطف یہ ہے کہ جس طرح ایک غریب مفلس تنگ دست دنیا کی شکایتوں سے لبریز ہے بالکل اسی طرح وہ بھی جو ہزار پانچ سو تنخواہ پاتا ہے آہ یہ دنیا کی شکایات کرنے والے اور تمناؤں کی کامیابی میں صبح شام کرنے والے شریعت اور روحانیت سے سبق نہیں لیتے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ کم سے کم دنیا کی احتیاج کرو اور احتیاج سے کم سے کم حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ دنیا میں وہ بھی زندہ ہیں جن کی آمدنی ہزاروں ہے وہ بھی زندہ ہیں جن کی آمدنی کچھ بھی نہیں۔ دونوں کی صبح و شام ہو جاتی ہے اور مرنے کے بعد دونوں برابر، بلکہ غریب امیر سے اچھا، ہماری تمناؤں نے، آرزوؤں نے، تکبر نے، غرور نے، تن آسانی نے، نام نہاد عزت نے، لذت عیش نے ہمیں دیوانہ بنا رکھا ہے، ورنہ حقیقی فکر کوئی بھی نہیں۔ جس قدر تفکرات ہیں ہماری پیدا کی ہوئی ہیں۔ قدرت نے کسی کے ساتھ کوئی فکر پیدا نہیں کی۔ زندگی ہر صورت بسر ہو جاتی ہے اور زندگی گزارنے کیلئے قدرت نے خود انتظام کیا ہے خدا نے وعدہ فرمایا ہے وفی السماء رزقکم وماتوعدون تمہارا رزق آسمانوں پر ہے اور ہم وعدہ کرتے ہیں کہ تم کو رزق معینہ پہنچائیں گے۔ انسان حرص و آز میں پھنس کر اپنی ضروریات خود پیدا کرتا ہے اور پھر اس میں الجھ کر مجسمہ تفکرات بن جاتا ہے۔ میرے دوستو دنیا کوئی دم کا تماشا ہے۔ عنقریب موت کی قوت ہماری آرزوؤں اور تمناؤں کے شیرازہ کو درہم برہم کرنے والی ہے بس جو کچھ ملتا ہے اس پر اپنے خرچ کو تقسیم کر لو اور چند ساعتیں ہیں ان کو ختم کر لو تم ہمیشہ کے واسطے دنیا میں نہیں آئے ہو بلکہ صبح و شام کے مسافر ہو، پھر سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا۔

ان والدین کے لئے جو اپنی اولاد کی تربیت، تعلیم، معاش

بچے اور ستارے

اور صحت کے سلسلہ میں تعمیری امیدیں رکھتے ہیں اور ان کی دنیاوی کامیابی کو خاندان کی سعادت اور بقاء سمجھتے ہیں۔

یہ کتاب بچوں کی تاریخ پیدائش سے چار امور کی رہنمائی کرے گی۔

۱ : اس کی تربیت کیسے کریں۔
۲ : اسے کون سی تعلیم دلائی جائے۔
۳ : اس کے لئے ملازمت کا یا کاروبار کا کونسا شعبہ خوش بختی لائے گا۔
۴ : اس کی صحت کیسے قائم رہ سکتی ہے۔

علاوہ ازیں خاندان کے اہم ریکارڈ کے لئے ۳۲ صفحات میں۔

(۱) تاریخ ہائے ولادت اولاد (۲) خاندان کے افراد کی تاریخ پیدائش (۳) شادیوں کا ریکارڈ (۴) خاندان کے افراد (۵) اموات کا ریکارڈ

۱۵۰ صفحات ❄ خوبصورت جلد ❄ قیمت =/۲۸۰ روپے علاوہ محصول ڈاک۔

ہر گھر بلکہ ہر فرد کے لئے اس کتاب کی ضرورت ہوگی۔

اوراق پبلشرز کراچی

روح قرآن (حصہ اول)

قرآنی حقائق و معارف کو آسان اور عام فہم زبان میں پیش کیا گیا اور زندگی کے ہر پہلو کا جواب قرآن کے اعجاز و کمال سے دیا گیا ہے۔ آیات قرآنی کا انتخاب مختلف عنوانات کے تحت ہے۔ انسان سوال کرتا ہے اور قرآن جواب دیتا ہے کا طرز اختیار کیا گیا ہے۔ اس حصہ میں ایمان بالغیب کے متعلق، فرشتوں، قیامت، رسول خدا اور کتابوں کے متعلق سوال و جواب ہیں۔

(قیمت =/۳۶۰ روپے)

اوراق پبلشرز کراچی

رسالہ، کتب، منازل قمر، قمر بروج میں، عملیات کے اوقات اور بہت کچھ اب آپ ہماری ویب سائٹ پر دیکھ سکتے ہیں

حضرت کاشف البرنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور محققانہ تصنیفات

۱- عامل کامل حصہ اول	جفری قواعد کے سریع التاثیر عملیات، اسماء، موکلات، دعوات	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۲- عامل کامل حصہ دوم	علم النقوش اور علم الالواح، علم تکسیر، علم الاعداد	قیمت ؛ ۵۵۰ روپے
۳- حل المقاصد	مستحصلہ عربی، اردو زبان میں سوال و جواب	قیمت ؛ ۱۴۸ روپے
۴- الساعت حصہ اول	روزانہ کام کرنے کی سعد اور نحس اثرات کا ساعتی نظام	قیمت ؛ ۴۵۰ روپے
۵- الساعت حصہ دوم	ساعتی نظام کی تفصیل معہ اعمال، اسماء، عزیمتیں، طلسم	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۶- رموز الجفر	تسخیر، شرفات کواکب، اسمائے الٰہی، جفر کے حصہ آثار پر عظیم کتاب	قیمت ؛ ۴۲۵ روپے
۷- عددوں کے حکومت حصہ اول	علم الاعداد کے تجربات، نظریات نام کے اعداد سے قسمت، غیبی نمبر	قیمت ؛ ۴۵۰ روپے
۸- عددوں کی حکومت حصہ دوم	کل امور ہائے زندگی کے علاوہ کی نسبت و زائچہ اعداد کی تشریح	قیمت ؛ ۳۶۰ روپے
۹- قواعد عملیات	عملیات کرنے والوں کے لئے جملہ معلومات	قیمت ؛ ۳۴۰ روپے
۱۰- اسباق النجوم	نجوم کی ابتدائی معلومات، برجوں کی تفصیل معہ زائچہ بنانا	قیمت ؛ ۳۸۰ روپے
۱۱- رجوع ہمزاد	ہمزاد کو قابو کرنے کے طریقے اور عملیات	قیمت ؛ ۱۸۰ روپے
۱۲- جذب القلوب	اعداد متحابہ کا نظریہ و عملیات محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۱۳- پتھروں کے سحری خواص	حصول برکات کے لئے جواہرات کا پہننا اور حقائق	قیمت ؛ ۲۸۰ روپے
۱۴- آثار النجوم حصہ اول	اصطلاحات و تشریحات، مکمل زائچے کی تفصیل	قیمت ؛ ۸۵۰ روپے
۱۵- آثار النجوم حصہ دوم	زائچہ کے پڑھنے کا طریقہ، کردار، شادی، روپیہ، تعلیم، پیشہ	قیمت ؛ ۳۸۰ روپے
۱۶- روح قرآن حصہ اول	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۱۷- روح قرآن حصہ دوم	قرآن سے عقائد کے سوال و جواب	قیمت ؛ ۳۵۰ روپے
۱۸- المختصر	عہد رسالت سے قرون اولی کی تاریخ	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۱۹- بچے اور ستارے	بچوں کی پرورش، تعلیم اور پیشہ کی رہنمائی	قیمت ؛ ۲۸۰ روپے
۲۰- تعلقات	زن و شوہر کی مزاجی اور مقسومی کیفیت جاننا	قیمت ؛ ۱۸۰ روپے
۲۱- تقویم المومنین	شرعی نقطہ نظر سے تاریخوں کا نیک و بد	قیمت ؛ ۱۵۰ روپے
۲۲- برنی تقویم برائے سال	جاری سال کے ستاروں کی رفتاریں، ہر شخص کے حالات، گرہن، سفر، سعد و نحس اوقات، کلینڈر	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۳- برنی روزانہ کواکبی گائیڈ	سرمایہ کاری، قمر سے متعلقہ کام، نظرات، ۱۸۰ صفحات پر مشتمل روزانہ کام کی اہم ڈائری	قیمت ؛ ۲۰۰ روپے
۲۴- تسویۃ البیوت	۲۴ گھنٹے پر مشتمل (ہر ۴ منٹ کا وقفہ) زائچے کے گھروں کے درجات۔ پاکستان کے سو شہروں	قیمت ؛ ۹۵۰ روپے
۲۵- اٹلس	دس ہزار (چھوٹے و بڑے شہروگاوں) پر مبنی پاکستان کی پہلی کتاب جس میں ہر شہروگاوں کا تفاوت وقت موجود ہے	قیمت ؛ ۱۲۰۰ روپے
۲۶- برنی کواکبی رفتاریں	۵۰ سال (۱۹۵۰ تا ۲۰۰۰ء) کی مکمل کواکبی رفتاریں، گرہن، رجعت و استقامت، اسلامی مہینے و تاریخ	قیمت ؛ ۱۲۵۰ روپے
۲۷- کواکبی کلینڈر	کواکب کی معلومات، نظرات، ستاروں کی رفتاریں، گرہن، منازل قمر، کواکب و قمر کا داخلہ معہ اوقات	قیمت ؛ ۱۰۰ روپے
۲۸- ضوء قمر	ہلال قمر (۱۹۰۰ تا ۲۰۲۵ء) عیسوی و ہجری کلینڈر	قیمت ؛ ۱۰۰ روپے
۲۹- تاشون (ناول)	حضرت کاشف البرنیؒ کی روحانی اور علمی کاوشوں کو کہانی میں ڈھال کر خوبصورت انداز میں لکھا ہے۔	قیمت ؛ ۵۰۰ روپے

رسالہ روحانی دنیا کا نمونہ مفت منگوائیں اس کا سالانہ چندہ =/۹۶۰ روپے بذریعہ رجسٹری ہے۔ رقم بذریعہ منی آڈر کریں یا رسالہ وی پی سے منگوائیں۔

حارث عثمانی پبلشرز نے بااہتمام اوراق پبلشرز سے چھپوا کر دفتر رسالہ روحانی دنیا، پی آئی بی کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰ سے شائع کیا


برنی اٹلس آف پاکستان
پاکستان کے تقریباً ۹ ہزار شہروگاؤں کے نام
شہر کا طول بلد اور عرض بلد
ہر مقام کا معیاری وقت (GMT سے فرق)
منطقہ وقت
گورنمنٹ نے کن سالوں میں اپنی گھڑیوں کو GMT سے تبدیل کیا
کسی بھی دو شہروں کے درمیان وقت کا فرق آسانی سے معلوم کریں
دیگر ممالک کے شہروں کے نام طول بلد اور عرض بلد اور
GMT سے ہر مقام کے وقت کا فرق
PUNJAB
BALOCHISTAN
تحریر و ترتیب: حارث عثمانی
اوراق پبلشرز اینڈ پرنٹرز کراچی

پتھروں کا سحر
آپ کی شخصیت پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے
درجہ اول درجہ دوم اور درجہ سوم کی وسیع ورائٹی
پتھر کی تشخیص کے لیے فارم منگوائیں

عملیات سے دلچسپی لینے والوں اور علم نجوم کے جاننے والوں

برنی تقویم 2018 کے لئے

میں آپ کی تمام ضروریات اور وقت کے حسابات دیئے گئے ہیں

اعلیٰ معیار، مستند اوقات

اس میں ہندوانہ حساب
نہیں ہوتا اور نہ ہی ہندوانہ
اصطلاحات دی جاتی ہیں

- استخراج طالع
- نقشہ تحویلات سیارگان
- ستاروں کے سعد ونحس اثرات
- نقشہ تفاوت وقت
- اسٹینڈرٹائم
- بروج طالع اور کواکب
- نظرات کے اثرات
- کواکب کا سعد ونحس اثر
- بارہ ماہ کے نظرات
- مدت اثرات کواکب
- تحویل آفتاب
- سیارگان کے مراتب کے اثرات
- اختیارات قمر
- زائچے کے بارہ گھروں کے منسوبات
- ساعات سیارگاں
- چاند اور سورج گرہن کے اوقات
- قمری حرکات
- تعطیلات وتہوار
- منسوبات کواکب
- عملیات کے اوقات
- طلوع وغروب وقت
- نیا چاند
- منازل قمر

برنی تقویم ممتاز درجہ رکھتی ہے جس میں

- ہر شخص کے سال بھر کے مکمل حالات معہ ان کی تقدیری اندازوں کی۔
- دنیا کے ممالک کے حالات وواقعات اور وقت کے مدوجزر۔
- آپ کا جو ستارہ ہے وہ کن وقتوں اور کن سالوں میں خوش قسمتی یا بدقسمتی لائے گا۔
- ہجری، عیسوی، بکرمی تاریخیں معہ ہر دن کے اثرات وواقعات
- سال بھر کے قریباً ۱۵۰۰ نظرات جو روزانہ زندگی میں دن بھر کی سعادت ونحوست کے اوقات کا اظہار کرتے ہیں
- جملہ کواکب کی روزانہ رفتار، رجعت واستقامت، طلوع وغروب، اوخال اور شرف وہبوط معہ اوقات
- عاملین، منجمین، کاروباری افراد، ملازمین، دوکاندار، مزدور ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک سال کی مکمل معلومات

دفتر سے برنی تقویم 2018 حاصل کریں یا قریبی ہاکر سے طلب فرمائیں۔ آرڈر آج ہی لکھیں

قیمت کتاب -/۲۰۰ + ڈاک خرچ + منی آڈر فیس = ۵۰+۷۵ =-/ ۳۲۵ روپے کی وی پی ہوگی

Phone: 021-34949944
E-mail: ruhanidunya@hotmail.com

اوراق پبلشرز، ابراہیم مارکیٹ، پی آئی بی کالونی، کراچی کوڈ نمبر ۷۴۸۰۰